# عہدِ فاروقی میں ریاستی اداروں میں صحابہ کرام کا کردار اور عصر حاضر میں اطلاقی جائزہ


**Submitted by**

HAFIZ SIKANDAR ABDULLAH

01-259222-005

**Supervised by**

Dr. RAHIM ULLAH

Assistant Professor BUIC

Department of Islamic Studies

School of Humanities and Social Sciences

BAHRIA UNIVERSITY, E-8 CAMPUS, ISLAMABAD


2023-2025

# عہد فاروقی میں ریاستی اداروں میں صحابہ کرام کا کردار اور

# عصر حاضر میں اطلاقی جائزہ


**Submitted by**

HAFIZ SIKANDAR ABDULLAH

01-259222-005

**Supervised by**

Dr. RAHIM ULLAH

Assistant Professor BUIC


A Thesis Submitted in the Fulfilment of the Requirement for the Award of

**The Degree in MS Islamic Studies (Islam and Life)**


Department of Islamic Studies
School of Humanities and Social Sciences
Bahria University, E-8 Campus, Islamabad
2023-2025

Bahria University
Discovering Knowledge

## SUPERVISOR'S STATEMENT

This is certified that the work contained in this thesis, entitled:

عہد فاروقی میں ریاستی اداروں میں صحابہ کرام کا کردار اور

عصر حاضر میں اطلاقی جائزہ

Has been carried out under my supervision by **Hafiz Sikandar Abdullah** is approved for submission in partial fulfilment of the requirement for the degree of MS Islamic Studies.

**Dr. RAHIM ULLAH**

Assistant Professor, Department of Islamic Studies

Bahria University, E-8 Islamabad

Bahria University
Discovering Knowledge

# THESIS COMPLETION CERTIFICATE

Student’s Name: Hafiz Sikandar Abdullah

Registration No: 01-259222-005

Programme of Study: MS Islamic Studies (Islam & Life)

Thesis Title:

عہدِ فاروقی میں ریاستی اداروں میں صحابہ کرام کا کردار اور عصرِ حاضر میں اطلاقی جائزہ

It is to certify that the above student's thesis has been completed to my satisfaction and, to my belief, its standard is appropriate for submission for Evaluation. I have also conducted plagiarism test of this thesis using HEC prescribed software and found similarity index at_and from single source is____that is within the permissible limit set by the HEC for the MS/MPhil/Equivalent degree thesis. I have also found the thesis in a format recognized by the BU for the MS/MPhil/Equivalent thesis.

**Principal Supervisor’s Name:** **Dr. RAHIM ULLAH**

**Signature:** ___________________

**Date:** ___________________

**Bahria University**
Discovering Knowledge

## AUTHOR'S DECLARATION

I, **Hafiz Sikandar Abdullah** hereby state that my MS thesis titled:

عہدِ فاروقی میں ریاستی اداروں میں صحابہ کرام کا کردار اور عصرِ حاضر میں اطلاقی جائزہ

is my own work and has not been submitted previously by me for taking any degree from this Bahria University, E-8 Islamabad Campus or anywhere else in the country/world.

At any time if my statement is found to be incorrect even after my Graduate the university has the right to withdraw/cancel my MS degree.

Name of Student: **Hafiz Sikandar Abdullah**

Student/Author's Signature:_____________

Date:_____________________________

**Bahria University**
Discovering Knowledge

## PLAGIARISM UNDERTAKING

I, Hafiz Sikandar Abdullah solemnly declare that the research work presented in the thesis titled

**عہدِ فاروقی میں ریاستی اداروں میں صحابہ کرام کا کردار اور عصرِ حاضر میں اطلاقی جائزہ**

is solely my research work with no significant contribution from any other person. Small contributions or help wherever taken has been duly acknowledged and that complete thesis has been written by me.
I understand the zero-tolerance policy of the HEC and Bahria University towards plagiarism. Therefore, I as an Author of the above titled thesis declare that no portion of my thesis has been plagiarized and any material used as reference is properly referred/cited.
I undertake that if I am found guilty of any formal plagiarism in the above-titled thesis even after the award of PhD degree, the university reserves the right to withdraw/revoke my MS degree and that HEC and the University have the right to publish my name on the HEC / University website on which names of students are placed who submitted plagiarized thesis.

Name of Student: **Hafiz Sikandar Abdullah**

Student/Author's Signature:_____________

Date:_______________________________

**Bahria University**
Discovering Knowledge

# کلماتِ تشکر

میں سب سے پہلے اللہ رب العزت کا لاکھ لاکھ شکر ادا کرتا ہوں کہ جس نے مجھ جیسے ادنیٰ طالب علم کو اس عظیم کام کی توفیق مرحمت فرمائی۔ اس کے بعد میں انتہائی شکر گزار اور احسان مند ہوں استاذی المکرم اور نگرانِ مقالہ پروفیسر ڈاکٹر رحیم اللہ صاحب اسسٹنٹ پروفیسر بحریہ یونیورسٹی اسلام آباد کا کہ جن کی مسلسل شفقت و مہربانی سے یہ کام پایہ تکمیل کو پہنچا، اور جنہوں نے مجھ ناچیز کی کوششوں کو سراہا اور اپنے نہایت قیمتی اور پر مغز علمی و ادبی مشوروں سے سرفراز فرما کر اس مقالہ کی قدر و منزلت کو بڑھا دیا۔

مادرِ علمی بحریہ یونیورسٹی اسلام آباد اور ادارہ علومِ اسلامی اسلام آباد کے وہ تمام اساتذہ کرام جن کی علمی و فکری رہنمائی ہمیشہ میرے شاملِ حال رہی اور میرے لیے تحقیق کے مراحل آسان ہوئے۔ جنہوں نے نہایت محبت وشفقت کے ساتھ استفادہ کے مواقع فراہم کیے۔ میں اپنے دوستوں کا بھی شکر گزار ہوں جنکی قیمتی آراء نے اس مقالے کی کامیاب تکمیل کے لیے میرا حوصلہ بڑھایا۔

سب سے آخر میں اپنی فیملی کا بھی شکر گزار ہوں کہ جنہوں نے مجھے میری بہت سی ذمہ داریوں سے فراغت دے کر علم و تحقیق کے میدان میں قدم رکھنے کے لئے کشادہ وقت عنایت کیا۔ (فجزاهم الله خيرا واحسن الجزاء)

Name of Student: **Hafiz Sikandar Abdullah**

Student/Author’s Signature:______________

Date:______________________________

# Abstract

This thesis, titled "The Role of the Companions in State Institutions during the Caliphate of Umar Farooq and its Applicability in the Modern Era," examines the foundational contributions of the Companions of the Prophet (PBUH) in the establishment and functioning of state institutions during the golden era of Caliph Umar bin al-Khattab (RA). While historical accounts extensively detail Umar's (RA) administrative reforms, there remains a research gap concerning the **specific, pivotal roles played by the Companions** in making these institutional transformations possible, and the direct applicability of these historical precedents to contemporary state governance.

The study addresses key questions: which state institutions were established during Umar's (RA) Caliphate, what was the role of the Companions (RA) in these institutions, and what actionable framework can be derived for public servants in modern Pakistan based on these historical contributions? Employing a **socio-historical and analytical methodology**, the research delves into primary and secondary sources to present a comprehensive overview of the administrative and welfare-oriented departments of the Farooqi era.

The thesis argues that Umar's (RA) Caliphate witnessed an unprecedented institutionalization of the Islamic state, where Companions (RA) served as **central advisors, provincial governors, judges, military commanders, finance administrators, and security officers**.... Their exemplary service, characterized by deep piety, intellectual acumen, and unwavering commitment, led to the widespread establishment of **justice and fairness,**

**the promotion of education and knowledge, the practical realization of a welfare state, and robust public security**....

Crucially, the study identifies **seven core principles** underpinning Umar's (RA) governance: **Shura (consultation), Adl (justice), Musawat (equality), Rabbaniyyah (divine orientation), Azadi (freedom), Jihad (holistic struggle), and Amanat (trust/accountability)**. These principles, deeply rooted in Islamic teachings, offer a **comprehensive and actionable blueprint for Pakistan** as an ideological state. The thesis concludes that by applying these timeless principles, Pakistan can effectively address its contemporary challenges of **corruption, injustice, lack of accountability, and socio-economic disparities**, fostering a just, transparent, and welfare-oriented state in line with its ideological aspirations.

# فہرست


Abstract ........ VIII

باب اول: تعارف تحقیق اور عہد فاروقی کے نمایاں ادارے ........ 4

پہلی فصل: تعارفِ موضوع ........ 5

تحقیقی خلاء ........ ۷

بیان مسئلہ ........ ۷

سوالات تحقیق ........ ۷

مقاصد تحقیق ........ ۷

ضرورت واہمیت تحقیق: ........ ۷

موضوع سے متعلق سابقہ تحقیقی کام کا جائزہ: ........ ۸

کتب: ۸

مقالہ جات وآرٹیکلز: ........ ۸

منہج تحقیق ........ ۹

Data Collection and Data Analysis ........ ۹

تحقیقی اخلاقیات ........ ۹

تحقیق کا دائرہ کار ........ ۹

حوالہ جات وکتابیات ........ ۱۰

دوسری فصل: عہد فاروقی کے نمایاں ادارے ........ 10

پہلا ادارہ: وزارتِ مذہبی امور اور اوقاف ........ 11

دوسرا ادارہ: وزارتِ تعلیم ........ 14

تیسرا ادارہ: وزارتِ مالیہ، تجارت اور معیشت ........ 18

۶۔ بیت المال کی حفاظت: ذمہ داری کا اعلیٰ نمونہ ........ ۲۰

الف: زکوٰۃ اور صدقات کی ذمہ داری ..................................................... ۲۱
ب: جزیہ اور خراج کے مشہور نگران ..................................................... ۲۱
ج: بیت المال کی عمومی نگرانی ..................................................... ۲۱
چوتھا ادارہ: وزارتِ عدل ..................................................... 30
چھٹا ادارہ: وزارتِ منصوبہ بندی اور تعمیر و ترقی ..................................................... 36
فصل اول: عہد فاروقی میں انتظامی اور رفاہی اداروں میں مختلف عہدوں پر فائز صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا تعارف ..................................................... 46
مرکزی مشیران و مشاورت کا نظام (Central Advisors / Ministers)..................................................... 47
عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ ..................................................... 48
حضرت علی کرم اللہ وجہہ ..................................................... 55
سیّدنا علی رضی اللہ عنہ عہد فاروقی میں ..................................................... 56
حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ ..................................................... 62
حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ ..................................................... 66
حضرت معاذ بن جبل عہد فاروقی میں ..................................................... 66
حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ ..................................................... 68
حضرت زبیر بن عوام عہد فاروقی میں ..................................................... 73
حضرت طلحہ بن عبید اللہؓ ..................................................... 74
حضرت طلحہ عہد فاروقی میں ..................................................... 75
حضرت سعد بن ابی وقاصؓ ..................................................... 77
گورنری و علاقائی نظم و نسق (Provincial Governors / Regional Administrators)....... ۷۸
حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ ..................................................... 79
حضرت عمرو ابن العاص عہد فاروقی میں ..................................................... 80
حضرت امیر معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہما ..................................................... 82
حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ عہد فاروقی میں ..................................................... 82
حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ – بصرہ کے والی ..................................................... 87

حضرت عتبہ بن غزوان رضی اللہ عنہ – بصرہ کے بانی گورنر ....................................................89
حضرت عتبہ بن غزوان عہد فاروقی میں ....................................................90
حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ – کوفہ کے والی ....................................................91
یزید بن ابی سفیان رضی اللہ عنہ – دمشق کے ابتدائی والی ....................................................92
زیاد بن لبید رضی اللہ عنہ – حضر موت (یمن) کے والی ....................................................94
گورنری یمن (حضر موت) و حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا دور ....................................................94
عدالتی و قانونی نظام ................................................... (Judges / Chief Justices)
۹۶
عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ....................................................96
عسکری قیادت و دفاعی نظم (Military Commanders / Defense Chiefs) ...................... ۹۹
سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ ....................................................99
ابو عبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ ....................................................100
خالد بن ولید رضی اللہ عنہ ....................................................102
عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ ....................................................103
شرحبیل بن حسنہ رضی اللہ عنہ ....................................................104
یزید بن ابی سفیان رضی اللہ عنہ ....................................................105
انس بن مالک بن نضر ....................................................105
مالی نظم و نسق (Finance Administrators / Treasury Officers) ......................... ۱۰۷
داخلی سلامتی و سرحدی تحفظ (Security Officers / Intelligence Supervisors) ............ ۱۰۸
حذیفہ بن یمان ....................................................109
فصل دوم: عہد فاروقی میں انتظامی اور رفاہی اداروں میں صحابہ کرام کی خدمات کے اثرات ....................................................112
فلاحی ریاست کا قیام .................................................... ۱۱۴
باب سوم: پاکستانی ریاستی اداروں میں سرکاری مناصب پر فائز افراد کے لیے لائحہ عمل ....................................................119
فصل اول: خلافتِ فاروقی کے بنیادی اصول—ایک نظریاتی ریاست کا عملی خاکہ ....................................................121

پاکستان میں معنویت: ........................................ ۱۳۲
فصل دوم: خلافتِ فاروقی کے اصول اور پاکستان—ایک نظریاتی ریاست کے لیے رہنما ماڈل ........................................136
نتائج ........................................146
سفارشات ........................................147
فہرست آیات ........................................148
فہرست احادیث ........................................148
فہرست آثار ........................................148
فہرست اعلام ........................................151
فہرس الاماکن والبلدان ........................................ ۱۵۴
مصادر و مراجع ........................................155

## باب اول: تعارف تحقیق اور عہد فاروقی کے نمایاں ادارے

فصل اول: تعارف موضوع

فصل دوم: عہد فاروقی کے نمایاں ادارے

# پہلی فصل: تعارفِ موضوع

صحابہ کرام میں سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا مقام بہت بلند ہے۔ آپ کی شخصی صلاحیت کا ہی اثر تھا کہ خود نبی کریم ﷺ نے آپ کے قبول اسلام کے لیے دعا فرمائی۔ مکہ مکرمہ میں شجاعت و بہادری اور فیصلہ سازی میں آپ معروف تھے۔ ابتداً اسلام کے سخت مخالفین میں سے تھے حتی کہ نبی کریم ﷺ پر دست درازی کے ارادے سے گھر سے نکلے۔ راستے میں ایسے پلٹے کہ نبی کریم ﷺ کے قدم مبارک میں حاضری دی تو شہادت کا کلمہ ادا کیا۔ آپ نے اسلام قبول کیا تو سر عام اعلان کیا اور مسلمانوں کو اعتماد نصیب ہوا۔ ہجرت کے وقت بھی اعلانیہ ہجرت کی۔ قبول اسلام سے لے کر شہادت تک دین کی بے حساب خدمت میں مشغول رہے۔ علم و فضل، اصابت رائے، جرات اقدام میں آپ ضرب المثل تھے۔ آپ واحد صحابی ہیں کہ جن کی رائے کے موافق ۲۷ مرتبہ وحی نازل ہوئی۔

صحبت نبوی ﷺ کی برکت سے آپ کے کمالات باطنی کو نکھار ملا۔ نبی کریم ﷺ کے وزیر کی حیثیت سے خدمت انجام دی۔ نبی کریم ﷺ مشاورت میں آپ کو شریک رکھتے۔ اہم معاملات میں آپ کی رائے لیتے تھے۔ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کے دور میں بھی آپ قریب ترین رہے حتی کہ وفات کے وقت حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ آپ کو اپنا جانشین اور مسلمانوں کے لیے خلیفہ مقرر کیا۔ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کی دور اندیشی اور بصیرت نے کرشمہ دکھایا اور ایسے کٹھن حالات میں آپ کی طبیعت کی تیزی اور اصابت رائے کام آئی۔ آپ کے جرات اقدام کی وجہ سے ایک طرف مسلمانوں کو سہارا ملا اور اور مفتوحہ علاقوں میں داخلی امن و امان نصیب ہوا۔ دوسری طرف خارجی شر انگیزیوں کے خلاف توجہ کا موقع ملا اور مسلمانوں کو غیر معمولی فتوحات نصیب ہوئیں۔ مصر، ایران، روم، شام، آرمینا اور آذربائیجان تک کے علاقے فتح ہوئے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں اسلامی ریاست اور امت میں حیرت انگیز اور زبردست ترقی ہوئی۔ اس ریاست کا حیات بخش اثر اس کے تمام عناصر، اعضاء اور اداروں میں یکساں طور پر جاری ہوا۔ اس کا اثر ہر گوشے کو تازگی بخشا، اور اس نئے مضبوط جسم کو تیزی سے پروان چڑھاتا رہا۔ یہ ترقی دنیا کے لیے ایک عظیم اور بنیادی انقلاب کا پیش خیمہ ثابت ہوئی جس نے وقت کی بڑی بڑی سلطنتوں کو ہلا کر رکھ دیا، اور مشرق و مغرب کے لوگ اس کا چرچا کرنے لگے۔

اسلامی امت، جو اس نئے دین سے وحدت، قوت اور ربانی شعور حاصل کر چکی تھی، اب دیگر امتوں کی وارث بن چکی تھی، اور ان پر حکمرانی کرنے والے افراد دنیا کے امام اور اس کے وارث بن چکے تھے۔ ایسی شاندار ریاست کی تشکیل میں وہ عبقری صلاحیت نمایاں طور پر سامنے آئی، جس کی طرف رسول اللہ ﷺ نے اشارہ فرمایا تھا:

(فلم أرَ عبقرياً من الناس يفري فريّه)[1]

"میں نے کسی عبقری (ذہین و فہیم) شخص کو نہیں دیکھا جو اس (عمر) جیسا کام کر جائے۔"

---

[1] البخاري، محمد بن إسماعيل. الجامع الصحيح المسند المختصر من أمور رسول الله صلى الله عليه وسلم وسننه وأيامه. كتاب التعبير، باب نزع الماء من البئر حتى يروى الناس، حديث رقم 3682.

آپ نے عوامی رفاہ کے لیے ادارہ جاتی تنظیم کی طرف خصوصی توجہ کی اور دسیوں نئے شعبہ جات قائم کیے۔ عدل وانصاف پر مبنی اصول حکمرانی کی وجہ سے پوری مملکت میں خوشحالی ہی خوشحالی تھی۔ان شعبہ جات کے قیام اور عدل وانصاف کو ممکن بنانے میں آپ کا ساتھ نبھانے میں صحابہ کرام نے برابر کردار ادا کیا۔ آپ کی مجلس شوری سے لیکر جنگی میدانوں تک، مکاتب، درس گاہوں اور تعلیمی حلقوں سے لے کر کفر کے ایوانوں تک صحابہ کرام آپ کے ساتھ قدم بہ قدم موجود تھے۔ جیسے آپ کی مجلس شوری میں سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ، سیدنا علی المرتضی رضی اللہ عنہ، حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ، حضرت زبیر رضی اللہ عنہ، حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ، حضرت عباس بن عبدالمطلب اور آپکے بیٹے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما اور انصار کے سردار حضرت ابی بن کعب، حضرت معاذ بن جبل اور حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنھم تھے، علم وفضل میں حضرت ابوھریرہ، حضرت زید بن ثابت، حضرت عبداللہ بن عمر، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ، حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنھم تھے، افتاء اور قضاء میں حضرت علی المرتضی، زید بن ثابت، حضرت سعد بن ابی وقاص، حضرت ابوموسی اشعری رضی اللہ عنہم تھے، مساحت وپیائش کے لیے عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ اور جنگی میدانوں میں حضرت ابوعبیدہ بن الجراح، خالد بن ولید اور عمرو بن العاص رضی اللہ عنہم، ادارتی نظم ونسق کے لیے حضرت معاویہ بن ابوسفیان اور حضرت ابوہریرۃ، ابوموسی اشعری، سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہم وغیرہ تھے۔

حاصل کلام یہ ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تجدیدی کارمانے سرانجام دیے ہیں اور ان میں سے بھی خاص طور پر ادارہ جاتی سطح پر نئے شعبہ جات قائم کرنے اور نظم ونسق قائم کرنے میں دیگر صحابہ کرام نے بھی کلیدی کردار ادا کیا ہے۔اس لیے جہاں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی حیات خدمات اور انتظامی پہلو پر لکھا گیا ہے اور لکھا جاتا ہے وہیں پر ضرورت اس امر کی ہے کہ آپ کے ریاستی سطح کے تجدیدی کارناموں کو ممکن بنانے والے صحابہ کرام کے نام اور متعلقہ شعبہ جات کی خدمات سامنے لائی جائیں۔

عہد فاروقی میں قائم ہونے والے درج ذیل اداروں پر کام کیا گیا ہے:

- محکمہ اسلامی شعائر کی تنظیم
- محکمہ تعلیم وتربیت
- وزارت مالیات
- وزارت عدل
- پولیس کا نظام
- منصوبہ بندی، تعمیر اور ترقی کا ادارہ
- نظام مواصلات ونقل وحمل
- بحران کے حل کا انتظام

مذکورہ بالا اداروں میں کام کرنے والے صحابہ کرام کی خدمات کو واضح کیا جائیگا اور عصر حاضر میں سرکاری اداروں میں فرائض سرانجام دینے والے حضرات کے لیے صحابہ کرام کی زندگی سے لائحہ عمل پیش کیا جائیگا۔

## تحقیقی خلاء

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی اصلاحات اور خدمات کی تعداد، اصول اور طرز عمل کے متعلق متعدد پہلوؤں سے کام ہوا ہے۔ مگر آپ کی ان اصلاحات کے عمل میں صحابہ کرام میں سے کون کون آپ کے ساتھ شریک تھے۔اس کے متعلق کام نہیں ہوا۔اس لیے ضرورت ہے کہ ان اصلاحات کے عمل میں شامل صحابہ کرام کی کے نام اور خدمات الگ سے سامنے لائی جائیں جو کہ حضرت عمر کی مردم شناسی کو واضح کرتی ہیں کہ آپ نے ہر عہدے اور منصب کے لیے بہترین افراد کا انتخاب کیا۔

## بیان مسئلہ

موضوع تحقیق کا بنیادی مسئلہ یہ ہے کہ عہد فاروقی میں سرکاری شعبہ جات کے قیام اور ان کے نظم و نسق سے وابستہ صحابہ کرام کی خدمات سامنے لانا اور ان کی روشنی میں عصر حاضر میں پاکستان کے ادارہ جاتی نظم و نسق میں خدمات کے لیے لائحہ عمل پیش کرنا۔

## سوالات تحقیق

۱۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور میں کون کون سے ریاستی ادارے قائم ہوئے ؟

۲۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور میں ریاستی اداروں میں صحابہ کرام کا کیا کردار تھا؟

۳۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ریاستی اداروں کی پالیسیوں کی روشنی میں عصر حاضر میں پاکستانی ریاستی اداروں میں خدمات کا لائحہ عمل کیا ہونا چاہیے ؟

## مقاصد تحقیق

۱۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور میں سرکاری مناصب پہ فائز صحابہ کرام کی خدمات سامنے لانا۔

۲۔ عصر حاضر میں حکومتی مناصب پہ فائز افراد کے لئے لائحہ عمل پیش کرنا۔

۳۔ عہد فاروقی میں ادا کی گئی خدمات کی عصر حاضر میں عملی تطبیقات پیش کرنا۔

## ضرورت واہمیت تحقیق:

عہد فاروقی میں تجدیدی کارہائے نمایاں، خاص طور پر، رفاہی اصلاحات و انتظامی ادارہ جات کے قیام میں دیگر صحابہ کرام کا کلیدی کردار عصر حاضر میں حکمرانوں کے لئے انتظامی ڈھانچے کی تشکیل میں ممد و معاون ہے۔اس لیے جہاں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی سیرت، خدمات اور انتظامی پہلوؤں پہ قلم کشائی کی گئی وہیں ضرورت اس امر کی ہے کہ آپ کے ریاستی سطح کے تجدیدی کارناموں کو ممکن بنانے والے صحابہ کرام کے اسماء اور متعلقہ شعبہ جات کی خدمات پہ روشنی ڈالی جائے اور عصرِ حاضر میں حکمرانوں کے لیے عملی تجاویز پیش کی جائیں۔

## موضوع سے متعلق سابقہ تحقیقی کام کا جائزہ:

### کتب:

صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی زندگیوں کے متعلق اعلام اور تراجم کی کتب میں تفاصیل موجود ہیں لیکن ان کتب میں عہد فاروقی میں ادارہ جاتی اصلاحات میں خدمات مستقل طور پر ذکر نہیں کی گئیں۔ مثلا

- محمد بن سعد البصری، طبقات ابن سعد، مترجم، عبد اللہ العمادی، کراچی، دار الاشاعت
- ابو نعیم اصفہانی، حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء، مترجم محمد یوسف، کراچی، دار الاشاعت
- علی بن محمد الجزری، اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ، مترجم عبد الشکور لکھنوی فاروقی، کراچی، المیزان
- ذہبی، شمس الدین احمد بن عثمان، سیر اعلام النبلاء، بیروت، موسسۃ الرسالۃ

ان کے علاوہ بہت سی ایسی کتابیں ہیں جن میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خلافت اور نظم نسق کا ذکر کیا گیا ہے۔ مثلا

- نعمانی، شبلی، الفاروق، کراچی، دار الاشاعت

اس کتاب میں علامہ شبلی نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے حالات زندگی، خلافت و حکومت اور تجدیدی کارناموں کو تفصیل سے ذکر کیا ہے اور ضمن میں کہیں کہیں متعلقہ صحابہ کرام کا ذکر بھی کیا ہے۔ لیکن ان صحابہ کرام کا مستقل ذکر نہیں کیا گیا۔

- الصلابی، علی بن محمد، فصل الخطاب فی سیرۃ عمر بن الخطاب، مترجم شمیم احمد وعبد المعین، ریاض، دار الفرقان

حضرت عمر کے متعلق مفصل کتاب جس میں خلافت اور اس کے متعلقہ امور پر سیر حاصل بحث کی گی ہے۔ مگر متعلقہ صحابہ کرام کا مستقل ذکر نہیں کیا گیا۔

- الشیخ، عبد الستار، عمر بن الخطاب، دمشق، دار القلم، ۲۰۱۲ء
- حمدی احمد ابو حمدیہ، الادارۃ السیاسیۃ فی عھد امیر المومنین عمر بن الخطاب، دار المامون،
- سیف اللہ خالد، سیرت عمر فاروق، لاہور، دار الاندلس،
- آل عیسی، عبد السلام بن محسن، شہید المحراب الفاروق عمر بن الخطاب، کویت، مرکز البحوث والدراسات
- ابن جوزی، عبد الرحمن، مناقب امیر المومنین عمر بن الخطاب، بیروت، دار الکتب العلمیہ
- محمد حسین ہیکل، حضرت عمر فاروق، لاہور، المیزان

### مقالہ جات و آرٹیکلز:

- ممتاز احمد سالک، حضرت عمر کی اجتہادی بصیرت اور عصر حاضر، جامعہ پنجاب، لاہور، ۲۰۰۲ء
- عبد الوہاب، حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا عدل وانصاف اور معاشرے پر اس کے اثرات، کراچی، جامعہ کراچی
- سعید الرحمن، حضرت عمر فاروق کے عہد میں نظام بیت المال اور اس کا اطلاقی جائزہ، ملتان، بہاء الدین زکریا یونیورسٹی
- ناظم محمود، حضرت عمر خطاب پر لکھی گئی کتب، لاہور، جامعہ پنجاب

## منہج تحقیق

یہ مقالہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے عہد مبارک میں سرکاری اور ادارہ جاتی شعبہ جات کے قیام اور اصلاحات سے وابستہ صحابہ کرام کی خدمات اور علما کرام کے متعلق سماجی، تاریخی اور تجزیاتی مطالعہ (Socio Historical and Analytical Study) پر مشتمل ہے۔ جس میں تین ابواب ہیں۔ پہلے باب میں تاریخی مطالعہ ( Historical Study) ہے۔ جس میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں قائم ہونے والے اداروں کے تعارف کے متعلق روایات جمع کی گئی ہیں۔

دوسرا باب تاریخی، بیانیہ اور تجزیاتی مطالعہ پر مشتمل ہے۔ جس میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ دور میں مختلف سرکاری محکموں میں خدمات سرانجام دینے والے صحابہ کرام کا تذکرہ کیا گیا ہے اور ان صحابہ کرام کی خدمات کے اثرات کا تجزیہ پیش کیا گیا ہے۔

تیسرے باب میں بیانیہ اور تجزیاتی طریقہ کار ( Descriptive and Analytical method) اختیار کی گیا ہے۔ جس میں پاکستان میں سرکاری مناصب پر خدمات کی اہمیت اور ضرورت کو بیان کیا گیا ہے اور مناصب پر فائز افراد کے لیے لائحہ عمل پیش کیا گیا ہے۔ آخر میں ان نتائج اور اثرات کی روشنی میں مختلف تجاویز پیش کی گی ہیں۔

## Data Collection and Data Analysis

معلومات اور استدلالات کی ترتیب وتدوین میں بنیادی مصادر اور مراجع کی طرف رجوع کیا گیا ہے۔ البتہ بوقت ضرورت ثانوی مصادر سے بھی استفادہ کیا گیا ہے۔ نیز جو اصطلاحات استعمال ہوئی ہیں، حاشیے میں ان کی وضاحت کی گئی ہے۔ مقالہ ہذا کی تکمیل کے لیے آرکائیو ڈاٹ کام، محدث ڈاٹ کام، مکتبہ وقفیہ، مکتبہ شاملہ، مکتبہ جبریل اور دیگر مختلف ویب سائٹس وغیرہ سے مدد لی گئی ہے۔

## تحقیقی اخلاقیات

۱۔ مقالے میں مذکور شخصیات کا مکمل احترام ملحوظ رکھا گیا ہے۔
۲۔ مقالے میں آداب رائے کے اصولوں کو ملحوظ رکھا گیا ہے۔
۳۔ مقالے میں دیانتداری کے ساتھ آراء کا تجزیہ کیا گیا ہے۔
۴۔ عبارت نقل کرنے میں ہر عبارت کا حوالہ دیا گیا ہے۔۔
۵۔ عربی اور انگلش کی اقتباسات نقل کرنے کے ساتھ ترجمہ کا اہتمام بھی کیا گیا ہے۔
۶۔ مقالے میں غیر سنجیدہ اور ناشائستہ زبان وبیان سے مکمل اجتناب کیا گیا ہے۔

## تحقیق کا دائرہ کار

۱۔ تحقیق کو متعین کرنے اور تطویل سے بچانے کے لیے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور خلافت کا انتخاب کیا گیا ہے۔
۲۔ آپ کے دور میں مختلف سرکاری محکموں پر خدمات انجام دینے والے صحابہ کرام کو منتخب کیا گیا ہے۔
۳۔ ان صحابہ کرام کی خدمات کی روشنی میں عصر حاضر میں سرکاری اداروں میں خدمات کے لائحہ عمل پیش کیا گیا ہے۔

**حوالہ جات وکتابیات**

مقالہ ہذامیں حوالہ جات اور کتابیات کے لیے بحریہ یونیورسٹی کا بحریہ یونیورسٹی کے لیے طے کردہ فارمیٹ استعمال کیا گیا ہے۔

ابواب وفصول

| | |
|---|---|
| باب اول: | تعارفِ تحقیق |
| فصل اول: | تعارفِ موضوع |
| فصل دوم: | عہد فاروقی میں قائم ہونے والے انتظامی اور رفاہی اداروں کا تعارف |
| باب دوم: | عہد فاروقی میں ریاستی اداروں میں صحابہ کرام کی خدمات |
| فصل اول: | عہد فاروقی میں انتظامی اور رفاہی اداروں میں مختلف عہدوں پر فائز صحابہ کرام کا تعارف |
| فصل دوم: | عہد فاروقی میں انتظامی اور رفاہی اداروں میں صحابہ کرام کی خدمات کے اثرات |
| باب سوم: | پاکستانی ریاستی ادروں میں سرکاری مناصب پہ فائزافراد کے لیے لائحہ عمل |
| فصل اول: | خلافتِ فاروقی کے بنیادی اصول۔ایک نظریاتی ریاست کا عملی خاکہ |
| فصل دوم: | خلافتِ فاروقی کے اصول اور پاکستان۔ایک نظریاتی ریاست کے لیے رہنماماڈل |

## دوسری فصل: عہد فاروقی کے نمایاں ادارے

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک ایسی ریاست قائم کی جو اپنے وقت کی بڑی بڑی سلطنتوں کے شانہ بشانہ چلنے لگی، بلکہ انہیں پیچھے چھوڑ کر برتری حاصل کی اور ان کے ظلم واستبداد کو مٹادیا۔

اس عظیم المرتبت شخصیت نے ریاست کی بنیادوں کو مضبوطی سے رکھا اور اس کا ہمہ جہت، منظم اور مکمل ڈھانچہ قائم کیا۔ چاہے وہ دین اور اس کے شعائر ہوں، تعلیم وتربیت کا نظام ہو، مالیات ومعیشت ہوں، نئے شہروں کی تعمیر اور ان کی منصوبہ بندی ہو، ذرائع آمد ورفت ہوں، یا گورنروں، سپہ سالاروں اور قاضیوں کا انتخاب ہو؛ ہر شعبے میں ان کی رہنمائی موجود تھی۔

ریاست کی وسعت اور فتوحات کی تحریکیں ہوں، یا نظم ونسق اور احتساب کا نظام، یا زندگی کے تمام شعبوں میں عدل وحق کے میناروں کا قیام، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی ریاست ان سب میں ممتاز اور مثالی رہی۔ اسلامی ریاست کا شاید ہی کوئی نظام ہو جس کی ابتدا حضرت عمر کے دور میں نہ ہوئی ہو۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی شخصیت اس لیے بھی زیادہ قابل تعظیم نظر آتی ہے کہ وہ صرف نگرانی اور ہدایت دینے والے نہیں تھے بلکہ خود محنت کرتے، اپنے کندھوں پر بوجھ اٹھاتے اور ذاتی طور پر معاملات کی نگرانی فرماتے۔ ان کے ہر اقدام میں رائے، اجتہاد، تحریر، ہدایت، حکم اور عمل کا عنصر موجود ہوتا۔ وہ ریاست کے کسی خادم کو ایسا نہ چھوڑتے جس کے کام میں وہ شریک نہ ہوں۔ یہ بات مبالغہ نہیں بلکہ تاریخی روایتوں کا متفقہ مضمون ہے، اور اس مبارک دور کے مشاہدین کی متفقہ شہادت ہے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور ان کے دور حکومت سے متعلق ایسی باتیں بھی منقول ہیں جو عقل انسانی کے لیے ناقابل یقین محسوس ہوتی ہیں، لیکن مؤرخین کی متواتر روایات ان کو قبول کرنے پر مجبور کر دیتی ہیں۔[1]

اس بات میں بھی کوئی شبہ نہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی مدد کرنے والی ایک بڑی، مخلص، فعال اور باصلاحیت ٹیم موجود تھی۔ کیونکہ کوئی شخص، خواہ وہ کتنا ہی عبقری، مخلص اور باذوق کیوں نہ ہو، تاریخ کے مرکز میں اکیلا نہیں آسکتا اور اکیلا ریاست کی بنیاد نہیں رکھ سکتا۔ لیکن اس عبقری ریاست میں، اس عبقری انسان کا کردار بھی عبقری ہی تھا، جیسا کہ رسول اکرم ﷺ نے پیش گوئی فرمائی تھی۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ہر کام کو الفاظ میں لکھ دینا تو آسان ہے، لیکن جب ہم اس کے عملی نفاذ، تدبیر، انتظام، رعب اور ہیبت کا تصور کرتے ہیں تو وہ سب کچھ مشکل بلکہ ناقابل فہم لگتا ہے۔

حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ آئے تو انہوں نے ان کے کام کو مکمل کیا، اس کی بنیادوں کو مزید مضبوط کیا اور اس پر شاندار عمارت تعمیر کی۔ ان کی صلاحیتِ تاسیس کی ایک عظیم الشان نشانی تھی، خاص طور پر اس دور میں جب بدویت غالب تھی۔

حضرت عمر نے ان شعبوں پر توجہ دی جو اہمیت کے حامل تھے، جیسے وہ بیسیوں عظیم الشان، مستحکم اور پرانی سلطنتوں کی تاریخ کا مطالعہ کر چکے ہوں۔ اگر یہ کارنامہ کسی ایسے بادشاہ سے سامنے آتا جو نسل در نسل حکمران خاندان سے ہو، تو بھی یہ حیرت انگیز ہوتا؛ لیکن ایک دیہاتی شخص سے ایسی حکمت عملی، ایسی بصیرت، اور نئے میدانوں میں یہ کامیابی—واقعی حیران کن ہے۔[2]

ذیل میں ہم ان شعبہ جات کا تعارف اور تفصیل پیش کریں گے جو حضرت عمر نے قائم فرمائے۔

## پہلا ادارہ: وزارتِ مذہبی امور اور اوقاف

حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے امورِ سلطنت کی تنظیم میں رسول اللہ ﷺ اور حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی پیروی کی۔ اس بات کی دلیل وہ واقعہ ہے جب آپؓ "کنزِ کعبہ" خرچ کرنا چاہتے تھے، تو شیبہ بن عثمان عبدری نے کہا: "آپ کے دونوں ساتھیوں نے ایسا نہیں کیا۔" حضرت عمرؓ نے فرمایا: "وہ دونوں میرے لیے نمونہ ہیں، انہی کی پیروی کرتا ہوں۔"[3]

اسلامی شعائر کو آپؓ نے غیر معمولی اہمیت دی۔ خود ان پر نگاہ رکھتے، گورنروں کو تاکید کرتے کہ ان شعائر کی حفاظت اور نگرانی کریں، ان کے لیے اہلکار مقرر کیے، اخراجات مختص کیے اور ان کے لیے ضروری سہولیات فراہم کیں۔ آپؓ خود منبر پر اور اپنی مجالس میں لوگوں کو نماز، روزہ، زکوٰۃ اور حج کے مسائل سکھاتے۔

عبدالرحمٰن بن عبد القاری روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت عمرؓ کو منبر پر بیٹھ کر لوگوں کو تشہد سکھاتے سنا۔[4]

---

[1] هيكل، محمد حسين. الفاروق عمر. صيدا، بيروت: المكتبة العصرية، 14–13۔

[2] العقاد، عباس محمود، عبقرية عمر (القاهرة: دار الهلال)، 100–101، 120–121۔

[3] البخاري، صحيح البخاري، كتاب الاعتصام، باب الاقتداء بسنن رسول الله ﷺ، حديث 1594

[4] مالک بن أنس، موطأ الإمام مالك: رواية سويد بن سعيد الحدثاني، تحقيق عبد المجيد تركي (بيروت: دار الغرب الإسلامي، ١٩٩٤)، باب التشهد في الصلاة۔ ١٤٢: ١، حديث ١٦١،

ایک بار حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ جمعے کی نماز کے لیے تاخیر سے آئے جبکہ حضرت عمرؓ خطبہ دے رہے تھے، تو آپؓ نے خطبہ روک کر ان پر تنبیہ کی۔[1]

آپؓ نے ایک شخص کو بغیر سترہ (آڑ) کے نماز پڑھتے دیکھا تو اس کی گردن سے پکڑ کر سترہ کے قریب کر دیا۔

(إِذَا صَلَّى أَحَدُكُمْ فَلْيُصَلِّ إِلَى سُتْرَةٍ وَلْيَدْنُ مِنْهَا، وَلَا يَدَعْ أَحَدًا يَمُرُّ بَيْنَهُ وَبَيْنَهَا)

"جب تم میں سے کوئی نماز پڑھے تو سترہ کے سامنے پڑھے اور اس کے قریب ہو جائے، اور کسی کو اپنے اور سترہ کے درمیان سے گزرنے نہ دے۔"[2]

حضرت عمرؓ نے حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ کو بصرہ میں خط لکھا: "فجر کی نماز میں طوال مفصل، ظہر میں اوساط مفصل، اور مغرب میں قصار مفصل سے قراءت کیا کرو۔"[3]

عیدین میں آپؓ لوگوں کو خطبہ دیتے اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا عید کا طریقہ بیان کرتے، اور عید کے دن روزہ رکھنے سے منع کرتے۔

(نَهَى عَنْ صِيَامِ يَوْمِ الْفِطْرِ وَيَوْمِ النَّحْرِ)

"آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عید الفطر اور عید الاضحی کے دن روزہ رکھنے سے منع فرمایا۔"[4]

عبدالرحمٰن بن عبد القاری روایت کرتے ہیں: "میں رمضان کی ایک رات عمر بن الخطابؓ کے ساتھ مسجد گیا، لوگ مختلف ٹولیوں میں بکھرے ہوئے تھے؛ کچھ اکیلے نماز پڑھ رہے تھے، کچھ چند افراد کی امامت کر رہے تھے۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا: اگر انہیں ایک قاری کے پیچھے جمع کر دیا جائے تو بہتر ہوگا۔ چنانچہ آپؓ نے سب کو اُبی بن کعبؓ کے پیچھے جمع کیا۔ ایک اور رات ہم نکلے تو دیکھا لوگ اُبی بن کعبؓ کی امامت میں نماز پڑھ رہے ہیں۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا: 'یہ کتنی اچھی بدعت ہے! لیکن جسے لوگ چھوڑ کر سو جاتے ہیں (یعنی آخری رات کی تراویح)، وہ اس سے بہتر ہے جسے وہ پڑھ رہے ہیں (یعنی اوّل شب)۔"

(نِعْمَ الْبِدْعَةُ هَذِهِ، وَالَّتِي يَنَامُونَ عَنْهَا أَفْضَلُ مِنَ الَّتِي يَقُومُونَ)[5]

آپؓ نے مسجد نبوی کی توسیع کی، دار العباس اور دیگر املاک کو شامل کیا، زمین کو مٹی کے بجائے کنکریوں سے فرش کروایا۔ مسجد الحرام میں توسیع کی، ارد گرد کے مکانات کو شامل کر کے دیوار بنوائی، اور خانہ کعبہ پر قبطی کپڑا چڑھایا۔

---

[1] عبدالعظیم بن عبدالقوی المنذری، مختصر صحیح مسلم لِلامام مسلم بن الحجاج، تحقیق: محمد ناصر الدین الألبانی ((بیروت: المکتب الِاسلامی، ۱۹۸۷))، ۱/۱۱۱، حدیث ۴۰۴، باب: غسل جمعہ۔

[2] عبدالرزاق بن ہمام، المصنف، تحقیق: مرکز البحوث بدار التاصیل (قاہرہ: دار التاصیل، 2015)، 122/2، باب: کم یکون بین الرجل وبین سترتہ؟، حدیث 2320۔

[3] الترمذی، محمد بن عیسی۔ سنن الترمذی۔ تحقیق: احمد محمد شاکر، محمد فؤاد عبد الباقی، اور ابراہیم عطوۃ عوض۔ مصر: مکتبہ مصطفی البابی الحلبی، 1975۔ 110/2، باب: ماجاء في القراءة في الصبح۔

[4] الطبرانی، سلیمان بن احمد۔ المعجم الأوسط۔ تحقیق: طارق بن عوض اللہ بن محمد اور عبدالمحسن بن ابراہیم الحسینی۔ قاہرہ: دار الحرمین، بلا تاریخ۔ 87/3۔

[5] البخاری، صحیح البخاری، 45/3، باب: فضل من قام رمضان۔

آپؓ نے حضرت ابو موسیٰ اشعری کو بصرہ، حضرت سعد بن ابی وقاص کو کوفہ، اور حضرت عمرو بن العاص کو مصر میں یہ حکم دیا کہ جماعت کے لیے مرکزی مسجد بنائیں، قبیلوں کے لیے الگ مساجد بنائیں، اور جمعہ کے دن سب لوگ مرکزی جامع مسجد میں جمع ہوں۔ شام کے گورنروں کو لکھا کہ قریوں کو چھوڑ کر شہروں میں رہیں اور ہر شہر میں صرف ایک جامع مسجد بنائیں، قبیلوں کے لیے الگ مساجد نہ بنائیں، جیسے کوفہ، بصرہ اور مصر میں ہیں۔[1]

اس حکم سے مقصد یہ تھا کہ ایک شہر میں ایک جامع مسجد ہو جہاں جمعہ کی نماز ادا کی جائے، تاکہ مسلمانوں میں اتحاد قائم ہو۔

عہد فاروقی میں مساجد کی تعداد میں غیر معمولی اضافہ ہوا۔ بعض روایات کے مطابق صرف جزیرہ عرب میں چار ہزار مساجد بنائی گئیں، اور پوری اسلامی سلطنت میں بارہ ہزار جمعہ کے منبر قائم ہوئے۔[2]

سرحدی علاقوں، چوکیاں اور فوجی اڈوں میں بھی مساجد تعمیر کی گئیں۔[3]

حضرت علیؓ فرماتے ہیں: رمضان کی پہلی رات میں مسجد گیا تو قندیلیں روشن تھیں اور قرآن کی آواز آ رہی تھی، تو فرمایا: "اللہ عمرؓ کی قبر کو اسی طرح روشن کرے جیسے انہوں نے ہماری مساجد کو قرآن سے روشن کیا۔"

(نَوَّرَ اللهُ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَبْرَهُ، كَمَا نَوَّرَ لَنَا مَسَاجِدَنَا بِالْقُرْآنِ)[4]

آپؓ نے مختلف شہروں میں ائمہ و مؤذنین مقرر کیے اور ان کے لیے تنخواہیں مقرر فرمائیں۔[5]

اسی طرح حضرت عمرؓ نے زکوٰۃ اور دیگر مالی محاصل کے لیے منظم نظام قائم کیا، عملے اور کلرکوں کی تقرری کی، اور مرکزی دفتری نظام قائم کیا، جس کی تفصیل بعد میں مالیاتی ادارے کے تحت آئے گی۔

---

[1] المصري، جميل عبد الله محمد، انتشار الإسلام: الفتوحات الإسلامية زمن الراشدين (المدينة المنورة: الجامعة الإسلامية، المحرم– جمادى الآخرة 1409ھ)، ص 102۔

[2] الخشني، الولاية على البلدان، ص406–407؛ كتاني، التراتيب الإدارية، 262/2

[3] الصلابي، علي محمد محمد، عمر بن الخطاب (الرياض: مكتبة الصحابة، بلا تاريخ)، ص650۔

[4] ابن الجوزي، عبد الرحمن بن علي، المنتظم في تاريخ الأمم والملوك، تحقيق: محمد عبد القادر عطا، مصطفى عبد القادر عطا (بيروت: دار الكتب العلمية، 1992)، 180/4۔

[5] الخطيب البغدادي، أحمد بن علي، تاريخ بغداد (بيروت: دار الكتب العلمية،) 81/2۔

## دوسرا ادارہ: وزارتِ تعلیم

اسلام نے انسان کو از سرِ نو سنوارا، اور اس کی شخصیت کو ایمان اور علم کی بنیاد پر استوار کیا، جیسا کہ قرآن کی تعلیمات اور رسول اللہ ﷺ کے عمل سے بخوبی ظاہر ہوتا ہے۔ چنانچہ خلافتِ راشدہ، خصوصاً حضرت عمرؓ کے دور میں، تعلیم کا دائرہ وسیع ہوا اور اس کے مظاہر کتاتیب، علمی حلقے، مساجد اور علماء کے گھروں میں نظر آنے لگے۔

علم و فکر کی مختلف مدارس کی بنیاد پڑی، جیسے کہ بصریہ میں ابو موسیٰ اشعریؓ کی قراءت کی درسگاہ، کوفہ میں عبد اللہ بن مسعودؓ کی فقہی مجلس، مکہ مکرمہ میں عبداللہ بن عباسؓ کی تفسیر کی نشست، اور نحو اور زبان کے قوائد کے مدارس بصرہ و کوفہ میں۔

اس دور میں تعلیم کی چند اہم خصوصیات نمایاں تھیں:

تعلیم کی آزادی: ریاست کا کردار محض سرپرستی، نگرانی اور اخراجات کی فراہمی تک محدود تھا۔

تعلیم کی مفت فراہمی

تعلیم کی عام دستیابی: یہ نہ صرف مالدار بلکہ غریب لوگوں کو بھی یکساں طور پر میسر تھی، بلکہ بعض صورتوں میں غریبوں کو اس میں زیادہ حصہ حاصل تھا۔[1]

ادارۃ التعلیم کی مختلف ذمہ داریاں ذیل میں پیش کی جارہی ہیں۔

### الف۔ تعلیمی امور کے حوالے سے ذمہ داریاں

### ا۔ نصاب تعلیم

حضرت عمرؓ کے عہد اور اس کے بعد پڑھنے لکھنے کا رجحان خاصا بڑھا۔ اس وقت علم کی اشاعت کا سب سے اہم ذریعہ زبانی سماعت اور حافظے پر انحصار تھا، جو عربوں میں ممتاز وصف سمجھا جاتا تھا۔ مسلمان علم کے اعلیٰ اسالیب اور متنوع مضامین سے آشنا ہوئے جن میں قرآن و علومِ قرآنی، حدیث، فقہ، عربی زبان، تاریخ، نسب، شاعری، قصص، حکمت اور امثال شامل تھے۔

[2]کثیر تعداد میں صحابہ و تابعین نے عوام الناس اور نو مسلم اقوام کو تعلیم دے کر علمی بیداری پھیلائی۔

### ۲۔ قرآن کریم کی تدوین

حضرت ابو بکرؓ کے زمانے میں حضرت عمرؓ کی تجویز پر قرآن جمع کیا گیا، اور اسے مسلمانوں نے طبقات کی صورت میں زبانی یاد کیا۔ یوں کتاب اللہ محفوظ بھی رہا اور محفوظ کیا بھی گیا۔

### ۳۔ سنتِ نبوی پر توجہ

حدیث نبویؐ کے رواۃ و حفاظ کے نام نمایاں ہوئے۔ ان میں عبد اللہ بن عمروؓ کی الصحیفۃ الصادقۃ، ابو ہریرہؓ کی صحیفۃ ہمام، اور جابر بن عبد اللہؓ کی احادیث شامل ہیں۔ حضرت عمرؓ روایتِ حدیث کی ترغیب دیتے، مگر اس کے ساتھ احتیاط اور تحقیق پر زور دیتے۔

---

[1] العمري، أكرم ضياء، عصر الخلافة الراشدة (الرياض: مكتبة العبيكان)، ص 271۔

[2] ایضا۔

### ۴۔ عربی اشعار کی تعلیم

(كَتَبَ إِلَى أَبِي مُوسَى الأَشْعَرِيِّ: "مُرْ مَنْ قِبَلَكَ بِتَعَلُّمِ العَرَبِيَّةِ، فَإِنَّهَا تَدُلُّ عَلَى صَوَابِ الكَلَامِ، وَمُرْهُمْ بِرِوَايَةِ الشِّعْرِ، فَإِنَّهُ يَدُلُّ عَلَى مَعَالِي الأَخْلَاقِ ")[1] **"ابو موسیٰ اشعری کو لکھا: اپنے زیرِ اثر لوگوں کو عربی سیکھنے کا حکم دو، کیونکہ یہ درست گفتگو کی راہ دکھاتی ہے، اور ان سے کہو کہ اشعار روایت کریں کیونکہ یہ بلند اخلاق کی نشان دہی کرتے ہیں۔"**

(عَلَيْكُمْ بِدِيوَانِكُمْ، لَا تَضِلُّوا. قِيلَ: وَمَا دِيوَانُنَا؟ قَالَ: شِعْرُ الجَاهِلِيَّةِ، فَإِنَّ فِيهِ تَفْسِيرَ كِتَابِكُمْ، وَمَعَانِيَ كَلَامِكُمْ)[۲]

**"اپنے دیوان (شعری مجموعہ) کو سنبھالو تاکہ گمراہ نہ ہو جاؤ۔ پوچھا گیا: ہمارا دیوان کیا ہے؟ فرمایا: جاہلیت کا شعر، کیونکہ اس میں تمہاری کتاب کی تفسیر اور تمہارے کلام کے معانی موجود ہیں۔"** اسی طرح حضرت ابو موسیٰ اشعری کو لکھا کہ

(إِنَّ كَاتِبَكَ الَّذِي كَتَبَ إِلَيَّ لَحَنَ، فَاضْرِبْهُ سَوْطًا)[۳]

**"تمہارا کاتب جس نے مجھے خط لکھا، اس نے زبان میں غلطی کی، اسے ایک کوڑا مارو!"**

### ۵۔ تاریخ اور سیرتِ نبوی کو فروغ

حضرت عمرؓ کے دور میں سیرتِ نبوی اور مغازی کی تعلیم کو بنیادی اہمیت حاصل تھی۔

**اسماعیل بن محمد بن سعد بن ابی وقاص فرماتے ہیں:**

(كَانَ أَبِي يُعَلِّمُنَا مَغَازِيَ رَسُولِ اللهِ ﷺ، وَيَعُدُّهَا عَلَيْنَا، وَيَقُولُ: يَا بَنِيَّ، هَذِهِ مَآثِرُ آبَائِكُمْ، فَلَا تُضَيِّعُوا ذِكْرَهَا.)

**"میرے والد ہمیں رسول اللہ ﷺ کی مغازی اور سرایا سکھایا کرتے اور کہتے: بیٹو! یہ تمہارے آباؤ اجداد کے کارنامے ہیں، انہیں فراموش نہ کرنا۔"**[4]

### ۶۔ نسب شناسی کی تدوین

حضرت عمرؓ نے قریش کے تین افراد — عقیل بن ابی طالب، مخرمہ بن نوفل، اور جبیر بن مطعم — کو نسب نامے مرتب کرنے کا حکم دیا۔[5]

### ۷۔ دیگر اقدامات

ا۔ مفتی، معلم، اور بچوں کے اساتذہ کے لیے بیت المال سے تنخواہیں مقرر کی گئیں۔

(كَانَ بِالْمَدِينَةِ ثَلَاثَةُ مُعَلِّمِينَ يُعَلِّمُونَ الصِّبْيَانَ، وَقَدْ عَيَّنَ لَهُمْ عُمَرُ خَمْسَةَ عَشَرَ دِرْهَمًا كُلَّ شَهْرٍ.)

**"مدینہ میں تین معلم بچوں کو تعلیم دیتے تھے، حضرت عمرؓ نے ان کے لیے ماہانہ 15 درہم مقرر کیے۔"**[6]

---

[1] الصاعدي، عبد الرزاق بن فراج، أصول علم العربية في المدينة، مجلة الجامعة الإسلامية بالمدينة المنورة، السنة 28، العددان 105–106 (1417ھ–1418ھ/1997–1998ء)، ص 318

[2] الطبراني، سليمان بن أحمد، المعجم الكبير (القاهرة: مكتبة ابن تيمية،)، 129/7۔

[3] الخطيب البغدادي، أحمد بن علي، الجامع لأخلاق الراوي وآداب السامع، حديث 1073۔

[4] ایضا 1648، 1649۔

[5] ابن سعد، محمد بن سعد، الطبقات الكبرى (بيروت: دار صادر)، 295/3–299۔

[6] البيهقي، أحمد بن الحسين، السنن الكبرى (بيروت: دار المعرفة)، 124/6۔

۲۔ مساجد کی تعمیر میں توسیع کی گئی، جن کی تعداد اس وقت 12,000 منبر تک پہنچ گئی تھی۔
۳۔ مکاتب (کتاتیب) کو مساجد سے الگ کر کے بچوں کی تعلیم کے لیے مخصوص کیا گیا۔
۴۔ حفظِ قرآن اور تعلیم میں نمایاں کارکردگی دکھانے والوں کو انعامات دیے گئے۔[1]

## ب: مدارس اور مراکز تعلیم کا قیام

### ا۔ مدرسۂ مدینہ منورہ

مدینہ منورہ عہدِ نبوت اور خلافتِ راشدہ میں علمی اور فکری سرگرمیوں کا سب سے اہم مرکز تھا۔ یہ سنت نبوی کی جائے نشو و نما اور صحابۂ کرام کا مرکز تھا، جہاں سے علم کا سرچشمہ پھوٹا اور علماء تمام اسلامی علاقوں میں پھیل گئے۔

یہی وہ مقام تھا جہاں خلفائے راشدین اور دیگر جلیل القدر صحابہ، جنہوں نے حدیث، فقہ اور فتویٰ میں مہارت حاصل کی، نے علم کو عام کیا۔ ان کے علمی اثرات تمام اسلامی مدارس پر مرتب ہوئے۔

ان نمایاں شخصیات میں زید بن ثابت شامل ہیں، جو وحی کے کاتب، مصحف کے مرتب، اور علمِ فرائض کے ماہر تھے۔ عبد اللہ بن عمر کی شہرت اتنی تھی کہ دور دور سے لوگ ان کے پاس علم حاصل کرنے آتے تھے۔ ابو ہریرہ صحابہ میں سب سے زیادہ احادیث بیان کرنے والے تھے، ان سے تقریباً آٹھ سو افراد نے علم حاصل کیا۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا علمی مرتبے میں بڑے بڑے صحابہ کے اماموں کی ہمسر تھیں۔ ان کے بعد فقہاء سبعہ (سات فقہاء) آئے، جنہوں نے علم سے زمین کو بھر دیا۔[2]

### ۲۔ مدرسۂ مکہ مکرمہ

مکہ مکرمہ کا علمی کردار مدینہ کے مقابلے میں کم تھا اور یہ زیادہ تر تابعین کے دور میں نمایاں ہوا۔ اس کی اہمیت کا سبب یہ تھا کہ مکہ دینی مرکز تھا اور موسمِ حج میں علماء وہاں جمع ہوتے تھے۔ اس مدرسے کی سب سے روشن علامت عبد اللہ بن عباس اور ان کا تفسیر، فقہ، حدیث، اور لغت میں مضبوط علمی حلقہ تھا، جس کے اثرات تمام اسلامی مدارس پر مرتب ہوئے۔ مشہور علماء میں عبد اللہ بن عمر بھی شامل تھے، جو موسمِ حج میں ابن عباس کے ساتھ بیٹھ کر لوگوں کو فتویٰ دیتے تھے۔

### ۳۔ مدرسۂ بصرہ

بصرہ سنہ 14 ہجری میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے حکم سے عتبہ بن غزوان نے آباد کی، اور یہ مختلف علوم میں کوفہ کی ہم پلہ ہو گئی۔

بصرہ میں سو سے زائد صحابہ نے سکونت اختیار کی۔ ان میں ابو موسیٰ اشعری، عمران بن حصین، بریدہ بن الحصیب، انس بن مالک اور عتبہ بن غزوان شامل تھے۔ انہوں نے بصرہ کے لوگوں میں اسلامی علوم عام کیے۔ ابو موسیٰ اشعری نے جب بصرہ کے والی کی حیثیت سے وہاں قدم رکھا تو فرمایا: (بَعَثَنِي إِلَيْكُمْ عُمَرُ بْنُ الخَطَّابِ، أُعَلِّمُكُمْ كِتَابَ رَبِّكُمْ وَسُنَّتَكُمْ.)[3]

"عمر بن خطاب نے مجھے تمہارے پاس اس لیے بھیجا ہے کہ تمہیں تمہارے رب کی کتاب اور سنت کی تعلیم دوں"

---

[1] حبنکۃ، عبد الرحمن حسن، أشهر مشاهير الإسلام في التاريخ (بیروت: دار القلم)، 2/540–541۔
[2] حبنکۃ، عبد الرحمن حسن، أشهر مشاهير الإسلام في التاريخ (بیروت: دار القلم)، 2/540–541۔
[3] الدارمی، عبد اللہ بن عبد الرحمن، سنن الدارمی (بیروت: دار المغنی)، حدیث 560۔

ابو موسیٰ کے شاگردوں میں تین سو سے زائد افراد نے قرآن حفظ کیا۔ حضرت عمر دیگر شہروں کی طرح بصرہ کے لیے بھی علماء بھیجتے۔ انہی میں سے دس صحابہ کو فقہ کی تعلیم کے لیے بھیجا، جن میں عبداللہ بن مغفل اور عمران بن حصین شامل تھے۔ [1]

### ۴۔ مدرسۂ کوفہ

کوفہ، بصرہ کے بعد، سنہ 17 ہجری میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے حکم پر سعد بن ابی وقاص نے آباد کیا۔ یہاں ایک عظیم الشان مدرسہ قائم ہوا، جو اسلامی دنیا کے بڑے علمی مراکز میں سے تھا۔ اس نے مدینہ کے علمی مقام کا مقابلہ کیا اور اکثر اوقات اسے پیچھے چھوڑ دیا۔ کوفہ میں 300 صحابہ، جن میں اصحاب الشجرہ اور 70 اہلِ بدر شامل تھے، نے سکونت اختیار کی۔ نمایاں صحابہ میں علی بن ابی طالب، عبداللہ بن مسعود، سعد بن ابی وقاص، حذیفہ بن یمان، ابو موسیٰ اشعری، سلمان فارسی، مغیرہ بن شعبہ اور عمار بن یاسر شامل تھے۔

ان کے فیض سے تابعین کی بڑی جماعتیں پروان چڑھیں۔ ان میں سب سے نمایاں اثر ابن مسعود کا تھا، جنہیں اسلامی علوم کی مستقل اور معروف "مدرسۂ ابن مسعود" کا بانی سمجھا جاتا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کوفہ اور اس کے اہلِ علم پر فخر کرتے ہوئے فرمایا: (هُمْ رُمْحُ اللهِ، وَكَنْزُ الإِيمَانِ، وَجُمْجُمَةُ العَرَبِ، يُحْرِزُونَ ثُغُورَهُمْ، وَيَمُدُّونَ الأَمْصَارَ)

"وہ اللہ کا نیزہ ہیں، ایمان کا خزانہ ہیں، عرب کا مغز ہیں، وہ سرحدوں کی حفاظت کرتے اور دیگر شہروں کو کمک پہنچاتے ہیں" اور جب حضرت عمر نے عبداللہ بن مسعود کو ان کی طرف بھیجا تو فرمایا: (وَقَدْ آثَرْتُكُمْ بِعَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ عَلَى نَفْسِي.) [2]

"میں نے تم پر عبداللہ بن مسعود کو اپنی ذات پر ترجیح دی ہے"

### ۵۔ مدرسۂ شام

شام کی علمی درسگاہیں بھی اسلامی دنیا کی بڑی علمی بنیادیں بن گئیں، جن کے مختلف شہروں (دمشق، حمص، فلسطین وغیرہ) میں علم کے سرچشمے پھیل گئے۔ ابن سعد نے اپنی "طبقات" میں شام میں مقیم 107 صحابہ کا تذکرہ کیا ہے۔ ان میں نمایاں نام: ابو عبیدہ، ابو درداء، معاذ بن جبل، بلال بن رباح، عبادہ بن صامت، خالد بن ولید اور معاویہ بن ابی سفیان کے ہیں۔ یزید بن ابی سفیان نے حضرت عمر کو خط لکھا:

(إِنَّ أَهْلَ الشَّامِ قَدْ كَثُرُوا وَرَبِلُوا، وَمَلَؤُوا الْمَدَائِنَ، وَاحْتَاجُوا إِلَى مَنْ يُعَلِّمُهُمُ القُرْآنَ وَيُفَقِّهُهُمْ؛ فَأَعِنِّي يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ بِرِجَالٍ يُعَلِّمُونَهُمْ) [3]

"شام کے لوگ بڑھ گئے ہیں، اور انہوں نے شہروں کو بھر دیا ہے، انہیں ایسے لوگوں کی ضرورت ہے جو انہیں قرآن اور فقہ کی تعلیم دیں؛ اے امیر المؤمنین، مجھے ایسے رجال عطا کریں جو انہیں سکھا سکیں" چنانچہ حضرت عمر نے ان کے پاس معاذ بن جبل، عبادہ بن صامت اور ابو درداء کو بھیجا۔

علمِ شام کی خوبصورتی کی ایک جھلک عالمِ شام سوید بن عبدالعزیز کے قول سے ملتی ہے:

---

[1] الشحود، علي بن محمد بن نايف، أعلام الحفاظ والمحدثين، 576/1۔

[2] ابن سعد، محمد بن سعد، الطبقات الكبرى، 8،5:6۔

[3] التاریخ الأوسط، للبخاري، جلد 1، صفحہ 121

"ابو درداء جب فجر کی نماز پڑھتے تو جامع مسجد دمشق میں لوگ ان کے گرد جمع ہو جاتے۔ وہ ان کو دس دس کی جماعتوں میں تقسیم کر دیتے، ہر جماعت پر ایک عریف مقرر کرتے، اور خود محراب میں کھڑے ہو کر ان کی نگرانی کرتے۔ جب کوئی غلطی کرتا تو عریف کی طرف رجوع کیا جاتا، اور اگر عریف بھی نہ سمجھ پاتا تو ابو درداء سے سوال کیا جاتا۔" ایک اور روایت میں ہے: ( قَالَ لِي أَبُو الدَّرْدَاءِ: اعْدُدْ مَنْ فِي مَجْلِسِنَا، قَالَ: فَجَاءُوا أَلْفًا وَسِتَّ مِئَةٍ وَنَيِّفًا..) [1]

"ابو درداء نے مجھ سے کہا: مجلس میں لوگوں کی گنتی کرو۔ وہ آئے تو ایک ہزار چھ سو سے زائد افراد تھے..."

**٦۔ مدرسۂ مصر**

مصر کی فتح میں شریک اسلامی لشکر میں بہت سے جلیل القدر صحابہ موجود تھے، جنہوں نے وہاں اسلامی علوم کو عام کیا۔ ان میں نمایاں نام عبداللہ بن عمر، عبداللہ بن عمرو اور عقبہ بن عامر کے ہیں۔

عقبہ قرآن کے قاری، محدث، فقیہ، شاعر اور کاتب تھے، اور اہلِ مصر نے ان سے بہت سی روایات بیان کیں، جیسے اہلِ کوفہ نے ابن مسعود سے بیان کیں۔ ابن عمر نے بھی مصر میں بہت سی احادیث روایت کیں، اور ان سے چالیس سے زائد افراد نے یہ علم حاصل کیا۔ [2]

## تیسرا ادارہ: وزارتِ مالیہ، تجارت اور معیشت

### اوّل: مالیاتی پالیسی کے ارکان

خلافتِ عمرؓیہ میں مالیاتی ادارہ ریاست کے نمایاں ترین ستونوں میں سے تھا، جو اپنے مالی ذرائع، اخراجات کے نظام، دیانت و پاکیزگی، جامع عطا، زندہ اصول، رحمت پر مبنی اہداف اور بلند مقاصد کی بدولت منفرد مقام رکھتا تھا۔ اس کا دائرہ عمل فتوحات کے پھیلاؤ، فیوض و برکات، اور وسیع اثرات سے کسی طرح کم نہ تھا۔

حضرت عمرؓ کی اس عظیم الشان مالیاتی پالیسی میں ایسی حیران کن تدابیر تھیں کہ انسانیت کی تاریخ ان کی مثال پیش کرنے سے قاصر ہے۔ انہوں نے ان بے پناہ وسائل میں ایسے تصرفات کیے جو عبقری ذہانت کا مظہر ہیں، اور جن کی نظیر بعد کے کسی حکمران سے ممکن نہ ہو سکی۔ یہ موضوع بذاتِ خود ایک مستقل مقالہ کا مستحق ہے۔

**ا۔ مالی وسائل میں وسعت**

زکاۃ، صدقات، فے، خراج، عشور اور غنائم کی صورت میں مالی وسائل میں بے پناہ وسعت آئی۔ عراق، فارس، شام، بحرین، یمن اور مصر جیسے مفتوحہ علاقوں سے دولت، خزانے اور زمینوں کی پیداوار مسلسل بیت المال میں آتی رہی۔ خلیفہ دوم، قوی و امین امیر المؤمنینؓ نے یہ اموال تقویٰ و دیانت کے ساتھ ملک کے کونے کونے تک پہنچائے، اور اللہ کے حکم کے مطابق خرچ کیے۔

**۲۔ اموال کی نگرانی میں سنتِ نبوی کی پیروی**

حضرت عمرؓ نے ان کثیر اموال میں نبی کریم ﷺ اور حضرت ابو بکرؓ کے طرزِ عمل کو پیشِ نظر رکھا۔

---

[1] الذهبي، شمس الدين محمد بن أحمد، سير أعلام النبلاء، 346/2۔

[2] الشحود، علي بن محمد بن نايف، أعـلام الحفاظ والمحدثين، 291/2۔

(أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ كَتَبَ كِتَابَ الصَّدَقَةِ، فَلَمْ يُخْرِجْهُ إِلَى عُمَّالِهِ حَتَّى قُبِضَ، فَقَرَنَهُ بِسَيْفِهِ، فَلَمَّا قُبِضَ عَمِلَ بِهِ أَبُو بَكْرٍ حَتَّى قُبِضَ، وَعُمَرُ حَتَّى قُبِضَ.) [1]

حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے صدقات کا ایک نوشتہ لکھوایا، لیکن اس کو اپنے عاملین کے حوالے نہ کیا یہاں تک کہ آپ ﷺ کا وصال ہو گیا۔ پھر آپ نے اسے اپنی تلوار کے ساتھ باندھ دیا۔ حضرت ابو بکرؓ نے اپنی خلافت میں اس کے مطابق عمل کیا یہاں تک کہ ان کا بھی انتقال ہو گیا، اور حضرت عمرؓ نے بھی اسی پر عمل کیا۔

## ۳۔ مالی نظام میں ترقی

کہ وحشی جانور انسانوں کے قریب آ گئے، اور لوگ بکری ذبح کر کے چھوڑ دیتے کہ اس کا گوشت بھی بھوک کے سبب ناپسندیدہ لگتا۔ یہاں تک کہ لوگ ہڈیوں کا سفوف بنا کر کھاتے اور چوہوں کے بل کھود کر ان کا ذخیرہ نکالتے۔[1]

## ۲۔ اہلِ حجاز کی حالت اور حضرت عمرؓ کے اقدامات

حضرت اسلمؒ روایت کرتے ہیں:

"جب عام الرمادہ آیا تو عرب کے قبائل ہر طرف سے مدینہ آ گئے۔ حضرت عمرؓ نے ان کی خدمت کے لیے افراد مقرر کیے جو ان کے لیے کھانے اور سالن کا انتظام کرتے۔ ایک رات جب سب لوگ کھانے سے فارغ ہو چکے تو حضرت عمرؓ نے فرمایا: 'دیکھو آج رات ہمارے ساتھ کھانے والوں کی تعداد کتنی تھی؟' اگلی رات گننے پر پتا چلا کہ سات ہزار افراد تھے۔ عمرؓ نے حکم دیا کہ ان خواتین، بچوں اور بیماروں کو بھی شمار کرو جو خود نہ آ سکے۔ ان سب کو ملا کر تعداد چالیس ہزار نکلی۔ کچھ دنوں کے بعد یہ تعداد بڑھ کر دس ہزار ہو گئی، اور دیگر افراد کی تعداد پچاس ہزار تک جا پہنچی۔ لوگ یہیں مقیم رہے یہاں تک کہ اللہ نے بارش نازل فرما دی۔"[2]

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں:

"اللہ ابن حنتمہ پر رحم فرمائے! میں نے اسے عام الرمادہ میں دیکھا کہ اس کی پیٹھ پر دو بوریاں اور ہاتھ میں تیل کا ایک مشکیزہ تھا، اور وہ اور اسلمؒ باری باری سواری کرتے۔ جب وہ مجھے ملے تو فرمایا: کہاں سے آ رہے ہو؟ میں نے کہا: قریب سے۔ پھر ہم دونوں نے باری باری سواری کی یہاں تک کہ صِرار پہنچے، جہاں قبیلہ محارب کے بیس کے قریب گھرانے آباد تھے۔ عمرؓ نے پوچھا: تم یہاں کیوں آئے ہو؟ انہوں نے کہا: قحط کے سبب۔ انہوں نے مردار جانور کی بھونی ہوئی کھال اور ہڈیوں کا سفوف دکھایا جسے وہ کھا رہے تھے۔ عمرؓ نے فوراً اپنا چادر اتاری، لنگی باندھی اور خود ان کے لیے کھانا تیار کیا۔ پھر اسلمؒ کو بھیجا کہ اونٹ لے آؤ تا کہ ان لوگوں کو مدینہ لے جایا جائے۔ ان کے لیے کپڑے دیے اور وہ ان کی خدمت کرتے رہے یہاں تک کہ اللہ نے اس مصیبت کو دور فرما دیا۔"[3]

## ۳۔ اہلِ امصار سے امداد کی طلب

حضرت عمرؓ نے ایک عظیم اقدام یہ کہ لوگوں کو بھوک کے پنجوں اور موت کے جبڑوں سے نجات دلانے کے لیے اسلامی علاقوں کے باشندوں سے مدد کی اپیل کی۔ انہوں نے مصر، شام اور عراق کے گورنروں کو حکم بھیجا کہ فوری طور پر غذائی اجناس، آٹا، کپڑے اور سواری کے جانور مدینہ منورہ اور عام علاقوں میں بھیجیں۔ چنانچہ اہلِ حجاز اور بالخصوص مدینہ والوں کو اپنے مسلمان بھائیوں کی طرف سے وہ مدد ملی جس سے ان کی آنکھیں ٹھنڈی ہو گئیں، اور تاریخ نے مسلمانوں کے اس باہمی تعاون اور یکجائی کو درخشاں الفاظ میں محفوظ کیا، جو اس بات کا عملی مظہر تھا کہ مسلمان آپس میں ایک جسم کی مانند ہیں۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ حضرت عمرؓ نے عامِ رمادہ میں عمرو بن العاصؓ کو خط لکھا، جس میں فرمایا:

(بِسْمِ اللّٰه الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ، مِنْ عَبْدِاللّٰه عُمَرَ أَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ إِلَی الْعَاصِيْ بْنِ الْعَاصِيْ، سَلَامٌ عَلَیْكَ، أَمَّا بَعْدُ: أَفَتَرَانِيْ هَالِكاً وَمَنْ قِبَلِيْ وَتَعِیشُ أَنْتَ وَمَنْ قِبَلَكَ؟! فَیَا غَوْثَاهُ، ثُمَّ یَا غَوْثَاهُ، ثُمَّ یَا غَوْثَاهُ)

---

[1] دیکھئے: ابن سعد، ۳: ۲۸۳، ۳۱۰؛ الطبري، ۴: ۹۶-۹۸؛ البدایة والنهایة، ۷: ۹۰؛

[2] ابن سعد، 3:316-317؛

[3] ابن سعد، 3:314

ترجمہ: "اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔ عبد اللہ عمر، امیر المؤمنین کی طرف سے عاصی بن عاصی کے نام، السلام علیک، امابعد: کیا تم مجھے اور میرے زیر اثر لوگوں کو ہلاک ہوتا دیکھ رہے ہو، اور تم اور تمہارے ماتحت لوگ زندہ بچ جائیں؟ اے مددگار! اے مددگار! اے مددگار!"

اس کے جواب میں عمرو بن العاصؓ نے لکھا:

(بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ، مِنْ عَبْدِاللّٰہِ عُمَرَ أَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ ، مِنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، سَلَامٌ عَلَیْكَ، فَإِنِّيْ أَحْمَدُ إِلَیْكَ اللّٰہَ الَّذِيْ لَا إِلٰہَ إِلَّا ھُوَ، أَمَّا بَعْدُ: أَتَاكَ الْغَوْثُ، فَلَبَّتْ لَبَّتْ، لَأَبْعَثَنَّ إِلَیْكَ بِعَیْرٍ أَوَّلُھَا عِنْدَكَ وَآخِرُھَا عِنْدِيْ)

ترجمہ: "اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔ عبد اللہ عمر، امیر المؤمنین کے لیے عمرو بن العاص کی جانب سے، السلام علیک۔ میں اس اللہ کی حمد کرتا ہوں جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ امابعد: تمہیں مدد پہنچ چکی ہے، اور پوری طرح پہنچ چکی ہے۔ میں تمہیں ایسے اونٹ بھیجوں گا جن کا پہلا سرا تمہارے پاس ہوگا اور آخری سرا میرے پاس!"[1]

جب پہلا قافلہ آیا تو حضرت عمرؓ نے حضرت زبیر بن العوامؓ سے فرمایا: "اس قافلے کو روک لو اور اس کے سامان کو دیہاتیوں میں بانٹ دو، اور اللہ کی قسم! ممکن ہے رسول اللہ ﷺ کی صحبت کے بعد تمہارے لیے اس سے بہتر کوئی نیکی نصیب نہ ہو۔" لیکن حضرت زبیرؓ نے معذرت کی۔ پھر ایک اور صحابی آئے، تو حضرت عمرؓ نے انہیں یہی ہدایت دی اور وہ تیار ہو گئے۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا: "جو کھانے کا سامان تمہیں ملا ہے، اسے دیہاتیوں میں تقسیم کرو، اور جو برتن ہیں انہیں ان کے لیے چادریں بنا دو تاکہ وہ پہن سکیں۔ اونٹ ذبح کر دو تاکہ وہ ان کا گوشت کھائیں اور چربی ذخیرہ کریں۔ اور یہ مت انتظار کرو کہ بارش ہوگی تب استعمال کریں گے۔ جو آٹا ہے اس سے کھانے تیار کر کے رکھو اور اسے محفوظ کر لو، یہاں تک کہ اللہ کا حکم ان کی نجات کے لیے آ جائے۔"[2]

حضرت عمرؓ خود کھانا تیار کرواتے اور منادی کرواتے: "جو شخص آ کر کھانا کھانا چاہے، آ جائے، اور جو اپنے اور اپنے گھر والوں کے لیے لینا چاہے، وہ آ کر لے جائے"

اسی طرح حضرت عمرؓ نے حضرت معاویہ بن ابی سفیانؓ کو شام میں بھی ایسا ہی خط لکھا۔ حضرت معاویہؓ نے بھی لشکریوں کو روانہ کیا جو مدینہ کی حدود میں حضرت عمرؓ کے قاصدوں جیسے کام کرتے تھے؛ لوگوں کو آٹا کھلاتے، اونٹ ذبح کرتے، اور انہیں چادریں پہناتے۔

حضرت سعد بن ابی وقاصؓ نے بھی عراق سے ایسا ہی قافلہ بھیجا۔ عراق کی حدود میں حضرت عمرؓ کے قاصدوں جیسے افراد قافلوں سے آٹا بانٹتے، اونٹ ذبح کرتے اور لوگوں کو چادریں دیتے، یہاں تک کہ اللہ نے مسلمانوں سے یہ مصیبت دور فرمادی۔[3]

حضرت عمرؓ کے قاصد اور نمائندے جزیرہ العرب کی سرحدوں پر شام اور عراق کی سمت نکل پڑے تاکہ قافلے وصول کریں۔ ان قافلوں کی تعداد بہت زیادہ تھی۔ مالک الدار بیان کرتے ہیں:

جب حضرت عمرؓ نے عمرو بن العاصؓ کو حکم دیا کہ خشکی اور سمندر کے ذریعے خوراک بھیجی جائے، تو انہوں نے بیس بحری جہاز روانہ کیے جن پر آٹا اور چربی لدی ہوئی تھی۔ اور خشکی کے راستے ایک ہزار اونٹ روانہ کیے جن پر بھی آٹا تھا۔ حضرت معاویہؓ نے تین ہزار اونٹ اور

---

[1] ابن سعد، الطبقات الکبری، ج3، ص310–311

[2] محولہ بالا

[3] ابن سعد، الطبقات الکبری، ج3، ص311

تین ہزار چادریں روانہ کیں۔ عمرو بن العاصؓ نے پانچ ہزار چادریں روانہ کیں، اور کوفہ کے گورنر نے دو ہزار اونٹ روانہ کیے جن پر آٹا تھا۔[1]

ایک اور روایت کے مطابق حضرت ابو عبیدہؓ مدینہ تشریف لائے، ان کے ساتھ چار ہزار اونٹ تھے جن پر خوراک لدی ہوئی تھی۔ حضرت عمرؓ نے انہیں حکم دیا کہ مدینہ کے اطراف میں بسنے والے قبائل میں یہ سامان تقسیم کر دیں، تو انہوں نے ایسا ہی کیا۔[2]
یوں یہ کل ملا کر دس ہزار اونٹ بنتے ہیں، جن کے علاوہ بیس بحری جہاز بھی شامل تھے، جو آٹا، خوراک اور لباس لے کر آئے تھے۔ اگر آج کے دور میں اس کا تقابل کیا جائے تو یہ دس ہزار گاڑیوں کے برابر ہے، جو اشیائے خور و نوش سے لدی ہوئی ہوں۔ علاوہ ازیں یہ اونٹ خود بھی خوراک کا ذریعہ تھے؛ ان کا گوشت، چربی، چمڑا، سب کچھ کام آتا تھا۔

### ۴۔ اللہ تعالیٰ سے استغاثہ، دعا اور نمازِ استسقاء

خلیفہ اور مسلمانوں کی طرف سے جو اقدامات اور تدابیر کی گئیں، ان کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع بھی کیا گیا۔ کیونکہ اللہ ہی ہے جو اپنے بندوں کو آزماتا ہے اور ان سے دعا کرنے کا مطالبہ کرتا ہے تاکہ وہ مصیبت دور فرمائے۔ یہ عمل رسول اللہ ﷺ کی اقتداء میں تھا، جنہوں نے قحط کے وقت استسقاء فرمایا اور مسلمانوں کے لیے نمازِ استسقاء مشروع قرار دی۔
عبد اللہ بن عمرؓ فرماتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے قحط کے زمانے میں ایک ایسا کام کیا جو پہلے نہیں کرتے تھے۔ وہ لوگوں کو عشاء کی نماز پڑھاتے، پھر اپنے گھر جاتے اور رات کا بیشتر حصہ نماز میں گزارتے، پھر آخری رات کو نکلتے اور شہر کے دروازوں پر گشت کرتے۔ میں نے ان کو سحر کے وقت یہ کہتے سنا: ((اللَّهُمَّ لاَ تَجْعَلْ هَلاَكَ أُمَّةِ مُحَمَّدٍ عَلَى يَدَيَّ)) "اے اللہ! امتِ محمد کا ہلاک ہونا میرے ہاتھوں نہ ہو!"[3]
حضرت عمرؓ نے لوگوں کو خطبہ دیا اور فرمایا:
"اے لوگو! اللہ سے ڈرو اپنے بارے میں اور اپنے ان اعمال کے بارے میں جو لوگوں سے چھپے ہوئے ہیں۔ مجھے تمہارے ذریعے آزمایا گیا ہے اور تم مجھے ذریعے۔ میں نہیں جانتا کہ غضب مجھ پر ہے یا تم پر، یا ہم سب پر! آؤ، اللہ سے دعا کریں کہ وہ ہمارے دلوں کی اصلاح کرے، ہم پر رحم فرمائے، اور یہ قحط ہم سے دور فرمائے۔" حضرت عمرؓ نے اس دن ہاتھ بلند کیے، لوگوں سے دعا کروائی، خوب روئے اور لوگ بھی بہت روئے۔[4]
جب قحط ختم ہوا تو حضرت عمرؓ نے دیہات سے آئے بدوؤں کو ان کے علاقوں میں واپس بھیجا، کچھ صحابہ کو ان کے ساتھ روانہ کیا تاکہ ان کو سامانِ خوراک دے کر روانہ کریں۔ خود حضرت عمرؓ بھی ان کو رخصت کرنے نکلتے۔
حضرت عمرؓ ان ایامِ سخت کو یاد کرتے ہوئے فرمایا:

---

[1] ابن سعد، الطبقات الکبری، ج 3، ص 315، 317
[2] ابن سعد، الطبقات الکبری، ج 3، ص 311
[3] ابن سعد، 3:312
[4] ابن سعد، 3:322

"اللہ کا شکر ہے! اگر اللہ نے قحط ختم نہ کیا ہوتا تو میں کسی بھی مسلمان خاندان کو ایسا نہ چھوڑتا جس کے پاس گنجائش ہوتی اور ان کے ساتھ اتنے ہی فقراء کو شامل نہ کر دیتا۔ تاکہ دو افراد نہ مریں جب کہ ایک کے پاس گزارے کا سامان ہو۔"[1]

## دیگر اقدامات

اسی قحط کے دوران حضرت عمرؓ نے چوری کی سزا (حدِ سرقہ) کو معطل کر دیا اور فرمایا:

"نہ کھجور پر ہاتھ کاٹا جائے گا اور نہ قحط کے سال میں۔"[2]

اسی طرح انہوں نے اس سال زکوٰۃ جمع کرنے کے لیے عاملین کو روانہ نہیں کیا۔ اگلے سال جب اللہ نے قحط ختم کیا تو دوبارہ عاملین کو روانہ کیا، انہوں نے دو سال کی زکوٰۃ اکٹھی کی، ایک حصہ تقسیم کیا اور دوسرا حصہ حضرت عمرؓ کی خدمت میں پیش کیا۔[3]

---

[1] ابن شبہ، تاریخ المدینہ 2:738-739

[2] الاموال لابی عبید، 981

[3] ابن سعد، 3:323

## باب دوم: عہد فاروقی میں ریاستی اداروں میں صحابہ کرام کی خدمات

**فصل اول: عہد فاروقی میں انتظامی اور رفاہی اداروں میں مختلف عہدوں پر فائز صحابہ کرام کا تعارف**

**فصل دوم: عہد فاروقی میں انتظامی اور رفاہی اداروں میں صحابہ کرام کی خدمات کے اثرات**

# فصل اول: عہد فاروقی میں انتظامی اور رفاہی اداروں میں مختلف عہدوں پر فائز صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا تعارف

خلافتِ راشدہ کا دور تاریخِ اسلام کا ایک سنہری اور مثالی باب ہے، جس میں حکمرانی، عدل، مساوات، اور رفاہِ عامہ کی وہ روشن مثالیں قائم ہوئیں جو آج بھی جدید ریاستوں کے لیے رہنمائی کا ذریعہ ہیں۔ اس عہد کا سب سے نمایاں اور مؤثر دور حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی خلافت ہے، جس میں نہ صرف اسلامی سلطنت وسعت اختیار کرتی گئی، بلکہ ایک منظم اور مضبوط نظمِ حکومت کی بنیاد بھی رکھی گئی۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ ایک نہایت بصیرت افروز حکمران تھے، جنہوں نے ریاست کے مختلف شعبہ جات — انتظامی، عدالتی، مالی، دفاعی، اور رفاہی — کو باقاعدہ ادارہ جاتی شکل دی۔ ان اداروں میں کام کرنے کے لیے آپ نے اعلیٰ درجے کی دیانت، قابلیت، اور حکمت رکھنے والے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا انتخاب فرمایا۔ یہ عظیم شخصیات نہ صرف دینی علوم میں ماہر تھیں بلکہ عملی زندگی میں بھی اعلیٰ کردار اور حسنِ انتظام کا نمونہ تھیں۔

اس فصل میں ہم ان نامور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا تعارف پیش کریں گے جنہیں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے مختلف علاقوں میں بطور گورنر، قاضی، بیت المال کے نگران، لشکر کے سپہ سالار، اور رفاہی خدمات کے ذمہ دار مقرر فرمایا۔ ان حضرات کی خدمات نہ صرف اس وقت کی اسلامی ریاست کو مستحکم کرنے میں معاون بنیں بلکہ آنے والی نسلوں کے لیے بھی مثالی نمونہ قرار پائیں۔

ہم عہدِ فاروقی کے انتظامی و رفاہی عہدوں کو درج ذیل حصوں میں تقسیم کریں گے:

1. مرکزی مشیر و مشاورت کا نظام(Central Advisors / Ministers)

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے وزراءCabinet Members / Senior Advisors

2. گورنری و علاقائی نظم و نسق(Provincial Governance)

عہدِ فاروقی کے گورنرزProvincial Governors / Regional Administrators

3. عدالتی و قانونی نظام(Judiciary and Legal Affairs)

عہدِ فاروقی کے قضاةJudges / Chief Justices

4. عسکری قیادت و دفاعی نظم(Military Administration)

عہدِ فاروقی کے عسکری ذمہ دارانMilitary Commanders / Defense Chiefs

5. مالی نظم و نسق و زکوٰۃ کی تقسیم(Financial Administration)

عہدِ فاروقی کے مالی معاملات کے نگرانTreasury Officers / Finance Administrators

6. داخلی سلامتی و سرحدی تحفظ(Internal Security and Border Control)

سیکورٹی کے ذمہ دارSecurity Officers / Intelligence & Border Control

7. کتابت، ریکارڈ اور سرکاری تحریر کا نظام(Bureau of Records and Documentation)

تحریر و کتابت کے ذمہ دارState Scribes / Secretaries / Record Keeper

## مرکزی مشیران و مشاورت کا نظام(Central Advisors / Ministers)

اسلامی خلافت کا نظام شخصی آمریت یا فردِ واحد کے فیصلوں پر نہیں، بلکہ مشاورت، عدل اور اجتماعی دانش پر قائم تھا۔ خلفائے راشدین خصوصاً حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے مشاورت کو حکمرانی کا ایک لازمی ستون بنایا۔ آپ رضی اللہ عنہ ہر اہم فیصلے سے قبل باصلاحیت، باکردار اور تجربہ کار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے رائے لیا کرتے تھے۔ ان مشوروں کی بنیاد قرآن و سنت، سیرت نبوی ﷺ، اور امت کی فلاح و اصلاح پر ہوا کرتی تھی۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے قریبی مشیرین میں وہ جلیل القدر اصحاب شامل تھے جو علم، دیانت، قیادت، فقاہت، سیاسی فہم اور دور اندیشی میں ممتاز مقام رکھتے تھے۔ آپ نے ان صحابہ کو نہ صرف مشاورت کا شرف بخشا، بلکہ بعض کو مخصوص شعبوں میں فیصلہ کن اختیارات بھی عطا فرمائے۔ یہی مجلس مشاورت بعد میں اسلامی سیاسی نظام کی بنیاد بنی، جسے جدید اصطلاح میں **کابینہ** **(Cabinet)** یا **مجلسِ مشیرین** **(Council of Advisors)** کہا جاتا ہے۔

اس بحث میں ہم ان ممتاز صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا تعارف پیش کریں گے، جو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے مشیرین میں شامل تھے اور جن کی رائے نے اسلامی حکومت کے اصولوں، پالیسیوں اور فتوحات کی سمت متعین کی۔

ان کی اجمالی فہرست حسب ذیل ہے۔

عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ

علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ

عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ

معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ

زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ

طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ عنہ

سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ

ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ

# عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ

## نام و نسب

عثمان بن عفان بن ابی العاص بن امیہ بن عبد شمس بن عبد مناف بن قصی بن کلاب[1]۔ اس طرح عبد مناف پر آپ کا سلسلہ نسب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سلسلہ نسب میں جاملتا ہے۔آپ کی والدہ اروی بنت کریز بن ربیعہ بن حبیب بن عبد شمس بن عبد مناف بن قصی ہیں[2]۔

## کنیت

دور جاہلیت میں آپ کی کنیت ابو عمرو تھی، لیکن جب آپ کی زوجیت میں رقیہ بنت رسول اللہ آئیں اور ان کے بطن سے ایک لڑکا پیدا ہوا جس کا نام عبداللہ رکھا گیا اس وقت سے آپ نے ابو عبداللہ کی کنیت اختیار کی اور مسلمانوں نے اسی کنیت سے آپ کو یاد کرنا شروع کردیا[3]۔

## لقب

عثمان رضی اللہ عنہ کو ذوالنورین کے لقب سے یاد کیا جاتا تھا، علامہ بدرالدین عینی بخاری کی شرح میں لکھتے ہیں :

"اس لیے کہ آپ کے سوا کوئی ایسا نہیں ہے جس کی زوجیت میں نبی کی دو بیٹیاں آئی ہوں[4]۔

## اوصاف

امام زہری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: عثمان رضی اللہ عنہ درمیانہ قد حسین بالوں والے اور خوبصورت تھے، سر کے سامنے کے بال گر گئے تھے، دونوں قدموں کے درمیان اچھا فاصلہ تھا[5]، ناک اونچی تھی، پنڈلیاں ضخیم تھیں، بازو لمبے تھے، بال گھنگریالے تھے، دانت انتہائی خوبصورت تھے۔آپ کی زلفیں کانوں سے نیچے لٹکتی تھیں۔ بعض لوگوں نے کہا ہے کہ آپ کا رنگ گندمی تھا، لیکن صحیح بات یہ ہے کہ آپ گورے چٹے تھے[6]۔

## دور جاہلیت میں آپ کا مقام

دور جاہلیت میں عثمان رضی اللہ عنہ کا شمار اپنی قوم کے افضل ترین لوگوں میں ہوتا تھا۔آپ جاہ وحشمت کے مالک، شیریں کلام، شرم وحیا کے پیکر اور مال دار تھے۔ قوم کے لوگ آپ سے بڑی محبت کرتے اور توقیر و تعظیم کا برتاؤ کرتے۔ جاہلیت میں بھی کبھی کسی بت کو سجدہ نہ کیا اور نہ برائی کا ارتکاب کیا۔ اسلام سے قبل شراب نہ پی۔آپ کہا کرتے تھے یہ عقل کو زائل کرتی ہے اور انسان کے لیے اللہ تعالیٰ کی طرف سے بلند ترین عطیہ

---

[1] عسقلانی، احمد بن علی بن محمد بن علی بن احمد المعروف بابن حجر، الاصابۃ فی تمییز الصحابہ، ج4، ص ۳۷۷، رقم 5463، مکتبہ رحمانیہ، لاہور۔

[2] الأشعري، أبو عبداللہ محمد بن يحيى بن محمد بن يحيى بن أحمد بن محمد بن بكر المالقي الأندلسي، التمہید والبیان فی مقتل الشہید عثمان، ص 19، دار الکتب العلمیہ۔

[3] ایضاً

[4] عسقلانی، احمد بن علی بن محمد بن علی بن احمد المعروف بابن حجر، الاصابۃ فی تمییز الصحابہ، ج4، ص ۳۷۷، رقم 5463، مکتبہ رحمانیہ، لاہور۔

[5] طبری، محمد بن جریر، تاریخ الطبری تاریخ الرسل والملوک، ج5، ص 440، ط دوم، 1998، عباس احمد الباز، ایران۔

[6] ابن الجوزی، ابوالفرج عبدالرحمٰن بن ابوالحسن علی بن محمد بن علی بن عبیداللہ قرشی تیمی بکری، صفوۃ الصفوۃ، ج 1، ص 295، داراحیاء التراث العربی۔

عقل ہے۔ انسان پر لازم ہے کہ وہ اس کے ذریعہ سے بلندی حاصل کرے اس کو برباد کرنے کی کوشش نہ کرے۔ دور جاہلیت میں بھی لہو ولعب کی محفلیں اور گیت وسنگیت آپ کو اپنی طرف مائل نہ کر سکے۔ عثمان رضی اللہ عنہ کو اپنی ستر دیکھنا بھی گوارا نہ تھا[1] ۔

[1] احمد شلبی، موسوعۃ التاریخ الاسلامی، ج1، ص618، مکتبہ النہضہ، مصر۔

## قبول اسلام

جس وقت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے آپ کو اسلام کی دعوت پیش کی اس وقت آپ کی عمر چونتیس (۳۴) سال تھی۔ اس دعوت پر آپ نے کوئی لیت و لعل نہ کیا بلکہ ابو بکر رضی اللہ عنہ کی دعوت پر فوراً لبیک کہا اور سابقین اولین کی سنہری فہرست میں داخل ہو گئے۔ چنانچہ ابو اسحاق کا بیان ہے: ابو بکر، علی اور زید بن حارثہ رضی اللہ عنہم کے بعد سب سے پہلے اسلام قبول کرنے والے عثمان رضی اللہ عنہ تھے [1]۔ اس طرح مردوں میں چوتھے نمبر پر اسلام قبول کرنے والے آپ تھے۔

## رقیہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے آپ کی شادی

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رقیہ رضی اللہ عنہا کا عقد عتبہ بن ابی لہب اور ام کلثوم رضی اللہ عنہا کا عقد عتیبہ بن ابی لہب سے کر رکھا تھا لیکن جب سورۃ المسد نازل ہوئی تو ابو لہب اور اس کی بیوی ام جمیل بنت حرب نے اپنے دونوں بیٹوں کو طلاق دینے کا حکم دے دیا اللہ کے فضل و کرم سے ابھی رخصتی نہیں ہوئی تھی۔ دونوں نے اپنے والدین کے حکم پر عمل کرتے ہوئے طلاق دے دی۔ عثمان رضی اللہ عنہ کو جب اس کی خبر ملی تو بے حد خوش ہوئے اور رقیہ رضی اللہ عنہا سے شادی کا پیغام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پیش کیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پیغام کو قبول کرتے ہوئے شادی کر دی، ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا نے رقیہ کو رخصت کیا۔ عبدالرحمن بن عثمان القرشی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی بیٹی کے گھر تشریف لے گئے، اس وقت وہ عثمان رضی اللہ عنہ کا سر دھلا رہی تھیں، اس موقع پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”بیٹی! ابو عبداللہ کے ساتھ اچھا برتاؤ کرو، یقیناً وہ میرے صحابی ہیں، اخلاق میں مجھ سے سب سے زیادہ مشابہ ہیں [2]۔“

## ام کلثوم رضی اللہ عنہا سے شادی ۳ھ

ام کلثوم رضی اللہ عنہا اپنی کنیت سے معروف ہیں، ان کا نام معروف نہیں ہے، الّا یہ کہ حاکم نے مصعب زبیری سے ان کا نام امیہ نقل کیا ہے۔ یہ عمر میں فاطمہ رضی اللہ عنہ سے بڑی تھیں۔ سعید بن مسیب رحمہا اللہ کا بیان ہے کہ جب رقیہ رضی اللہ عنہا کا انتقال ہو گیا اور ادھر حفصہ بنت عمر رضی اللہ عنہا کے شوہر وفات پا گئے تو عمر رضی اللہ عنہ عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور ان سے کہا: کیا حفصہ سے شادی کرو گے؟ تو چوں کہ آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے حفصہ رضی اللہ عنہا سے متعلق سن رکھا تھا اس لیے کوئی جواب نہ دیا۔ عمر رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا ذکر کیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم اس سے بہتر چاہتے ہو؟ میں حفصہ سے شادی کر لیتا ہوں اور عثمان کی شادی حفصہ سے بہتر ام کلثوم سے کر دیتا ہوں [3]۔

---

[1] ابن ہشام، ابو محمد عبدالملک بن ھشام بن ایوب حمیری، السیرۃ النبویۃ المعروف بسیرۃ ابن ہشام، ج1، ص287-289، ط1988، دار المعرفہ۔

[2] الہیثمی، علی ابن ابو بکر، مجمع الزوائد ومنبع الفوائد، ج9، ص89، حدیث نمبر 14500، دار الفکر۔

[3] نیسابوری، الحافظ ابو عبداللہ الحاکم، مستدرک حاکم، ج4، ص49، ط سوم، دار احیاء التراث العربی، 2012۔

## اسلامی حکومت کی تعمیر میں اقتصادی تعاون

عثمان رضی اللہ عنہ ان اغنیاء میں سے تھے جنھیں اللہ تعالیٰ نے مال و دولت سے نوازا تھا۔آپ بہت بڑے تاجر تھے، مال و دولت کی انتہا نہ تھی، لیکن آپ نے اس مال و دولت کو اللہ تعالیٰ کی رضا اور اس کی اطاعت میں لگا رکھا تھا، ہر کار خیر میں سبقت کرتے اور بے دریغ خرچ کرتے، فقر و محتاجی کا ذرا بھی خوف نہ کھاتے، بطور مثال بعض مواقع کا یہاں ذکر کیا جا رہا ہے جس میں عثمان رضی اللہ عنہ نے بے دریغ اپنا مال خرچ کیا:

## بئر رومہ

مدینہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد سے قبل رومہ کا پانی لوگ خرید کر پیا کرتے تھے۔جب مہاجرین مدینہ پہنچے تو انہیں پانی کی ضرورت پڑی۔ بنی غفار میں سے ایک شخص کے پاس پانی کا ایک چشمہ تھا، جس کو رومہ کہا جاتا تھا، اور وہ ایک مشک ایک مد میں بیچتا تھا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے کہا: کیا تم اس کو جنتی چشمے کے عوض بیچو گے ؟''اس نے عرض کیا: یارسول اللہ! میرے اور میری اولاد کے لیے اور کوئی ذریعہ معاش نہیں ہے، یہ بات جب عثمان رضی اللہ عنہ کو پہنچی تو انہوں نے اسے ۳۵ہزار درہم میں خرید لیا، پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور عرض کیا: کیا مجھے بھی وہی ملے گا جو آپ نے اس شخص کے لیے فرمایا تھا؟آپ نے فرمایا: ہاں، عثمان رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: میں نے اس کو مسلمانوں کے لیے عام کر دیا ہے[1]۔یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ ایک یہودی کا کنواں تھا جس کا پانی وہ مسلمانوں کو بیچتا تھا۔ عثمان رضی اللہ عنہ نے اس کو بیس ہزار درہم میں خرید کر غنی و فقیر اور مسافر سب کے لیے عام کر دیا[2]۔

## مسجد نبوی کی توسیع

جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد نبوی کی تعمیر مدینہ میں فرمائی تو مسلمان پنج وقتہ نماز اور خطبہ جمعہ سننے کے لیے جمع ہونے لگے، جس کے اندر انہیں اوامر و نواہی دیے جاتے تھے، اور اسی مسجد میں دین کی تعلیم کرتے اور یہیں سے تیار ہو کر غزوات کے لیے روانہ ہوتے۔اس طرح مسجد لوگوں کے لیے تنگ ہو گئی۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض صحابہ کو رغبت دلائی کہ مسجد کے بغل میں ایک قطعہ ارض خرید کر مسجد کے لیے وقف کر دیں تاکہ مسجد کی توسیع کر دی جائے، چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

من یشتری بقعۃ آل فلان فیزیدھا فی المسجد بخیر لہ منھا فی الجنۃ

''کون ہے جو فلاں کی زمین خرید کر مسجد میں اضافہ کر دے جس کو جنت میں اس سے بہترین جگہ ملے ؟''

یہ عثمان رضی اللہ عنہ نے اپنے مال میں سے پچیس یا بیس ہزار درہم دے کر خرید لیا، پھر وہ جگہ مسجد نبوی میں شامل کر دی گئی[3]۔

## حضرت عثمان عہد فاروقی میں

عمر رضی اللہ عنہ کے نزدیک عثمان رضی اللہ عنہ کا انتہائی بلند مقام تھا، لوگ جب عمر رضی اللہ عنہ سے کچھ منوانا چاہتے تو عثمان اور عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ کا سہارا لیتے۔دور فاروقی میں عثمان رضی اللہ عنہ کو ردیف کہا جاتا تھا۔ عربی میں ردیف شہسوار کے پیچھے سوار ہونے والے کو کہتے ہیں، اور عرب بادشاہ کے ہم نشین اور ثانی کو ردیف کہتے ہیں۔جب ان دونوں سے کام نہیں بنتا تو تیسرے نمبر پر عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کا سہارا لیتے[4]۔

---

[1] مبارک پوری، عبدالرحمٰن، تحفہ الاحوذی،ص194، مکتبہ رحمانیہ، پاکستان۔

[2] ایضاً

[3] الترمذی، محمد ابن عیسی بن سورۃ، سنن الترمذی، کتاب الدعوات، حدیث نمبر 3561، مکتبہ رحمانیہ، لاہور۔

[4] طبری، محمد بن جریر، تاریخ الطبری تاریخ الرسل والملوک، ج4، ص83، ط دوم، 1998، عباس احمد الباز، ایران۔

جب عمر رضی اللہ عنہ نے مسند خلافت کو سنبھالا تو کبار صحابہ سے بیت المال سے وظیفہ لینے سے متعلق مشورہ لیا تو عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کھایئے اور کھلایئے[1]۔ جس وقت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے عمر رضی اللہ عنہ کو بیت المقدس فتح کرنے کے لیے وہاں پہنچنے کی دعوت دی تو عمر رضی اللہ عنہ نے اس سلسلہ میں لوگوں سے مشورہ لیا، عثمان رضی اللہ عنہ نے مشورہ دیا: آپ وہاں تشریف نہ لے جائیں تاکہ اس سے نصاریٰ کو ذلت و رسوائی حاصل ہو، اگر آپ وہاں نہیں گئے تو وہ سمجھ جائیں گے کہ آپ کو ان کی پروا نہیں ہے اور آپ ان سے قتال کے لیے تیار ہیں، پھر وہ جلد ہی اپنی شکست تسلیم کر کے جزیہ ادا کرنے کے لیے تیار ہو جائیں گے[2]۔ عمر رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں عثمان رضی اللہ عنہ کی حیثیت خلیفہ کے وزیر کی تھی۔ آدور فاروقی میں آپ کا وہی مقام تھا جو خلافت صدیقی میں عمر رضی اللہ عنہ کا مقام تھا۔ اللہ رب العزت نے ابوبکر رضی اللہ عنہ کے لیے عمر رضی اللہ عنہ کی وزارت سے وہ کام کیا جو اپنے خاص بندوں کے لیے کرتا ہے اور عمر رضی اللہ عنہ کے لیے عثمان رضی اللہ عنہ کی وزارت سے وہ کام کیا جو اپنے خاص بندوں کے لیے کرتا ہے۔

ابوبکر رضی اللہ عنہ انتہائی رحم دل تھے اور عمر رضی اللہ عنہ حق کے لیے انتہائی سخت تھے۔ اللہ تعالیٰ نے صدیق رضی اللہ عنہ کی رحمت اور فاروق رضی اللہ عنہ کی شدت کے درمیان امتزاج قائم کر دیا جس سے صدق کی خلافت، عدل کی سیاست اور عزم کی قوت برپا ہوئی۔ عثمان رضی اللہ عنہ رحمت میں صدیق رضی اللہ عنہ کے زیادہ مشابہ تھے اور فاروق رضی اللہ عنہ اپنی شدت پر قائم تھے تو جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے بعد خلافت کی باگ ڈور سنبھالی تو اللہ تعالیٰ نے عثمان رضی اللہ عنہ کی وزارت کے ذریعہ سے صدیق رضی اللہ عنہ کی رفق ورحمت کا عوض انہیں عطا کر دیا اور دونوں کے باہمی تعاون و امتزاج سے نظام حکومت و سیاست محکم ترین اور عادل ترین سیاست کی مثال قائم ہوئی۔ خلافت فاروقی میں عثمان رضی اللہ عنہ کا یہ مقام و مرتبہ لوگوں کے درمیان معروف تھا۔ عثمان رضی اللہ عنہ ہی نے دیوان اور تاریخ نویسی کی تجویز پیش کی۔

### دواوین

جب اسلامی فتوحات کا سلسلہ وسیع ہوا اور مال کثرت سے خلافت کے خزانے میں پہنچنے لگا تو عمر رضی اللہ عنہ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو ان اموال کے سلسلہ میں مشورہ کے لیے جمع کیا۔ عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں دیکھتا ہوں مال بہت ہے جو تمام لوگوں کے لیے کافی ہے اگر لوگوں کا احصاء نہ کیا گیا تاکہ یہ معلوم ہو سکے کہ کس نے لیا اور کس نے نہیں لیا تو مجھے خوف ہے کہ آگے مشکلات پیدا ہوں گی۔ عمر نے عثمان رضی اللہ عنہ کی رائے کو اختیار کیا اور دواوین تیار کرنے کا حکم جاری کیا[3]۔

### تاریخ

بعض روایات سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ سن ہجری کا آغاز ماہ محرم سے کرنے کے سلسلہ میں عثمان رضی اللہ عنہ نے عمر رضی اللہ عنہ کو مشورہ دیا تھا۔ جب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم مشورہ کے بعد اس بات پر متفق ہو گئے کہ اسلامی سن کا آغاز نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے واقعہ ہجرت سے کیا جائے، جس نے حق و باطل کے مابین فرق قائم کر دیا ہے، لیکن سن ہجری کا آغاز کس مہینہ سے کیا جائے؟ اس سلسلہ میں لوگوں کے آراء مختلف تھے۔ عثمان

---

[1] ایضاً ص 84

[2] ایضاً ص 87

[3] طبری، محمد بن جریر، تاریخ الطبری تاریخ الرسل والملوک، ج 5، ص 203، ط دوم، 1998، عباس احمد الباز، ایران۔

رضی اللہ عنہ نے کہا: محرم کو سال کا پہلا مہینہ قرار دیا جائے کیوں کہ یہ حرمت والے مہینوں میں سے ہے شمار میں پہلا مہینہ ہے اور اس وقت لوگ حج سے لوٹ چکے ہوتے ہیں۔ عمر رضی اللہ عنہ اور دیگر اصحاب شوریٰ نے اس کو پسند کیا اور اس کو معمول بہ بنالیا گیا اور اسلامی تاریخ کی ابتدا ہو گئی [1]۔

### خراجی زمین

عثمان نے عمر رضی اللہ عنہما سے اس رائے کی بھرپور تائید فرمائی کہ مفتوحہ اراضی فاتحین کے درمیان تقسیم نہ کی جائے بلکہ اسے مالکین اراضی کے پاس رہنے دیا جائے، وہ مسلمانوں اور ان کی ذریت کے لیے فے کے طور پر باقی رہے تاکہ سب اس سے مستفید ہوں [2]۔

### امہات المومنین کے ساتھ حج

جب ۱۳ھ میں عمر رضی اللہ عنہ مسند خلافت پر جلوہ افروز ہوئے تو اس سال عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ کو امیر حج مقرر فرمایا۔ انہوں نے لوگوں کے ساتھ حج کیا، اور اسی طرح ۲۳ھ میں جو آخری حج عمر رضی اللہ عنہ نے کیا، عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ آپ کے ساتھ تھے۔ اس سال عمر رضی اللہ عنہ نے ازواج مطہرات کو حج کرنے کی اجازت دی، انہیں ہودج میں سوار کیا گیا۔ عمر رضی اللہ عنہ نے ان کے ساتھ عثمان بن عفان اور عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ کو روانہ کیا۔ عثمان رضی اللہ عنہما اپنی سواری پر سوار ازواج مطہرات کے آگے آگے چلتے اور کسی کو بھی ان کے قریب نہ آنے دیتے اور جہاں عمر رضی اللہ عنہ پڑاؤ ڈالتے وہاں ازواج مطہرات بھی منزل کرتیں، عثمان اور عبدالرحمن رضی اللہ عنہ انہیں گھاٹیوں میں اتارتے اور یہ دونوں گھاٹی کے بالکل کنارے رہتے اور کسی کو ان کے پاس سے گزرنے نہ دیتے [3]۔

---

[1] صادق عرجون، عثمان بن عفان، ص 20، الدار السعودیہ، ریاض۔

[2] ایضاً ص 28

[3] الزہری، محمد بن سعد بن منیع، کتاب الطبقات الکبیر ((طبقات کبری، ط الخانجی))، ج 3، ص 134، ط ثالث، مکتبۃ الخانجی، قاہرہ، 2001۔

# حضرت علی کرم اللہ وجہہ

## نام، کنیت اور لقب

عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ هَاشِمِ بْنِ عَبْدِ مَنَافِ بْنِ قُصَيِّ بْنِ كِلَابِ بْنِ مُرَّةَ بْنِ كَعْبِ بْنِ لُؤَيٍّ، الْقُرَشِيُّ الْهَاشِمِيُّ[1]۔ آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچازاد بھائی تھے۔ آپ کے دادا عبد المطلب بن ہاشم پر آپ کا نسب خاندان نبوت سے مل جاتا ہے۔ عبد المطلب کے صاحبزادے ابو طالب، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے والد عبد اللہ کے حقیقی بھائی تھے، آپ کی ولادت کے وقت آپ کی ماں نے اپنے باپ اسد بن ہاشم کے نام پر آپ کا نام "اسد" رکھا تھا[2]، اسی لیے غزوۂ خیبر کے موقع پر آپ نے رجزیہ اشعار پڑھتے ہوئے کہا تھا:

انا الّذِیْ سَمَّتْنِی اُمِّي حَیْدَرة      کَلَیْث غَابَاتٍ کَرِیهة الْمَنْظَرة

"میں وہ شخص ہوں کہ میری ماں نے میرا نام حیدر رکھا ہے، جیسے جنگل کا ببر شیر کہ جسے خوف سے کوئی دیکھنے کو تیار نہ ہو۔"

جب آپ کی ماں نے آپ کا یہ نام رکھا تھا اس وقت ابو طالب گھر میں موجود نہ تھے، جب آئے تو آپ کو یہ نام پسند نہ آیا اور آپ کا نام علی رکھ دیا[3]۔

آپ کی کنیت ابو الحسن ہے[4]۔ یہ نسبت آپ کے بڑے صاحبزادے حسن رضی اللہ عنہ کی طرف ہے جو کہ فاطمہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بطن سے پیدا ہوئے۔ آپ کی کنیت ابو تراب بھی ہے، اس کنیت سے آپ کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نوازا تھا، جب آپ کو ابو تراب کہہ کر پکارا جاتا تھا تو آپ بہت خوش ہوتے تھے[5]۔

## پیدائش

اس سلسلہ میں روایات متعدد و مختلف ہیں کہ آپ کی پیدائش کس سن میں ہوئی، چنانچہ حسن بصری کے نزدیک آپ کی ولادت بعثت نبوی سے پندرہ یا سولہ برس پہلے ہوئی۔ جبکہ ابن اسحاق کے نزدیک آپ کی ولادت بعثت نبوی سے دس برس پہلے ہوئی۔ حافظ ابن حجر نے دوسرے قول کو راجح قرار دیا ہے۔ اور الباقر محمد بن علی نے اس سلسلہ میں دو اقوال نقل کیے ہیں: ایک تو ابن اسحاق کی تحقیق کے مطابق کہ جسے حافظ ابن حجر نے بھی راجح مانا ہے، یعنی بعثت نبوی سے دس برس پہلے۔ دوسرا یہ کہ آپ کی ولادت بعثت نبوی کے پانچ سال پہلے ہوئی۔

## جسمانی اوصاف

ابن عبد البر اپنی کتاب میں لکھتے ہیں کہ میں نے کیا خوب ان کے اوصاف لکھے دیکھے ہیں کہ ان کا قد درمیانہ مگر قدرے ٹھگنا تھا، آنکھیں بڑی بڑی اور سیاہ تھیں، چہرہ خوبصورتی میں چودھویں کے چاند جیسا تھا، پیٹ توندیلا اور کندھے کی ہڈی چوڑی تھی، ہتھیلیاں سخت تھیں، گردن مثل ایک چاندی کی صراحی تھی، ان کی چاندپر بال نہیں تھے، مگر گدی اور سر پیچھے کی طرف بالوں سے بھرا ہوا تھا، داڑھی بڑی تھی، دونوں طرف کی ہڈیاں شیر کے کندھے کی ہڈیوں جیسی مضبوط تھیں، کلائی اور بازوں میں فرق نہیں تھا، یعنی دونوں ایک سے، ٹھوس اور مضبوط تھے، چلنے میں آگے کو جھک کر چلتے

---

[1] ابن الاثیر، عزالدین ابو الحسن علی بن محمد بن عبد الکریم الجزری، اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ، ج4، ص91، جمعیۃ المعارف المصریہ، ط4، 1935، مصر۔

[2] عسقلانی، احمد بن علی بن محمد بن علی بن احمد المعروف بابن حجر، الاصابۃ فی تمییز الصحابہ، ج1، ص۵۰۷، مکتبہ رحمانیہ، لاہور۔

[3] الطبری، عیسی بن عبد اللہ بن محمد، الریاض النضرۃ فی مناقب العشرۃ، ص617، دار الغرب الاسلامی۔

[4] ابن الاثیر، عزالدین ابو الحسن علی بن محمد بن عبد الکریم الجزری، اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ، ج4، ص91، جمعیۃ المعارف المصریہ، ط4، 1935، مصر۔

[5] ابن أبي صفرۃ، المهلب بن أبي صفرۃ التمیمي المالكي الأندلسي، المختصر النصیح في تهذیب الكتاب الجامع الصحیح، ج4، ص81، دار اہل السنۃ - دار التوحید۔

تھے، جب کسی کی کلائی پکڑ لیتے تو اس شخص کا گلا گھٹ جاتا اور وہ سانس نہیں لے سکتا تھا، رنگ میں گندم گوں تھے، کلائی اور ہاتھ سخت تھے۔ جب جنگ کے لیے نکلتے تو پورے اطمینان قلب کے ساتھ تیز رفتاری سے چلتے۔ نہایت طاقتور بہادر تھے[1]۔

### اسلام لانے کا واقعہ

ابن اسحاق کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ سیّدنا علی بن ابی طالب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے، اس وقت خدیجہ رضی اللہ عنہا اسلام لا چکی تھیں، دیکھا تو دونوں نماز پڑھ رہے تھے، علی رضی اللہ عنہ نے پوچھا: یہ کیا معاملہ ہے؟ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: «دِينُ اللَّهِ الَّذِي اصْطَفَى لِنَفْسِهِ، وَبَعَثَ بِهِ رُسُلَهُ، فَأَدْعُوكَ إِلَى اللَّهِ وَإِلَى عِبَادَتِهِ وَكُفْرٍ بِاللَّاتِ وَالْعُزَّى.» "یہ اللہ کا دین ہے جسے اس نے اپنے لیے پسند کیا اور اسی کے لیے انبیاء کو مبعوث کیا ہے، میں تمہیں بھی اللہ واحد اور اس کی عبادت کی طرف بلاتا ہوں اور چاہتا ہوں کہ لات اور عزیٰ کو معبود ماننے سے انکار کر دو۔"[2]

## سیّدنا علی رضی اللہ عنہ عہد فاروقی میں

سیّدنا علی رضی اللہ عنہ حکومت فاروقی کی مجلس شوریٰ کے ایک نمایاں ممبر تھے، آپ ہی مشیر اوّل تھے۔ عمر رضی اللہ عنہ، علی رضی اللہ عنہ کی فضیلت فقاہت، اور حکمت کے معترف تھے اور ان کے بارے میں بہترین رائے رکھتے تھے، ان کے بارے میں عمر رضی اللہ عنہ کا یہ قول ہے کہ ہم میں سب سے بہترین فیصلہ کرنے والے علی (رضی اللہ عنہ) ہیں[3]۔ ابن الجوزی لکھتے ہیں کہ ابو بکر و عمر دونوں ہی علی رضی اللہ عنہ سے مشورہ لیا کرتے تھے اور عمر بسا اوقات کہتے تھے:

"ایسے پیچیدہ معاملات سے اللہ کی پناہ چاہتا ہوں جسے ابوالحسن نہ حل کر سکیں[4]۔"

مسروق کے مطابق لوگ چھ آدمیوں کے پاس اپنے معاملات و مسائل لے کر جاتے تھے وہ عمر، علی، عبداللہ، ابو موسیٰ، زید بن ثابت اور اُبی بن کعب رضی اللہ عنہم تھے" اور کہا کہ "میں نے اصحاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو علم میں آزمایا تو معلوم ہوا کہ چھ لوگوں پر ان کے علوم کی انتہا ہے۔ وہ عمر، علی، عبداللہ، ابو درداءؓ، اُبی بن کعب اور زید بن ثابت رضی اللہ عنہم ہیں، پھر ان چھ کے درمیان میں نے مقابلہ کیا تو دیکھا کہ صرف دو کے علم پر بقیہ لوگوں کے علم کی انتہا ہے، وہ علی اور عبداللہ رضی اللہ عنہما ہیں[5]۔"

مسروق ہی کا قول ہے کہ "تین شخصیات پر علم کی انتہا ہے، ایک عالم مدینہ، دوسرے عالم شام اور تیسرے عالم عراق۔ مدینہ کے بڑے عالم علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ ہیں، کوفہ کے بڑے عالم عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ہیں اور شام کے بڑے عالم ابو درداء رضی اللہ عنہ ہیں اور اگر کبھی یہ تینوں یکجا ہوتے تو عالم شام اور عالم عراق عالم مدینہ سے سوال کرتے اور وہ ان سے سوال نہ کرتے[6]۔ علی رضی اللہ عنہ، عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے مقرب ترین لوگوں میں سے تھے ان سے مکمل تعاون کرتے تھے، جن معاملات و مسائل میں صریح نص نہ ہوتی انھیں حل کرنے میں نوخیز

---

[1] أَبُو عُمَرُ يُوسُفُ بْنُ عَبْدِ اللهِ النَّمِرِيُّ المعروف بابن عَبْدِ البَرِّ، الاستيعاب في معرفة الأصحاب، ج3، ص1123، مرکز ہجر للبحوث۔

[2] ابن الاثیر، عزالدین ابوالحسن علی بن محمد بن عبدالکریم الجزری، اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ، ج4، ص92، جمعیۃ المعارف المصریہ، ط4، 1935، مصر۔

[3] أَبُو عُمَرُ يُوسُفُ بْنُ عَبْدِ اللهِ النَّمِرِيُّ المعروف بابن عَبْدِ البَرِّ، الاستيعاب في معرفة الأصحاب، ج3، ص1102، مرکز ہجر للبحوث۔

[4] الشیبانی، احمد بن حنبل، فضائل الصحابۃ، ج2، ص690، مرکز البحث العلمی واحیاء التراث الاسلامی، مکہ المکرمہ۔

[5] علی بن المدینی، علل الحدیث و معرفۃ الرجال، ص((42،43))، دار الفکر۔

[6] البسوی، ابو یوسف یعقوب بن سفیان، المعرفۃ والتاریخ، ج1، ص444، مکتبہ الدار، المدینہ المنورہ۔

حکومت کے معاملات کی تنظیم میں عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ پوری کوشش کرتے تھے۔اس کی کئی مثالیں اور دلائل ہیں، یہاں چند ایک کا تذکرہ کیا جارہا ہے:

### عدالتی معاملات

ابی ظبیان جنبی سے روایت ہے کہ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس ایک عورت پیش کی گئی جس نے زنا کر لیا تھا، آپ نے اسے رجم کرنے کا حکم دے دیا، لوگ اسے رجم کرنے جارہے تھے کہ راستہ میں علی رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوگئی، آپ نے پوچھا: اس کا کیا معاملہ ہے ؟لوگوں نے بتایا کہ اس نے زنا کیا ہے اور عمر رضی اللہ عنہ نے اسے رجم کرنے کا حکم دیا ہے، علی رضی اللہ عنہ نے عورت کو ان سے چھڑالیا اور سب کو عمر رضی اللہ عنہ کے پاس بھیج دیا، وہ سب واپس گئے تو عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے پوچھا: کیوں لوٹ آئے ؟انھوں نے کہا: علی رضی اللہ عنہ نے ہمیں واپس لوٹا دیا ہے، عمر رضی اللہ عنہ نے سن کر کہا: ضرور کوئی بات ہے، تبھی علی نے ایسا کیا ہے، ورنہ ایسا نہ کرتے، پھر آپ نے علی رضی اللہ عنہ کو بلا بھیجا، آپ تشریف لائے آپ کے چہرہ پر ناراضی کے آثار تھے، عمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا: کیا وجہ ہے، آپ نے ان لوگوں کو کیوں واپس کر دیا؟ آپ فرمایا: کیا آپ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے نہیں سنا ہے کہ تین قسم کے لوگ مرفوع القلم ہیں، سونے والا جب تک کہ بیدار نہ ہو جائے، بچہ، جب تک کہ بالغ نہ ہو جائے، پاگل، جب تک کہ اس کا دماغ صحیح نہ ہو جائے۔ سیّدنا عمر رضی اللہ عنہ کہا: ہاں میں نے سنا ہے، علی رضی اللہ عنہ نے کہا: تو یہ عورت فلاں قبیلہ کی پاگل ہے، ممکن ہے زانی نے ایسے وقت میں اس سے زنا کیا ہو جب اس کے ہوش وحواس صحیح نہ رہے ہوں۔ عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: یہ تو معلوم نہیں ہے۔ پھر آپ نے اسے رجم نہ کیا[1]۔ عمر رضی اللہ عنہ نے پہلا فیصلہ اس بنا پر دیا تھا کہ آپ کو عورت کے جنون کا علم نہیں تھا۔

### شراب نوش پر دوگنی حد

سیّدنا علی رضی اللہ عنہ کی طرف سے شراب کے رسیاانسان کے لیے دوگنی حد کی رائے کو عمر رضی اللہ عنہ نے مانا، کیونکہ ہر جگہ شراب نوشی عام ہوتی جارہی تھی اور خاص طور سے وہ مفتوحہ ممالک جو جلد ہی اسلامی حکومت کے زیر اقتدار آئے تھے۔اس موقع پر علی رضی اللہ عنہ نے عمر رضی اللہ عنہ کو مشورہ دیا کہ شراب نوشی کرنے والے کو کم از کم اسّی (80) کوڑے مارے جائیں اور اس کی علت بیان کرتے ہوئے فرمایا: میرے خیال میں اس کی وجہ یہ ہے کہ جب شراب نوش بدمست ہوگا تو بے ہودگی بکے گا، اور جب بے ہودگی بکے گا تو دوسرے پر تہمت لگائے گا اور تہمت لگانے والے کی شرعی حد اسّی (80) کوڑے ہیں[2]۔ شراب نوشی کرنے والے کے بارے میں علی رضی اللہ عنہ کا یہ قول ثابت ہے کہ میں کسی پر حد نافذ کروں اور وہ مر جائے تو اس پر مجھے رنجیدگی نہیں ہوگی، لیکن اگر شراب نوشی کرنے والا حد کی تنفید سے مر جائے تو میں اس کی دیت (تاوان) ادا کروں گا، کیونکہ یہ حد رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت سے نہیں ہے[3]۔

---

[1] شیبانی، ابو عبداللہ احمد بن محمد بن حنبل ذہلی، مسند احمد بن حنبل، مسند الخلفاء الراشدین، مند علی ابن ابی طالب، حدیث نمبر ((1328))، مکتبہ رحمانیہ۔

[2] البانی، محمد ناصر الدین، ارواء الغلیل، ج4، ص46-47، المکتب الاسلامی۔

[3] ابن حجر، احمد بن علی بن محمد بن علی بن احمد، فتح الباری، ج12، ص66، دار للطبعۃ والنشر والتوزیع۔

## پیٹ میں پلنے والے بچے پر آپ کی حکومت نہیں ہے

عمر رضی اللہ عنہ کے پاس ایک حاملہ عورت لائی گئی، آپ نے اس سے حقیقت دریافت کیا، اس نے اپنے کرتوت کا اقرار کر لیا۔ عمر رضی اللہ عنہ نے اسے رجم کرنے کا فیصلہ دیا، راستہ میں علی رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہو گئی آپ نے پوچھا: اس عورت کا کیا معاملہ ہے؟ لوگوں نے بتایا کہ امیر المومنین نے اسے رجم کرنے کا حکم دیا ہے۔ علی رضی اللہ عنہ نے عورت کو واپس کر دیا ہے اور عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے، پوچھا، کیا آپ نے فلاں عورت کو رجم کرنے کا حکم دیا ہے؟ آپ نے کہا: ہاں، اس نے بدکاری کا اعتراف کیا ہے۔ علی رضی اللہ عنہ نے کہا: ٹھیک ہے عورت پر آپ کی حکومت ہے لیکن اس کے پیٹ میں جو بچہ ہے اس پر آپ کی حکومت نہیں ہے۔ مزید کہا کہ شاید آپ نے اسے ڈانٹا اور جھڑکا ہے، یا ڈرایا دھمکایا ہے؟ عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: یہ ضرور ہوا ہے علی رضی اللہ عنہ نے کہا: کیا آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کو نہیں سنا ہے: ''سزا دینے کے بعد اعتراف کرنے والے پر شرعی حد نافذ نہ ہو گی، جسے تم نے قید کر لیا، یا جیل میں ڈال دیا، یا ڈانٹا دھمکایا اس کا اقرار معتبر نہیں۔'' پھر عمر رضی اللہ عنہ نے اس عورت کو چھوڑ دیا اور کہنے لگے: عورتیں علی بن ابی طالب جیسا (فقیہ ودقیقہ رس) جننے سے بانجھ ہو گئیں اگر علی نہ ہوتے تو عمر ہلاک ہو جاتا[1]۔

## غلطی پر ڈٹے نہ رہو سنت کی طرف رجوع کرو!

سیّدنا عمر رضی اللہ عنہ کے پاس ایک عورت لائی گئی جس کا نکاح دوران عدت کر دیا گیا تھا، آپ نے دونوں میں جدائی کر دی اور عورت کے مہر کو بیت المال میں یہ کہہ کر ڈال دیا کہ میں باطل نکاح پر مہر کو جائز نہیں سمجھتا، جاؤ تم دونوں کبھی آپس میں نکاح نہیں کر سکتے۔ جب علی رضی اللہ عنہ کو یہ فیصلہ معلوم ہوا تو کہنے لگے اگرچہ ان دونوں نے جہالت کی تھی، لیکن سنت یہ ہے کہ عورت کی شرم گاہ حلال کرنے کے بدلے اسے مہر دیا جائے اور دونوں میں عدت ختم ہونے تک جدائی کرادی جائے، پھر وہی آدمی پیغام نکاح دینے والے دوسرے لوگوں کی طرح خود بھی پیغام نکاح دے سکتا ہے۔ عمر رضی اللہ عنہ نے یہ سن کر خطبہ دیا، اور کہا: غلطی پر ڈٹے نہ رہو، سنت کی طرف رجوع کرو اور پھر آپ نے خود علی رضی اللہ عنہ کی بات مان لی[2]۔

## سیّدنا علی رضی اللہ عنہ اور فاروقی مالی وادار ی تنظیمات

### خلیفہ کے اخراجات

سیّدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ کے بعد جب عمر رضی اللہ عنہ مسلمانوں کے خلیفہ بنے تو ایک طویل مدت تک آپ بیت المال سے اپنے لیے کچھ نہ لیتے تھے اور پھر ایسا وقت آگیا کہ سخت ترین حالات اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، تجارت کا منافع ضرورت کے لیے کافی نہ ہوتا تھا، اس لیے کہ زیادہ تر وقت رعایا کے معاملات میں لگ جاتا تھا، حالات کی سنگینی سے مجبور ہو کر آپ نے اصحاب رسول اللہ کو بلا بھیجا اور ان سے اس سلسلہ میں مشورہ کیا، آپ نے کہا: میں نے خلافت اور اس کی ذمہ داریوں کو نبھانے کے لیے خود کو اسی میں مکمل طور سے مشغول کر لیا ہے، لہٰذا اپنے اخراجات کے لیے مجھے اس سے کتنا لینے کی اجازت دیتے ہو؟ عثمان بن عفان اور سعید بن زید بن عمرو بن نفیل رضی اللہ عنہ نے کہا: آپ اس میں سے کھا، پی سکتے ہیں۔ سیّدنا عمر

---

[1] سعد بن عبداللہ بن عبدالعزیز، سنن سعید بن منصور، ج2، ص69، حدیث نمبر 2083، دار الحمید۔

[2] ابن قدامہ؛ عبداللہ بن محمد بن قدامہ الجماعیلي المقدسي ثم الدمشقي الحنبلي، المغنی مع الشرح الکبیر، ج11، ص66-67، مطبعۃ المنار۔

رضی اللہ عنہ نے علی رضی اللہ عنہ سے پوچھا! آپ کیا کہتے ہیں؟ انھوں نے کہا: صرف صبح اور شام کا کھانا لے لیجئے[1]۔ عمر رضی اللہ عنہ نے اسی پر عمل کیا اور بیت المال سے اپنی آمدنی کی وضاحت ان الفاظ میں کی: اللہ کے مال میں، میں نے خود کو یتیم کے نگراں کے قائم مقام بنایا ہے، اگر میں اس سے بے نیاز ہوا تو اسے بھی چھوڑ دوں گا اور اگر مزید ضرورت محسوس ہوئی تو معروف طریقہ سے کھاؤں گا۔

## سواد عراق کے بارے سیّدنا میں علی رضی اللہ عنہ کی رائے

جب جنگ کے ذریعہ سے عراق کی وہ زمین فتح ہوئی جسے ''ارض سواد'' کہا جاتا ہے تو کوئی صحابہ نے عمر رضی اللہ عنہ کو مشورہ دیا کہ اس زمین کو فاتحین کے درمیان تقسیم کر دیں لیکن زمین کی کشادگی و شادابی دیکھ کر عمر رضی اللہ عنہ کی دور رس نگاہیں اس مشورہ پر مطمئن نہ ہوئیں، کیونکہ آپ اسے بعد میں آنے والے مسلمانوں کے لیے چھوڑنا چاہتے تھے، چنانچہ علی رضی اللہ عنہ نے عمر رضی اللہ عنہ کو مشورہ دیا کہ اسے تقسیم نہ کریں، دونوں کی آراء یکساں ٹھہریں اور آپ نے ان کا مشورہ قبول کر لیا، اور کہا:

''اگر بعد میں آنے والے مسلمان نہ ہوتے تو میں جن علاقوں کو فتح کرتا انھیں وہاں کے باشندوں میں تقسیم کر دیتا جیسا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کو تقسیم کر دیا تھا[2]۔''

## تم اس مال کو ضرور تقسیم کر دو

سیّدنا عمر رضی اللہ عنہ کے پاس ایک مرتبہ بہت سارا مال آیا، مستحقین میں تقسیم کرنے کے بعد کچھ مال بچ گیا، تو آپ نے اس کے بارے میں صحابہ کرام سے مشورہ کیا، سب کا مشورہ یہ تھا کہ کسی ناگہانی آفت کے لیے اسے باقی رہنے دیں۔ علی رضی اللہ عنہ نہایت خاموش بیٹھے تھے، عمر رضی اللہ عنہ نے علی رضی اللہ عنہ کی رائے معلوم کرنا چاہی۔ علی رضی اللہ عنہ نے انھیں دور نبوی میں بحرین سے آئے ہوئے مال کا واقعہ یاد دلایا اور کہا کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے اس میں سے کچھ بھی باقی نہ چھوڑا تھا، سب کا سب تقسیم کر دیا تھا، پھر عمر رضی اللہ عنہ علی رضی اللہ عنہ سے کہنے لگے اے علی! آپ اس مال کو ضرور تقسیم کر دیں۔ سیّدنا علی رضی اللہ عنہ نے اسے تقسیم کیا[3]۔

### اداری امور میں

جب ملکی امور کو منظم کرنے کے لیے عمر رضی اللہ عنہ کو ایک سرکاری تاریخ مقرر کرنے کی ضرورت محسوس ہوئی تو آپ نے لوگوں کو جمع کر کے مشورہ کیا کہ کس دن سے ہم اپنے سن کی بنیاد رکھیں؟ سیّدنا علی رضی اللہ عنہ نے مشورہ دیا کہ جس دن اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجرت کی، اور سرزمین شرک کو چھوڑا تھا، چنانچہ عمر رضی اللہ عنہ نے ایسا ہی کیا[4]۔

عمر رضی اللہ عنہ نے کئی مرتبہ علی رضی اللہ عنہ کو مدینہ پر اپنا نائب مقرر کیا

---

[1] یحیی، الخلافۃ الراشدہ ص 270، مکتبہ رحمانیہ۔

[2] قاسم بن سلام، الأموال، ص 57، دار الکتب العلمیہ۔

[3] شیبانی، ابو عبداللہ احمد بن محمد بن حنبل ذہلی، مسند احمد بن حنبل، ج 1، ص 94، مکتبہ رحمانیہ۔ ((94/1))

[4] بخاری، محمد ابن اسماعیل الجعفی، التاریخ الکبیر، ج 1، ص 9، دار الکتب العلمیہ، بیروت لبنان۔

جنگ قادسیہ سے پہلے چشمہ ''صرائ'' جاتے ہوئے: جنگ قادسیہ سے کچھ پہلے اہل فارس مسلمانوں کے صفایا کے لیے ''صرائ'' نامی چشمہ کے پاس جمع ہو چکے تھے، عمر رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو جمع کیا اور مشورہ لیا، سب نے پیش قدمی کرنے کا مشورہ دیا، آپ نے اس موقع پر سیّدنا علی رضی اللہ عنہ کو مدینہ میں نائب مقرر کیا اور خود اسلامی فوج کی قیادت کرتے ہوئے صراء چشمہ پر پہنچے [1]۔

جابیہ جاتے ہوئے: جب عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ اسلامی فوج لے کر اجنادین پہنچے، تو روم کے ارطبون نے آپ کے نام خط لکھا کہ واللہ، اجنادین کے بعد اب فلسطین کا کوئی علاقہ تم فتح نہیں کر سکتے، لوٹ جاؤ، دھوکہ میں نہ رہو فلسطین کے اصل فاتح کا نام تین حرفوں پر مشتمل ہے عمرو بن عاص نے فوراً جان لیا کہ اس سے عمر رضی اللہ عنہ مراد ہیں، چنانچہ آپ نے عمر رضی اللہ عنہ کو خط کے ذریعہ سے اطلاع دی کہ فتح آپ کی منتظر ہے۔ آپ نے اس کے لیے لوگوں کو اکٹھا کیا، اور مدینہ پر علی رضی اللہ عنہ کو اپنا نائب مقرر کیا [2]۔

ازواج مطہرات رضي اللہ عنہن کو لے کر حج کو جاتے ہوئے: یہ واقعہ ۲۳ھ کا ہے، جس میں سیّدنا عمر رضی اللہ عنہ نے اپنی زندگی کا آخری حج کیا تھا، بحیثیت امیر المومنین آپ لوگوں کے ساتھ تھے اور ازواج مطہرات بھی اپنے محرم اولیاء کے ساتھ اس حج میں شریک تھیں۔ اس موقع پر آپ نے مدینہ پر علی رضی اللہ عنہ کو اپنا نائب مقرر کیا تھا۔

جہاد اور دیگر ملکی امور میں عمر رضی اللہ عنہ کا علی رضی اللہ عنہ سے مشورہ لینا: یہ بات پہلے بھی گزر چکی ہے کہ علی رضی اللہ عنہ عمر رضی اللہ عنہ کے اوّل اور ممتاز مشیر تھے، ہر چھوٹے بڑے معاملات میں عمر رضی اللہ عنہ آپ سے مشورہ لیتے تھے، چنانچہ فتح بیت المقدس، فتح مدائن، نہاوند جا کر فارسیوں سے معرکہ آرائی اور رومیوں سے جنگ نیز مسلمانوں کے قومی سن کی ابتداء کی تعیین جیسے متعدد مواقع پر آپ نے علی رضی اللہ عنہ سے مشورہ لیا۔

## شہادت علی رضی اللہ عنہ

ابن الحنفیہ کا بیان ہے کہ میں نے بھی اس رات لوگوں کے ساتھ جامع مسجد میں نماز پڑھی تھی جس میں نمازیوں کی اتنی بڑی تعداد تھی کہ لوگ دروازہ کے قریب تک نماز پڑھ رہے تھے، کوئی قیام میں تھا، کوئی رکوع میں اور کوئی سجدہ میں، پوری پوری رات وہ عبادت کرنے اور نماز پڑھنے سے نہیں اکتاتے تھے، اسی رات کی صبح علی رضی اللہ عنہ فجر کی نماز کے لیے نکلے اور حسب معمول لوگوں کو نماز! نماز! کی ندا دینے لگے، مجھے یاد نہیں ہے کہ آپ دروازہ سے باہر نکل سکے تھے یا نہیں اور نماز! نماز! کی ندا لگا پائے تھے یا نہیں، اتنے میں میں نے ایک چمک دیکھی اور یہ آواز سنی کہ الحکم للہ یا علی لا لک ولا لاصحابک اے علی! حکومت صرف اللہ کی ہے تمھاری اور تمھارے ساتھیوں کی نہیں، پھر میں نے ایک تلوار دیکھی اور پھر فوراً دوسری تلوار پر نظر پڑی، پھر علی رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا: یہ آدمی بھاگ کر نکلنے نہ پائے، لوگوں نے ہر طرف سے اسے گھیر لیا، پھر وہ جنبش نہ کر سکا کہ پکڑ لیا گیا اور علی رضی اللہ عنہ کے سامنے پیش کیا گیا، لوگوں کے ساتھ میں بھی آپ کے پاس گیا، آپ فرما رہے تھے: جان جان کے بدلے، اگر میں مر جاؤں تو جس طرح اس نے مجھے قتل کیا ہے اسے بھی قتل کر دینا اور اگر میں زندہ بچا تو خود دیکھ لوں گا [3]۔

---

[1] الہیثمی، علی ابن ابو بکر، بغیۃ الباحث عن زوائد مسند الحارث، ج3، ص41، مرکز خدمۃ السنہ والسیرۃ النبویہ۔

[2] ابن الجوزی، ابو الفرج عبد الرحمٰن بن ابو الحسن علی بن محمد بن علی بن عبید اللہ قرشی تیمی بکری، المنتظم فی تاریخ الملوک والامم، ج4، ص192، دار الکتب العلمیہ، بیروت لبنان۔

[3] ابن الاثیر، عزالدین ابو الحسن علی بن محمد بن عبد الکریم الجزری، اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ، ج4، ص118، جمعیۃ المعارف المصریہ، ط4، 1935، مصر۔

محمد بن الحنفیہ کہتے ہیں کہ اس کے بعد لوگ گھبراہٹ کے عالم میں حسن رضی اللہ عنہ کے پاس گئے، ابن ملجم ان کے سامنے مشکوں میں بندھا کھڑا تھا، ام کلثوم بنت علی نے جو کہ اپنے والد کی حالت دیکھ کر رو رہی تھیں، ابن ملجم سے کہا: اے اللہ کے دشمن! میرے باپ کو کوئی ضرر نہ پہنچے گا اور اللہ تجھے رسوا کرے گا، ابن ملجم نے کہا: پھر تم رو کیوں رہی ہو؟ میں نے اس تلوار کو ایک ہزار درہم میں خریدا تھا اور ایک ہزار خرچ کر کے اسے زہر آلود کیا تھا، اگر اس کی ضرب تمام اہل شہر پر پڑے تو بھی کوئی شخص زندہ نہ بچے۔

# حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ

## نام، نسب، خاندان

عبدالرحمن نام، ابو محمد کنیت۔ والد کا نام عوف اور والدہ کا نام شفاء تھا، یہ دونوں زہری خاندان سے تعلق رکھتے تھے، سلسلہ نسب یہ ہے عبدالرحمن بن عوف بن عبد جوف بن عبد بن الحارث بن زہرہ بن کلاب بن مرہ القرشی الزہری۔

حضرت عبدالرحمن رضی اللہ عنہ کا اصلی نام عبد عمرو تھا، ایمان لائے تو رسول اللہ نے بدل کر عبدالرحمن رکھا۔[1]

## اسلام

عام روایت کے مطابق حضرت عبدالرحمن رضی اللہ عنہ واقعہ فیل کے دسویں سال پیدا ہوئے تھے، اس لحاظ سے جس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعوتِ توحید کی صدا بلند کی، اس وقت ان کا سن تیس سال سے متجاوز ہو چکا تھا، فطری عفت وسلامت روی کے باعث شراب سے پہلے ہی تائب ہو چکے تھے، صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی راہ نمائی سے صراط مستقیم کی شاہراہ بھی نظر آگئی اور بارگاہِ نبوت میں حاضر ہو کر رہ روانِ حق کے قافلہ میں شامل ہو گئے، اس وقت تک صرف چند روشن ضمیر بزرگوں کو اس کی توفیق ہوئی تھی اور قافلہ سالار یعنی سرور دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم ارقم بن ابی ارقم رضی اللہ عنہ کے مکان میں پناہ گزین نہیں ہوئے تھے۔[2]

## ہجرت

خلعتِ ایمان سے مشرف ہونے کے بعد حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ کو بھی عام بلاکشانِ اسلام کی طرح جلاوطن ہونا پڑا، پہلے ہجرت کر کے حبشہ تشریف لے گئے، پھر وہاں سے واپس آئے تو سب کے ساتھ سرزمین یثرب کی طرف ہجرت کر گئے۔[3]

## مواخات

مدینہ پہنچنے کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سعد بن الربیع انصاری رضی اللہ عنہ سے بھائی چارہ کرا دیا اور وہ انصار میں سے سب سے زیادہ مال دار اور فیاض طبع تھے، کہنے لگے ''میں اپنا نصف مال ومنال تمہیں بانٹ دیتا ہوں اور میری دو بیویاں ہیں، ان کو دیکھو جو پسند ہے اس کا نام بتاؤ، میں طلاق دے دوں گا، عدت گزارنے کے بعد تم نکاح کر لینا''۔ لیکن حضرت عبدالرحمن رضی اللہ عنہ کی غیرت نے گوارا نہ کیا، جواب دیا: ''خدا تمہارے مال ومنال اور اہل وعیال میں برکت دے، مجھے صرف بازار دکھا دو''۔ لوگوں نے بنی قینقاع کے بازار میں پہنچا دیا، وہاں سے واپس آئے تو کچھ گھی اور پنیر وغیرہ نفع میں بچا لائے، دوسرے روز باقاعدہ تجارت شروع کر دی، یہاں تک کہ چند دنوں کے بعد بارگاہِ نبوت میں حاضر ہوئے تو جسم پر مراسم شادی کی علامتیں موجود تھیں استفسار ہوا ''یہ کیا ہے؟'' عرض کی ''ایک انصاریہ سے شادی کر لی ہے۔'' سوال ہوا: ''مہر کس قدر ادا کیا؟'' عرض کی ''ایک کھجور کی گٹھلی کے برابر سونا'' حکم ہوا ''تو پھر ولیمہ کرو، اگرچہ ایک بکری ہی سہی''[4]

---

[1] الحاکم، محمد بن عبداللہ، المستدرک علی الصحیحین، تحقیق: مصطفیٰ عبدالقادر عطا (بیروت: دارالکتب العلمیة، 2002)، 276/4۔

[2] شمس الدین الذهبي: سیر أعلام النبلاء، الصحابة رضوان اللہ علیهم، عبدالرحمن بن عوف، الجزء الأول، ص-76:80

[3] ابن حجر العسقلاني: الإصابة في تمييز الصحابة، دار الکتب العلمیة، بیروت، الطبعة الأولى، ج-5، ص-98،

[4] بخاری، کتاب مناقب الانصار، باب کیف اخی النبی صلی اللہ علیہ وسلم بین الصحابہ رضی اللہ عنہم، حدیث نمبر 3937

## غزوات

سن 2ھ سے غزوات کا سلسلہ شروع ہوا، حضرت عبدالرحمن رضی اللہ عنہ اکثر معرکوں میں پامردی وشجاعت کے ساتھ شریک رہے، غزوۂ بدر میں دو نوجوان انصاری پہلو میں کھڑے تھے، انہوں نے آہستہ سے پوچھا: "یا عم! ابوجہل کون ہے جو سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں بد زبانی کرتا ہے؟" اسی اثناء میں ابوجہل سامنے آگیا۔ حضرت عبدالرحمن رضی اللہ عنہ نے کہا: "وہ دیکھو! جس کو تم پوچھتے تھے سامنے موجود ہے"۔ ان دونوں نے جھپٹ کر ایک ساتھ وار کیا اور اس ناپاک ہستی سے دنیا کو نجات دلادی۔[1]

غزوۂ احد میں جس جاں بازی وشجاعت سے لڑے اس کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ بدن پر بیس سے زیادہ آثار جراحت شمار کیے گئے تھے، خصوصاً پاؤں میں ایسے کاری زخم لگے تھے کہ صحت کے بعد بھی ہمیشہ لنگڑا کر چلتے تھے۔[2]

## حضرت عبدالرحمن بن عوف عہد فاروقی میں

### رکن مجلس شوریٰ

فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے مسند خلافت پر قدم رکھنے کے ساتھ نظامِ خلافت کو پہلے سے زیادہ منظم ومرتب کر دیا، مہمات مسائل پر بحث ومباحثہ کے لیے ایک مستقل مجلس شوریٰ قائم کی، حضرت عبدالرحمن رضی اللہ عنہ اس مجلس کے نہایت صائب الرائے، پر جوش اور سر گرم رُکن ثابت ہوئے، بہت سے معاملات میں ان ہی کی رائے پر آخری فیصلہ ہوا، عراق پر مستقل اور باقاعدہ فوج کشی کے لیے جب دارالخلافہ کے گرد ایک عظیم الشان لشکر مجتمع ہوا اور عوام نے زور ڈالا کہ خود امیر المومنین اس فوج کی باگ اپنے ہاتھ میں لیں، یہاں تک کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ خود بھی اس کے لیے تیار ہو گئے تو اس وقت صرف حضرت عبدالرحمن رضی اللہ عنہ ہی تھے جنہوں نے سختی کے ساتھ اس کی مخالفت کی اور کہا کہ لڑائی کے دونوں پہلو ہیں، خدانخواستہ اگر شکست ہوئی اور امیر المومنین کو کچھ صدمہ پہنچا تو پھر اسلام کا خاتمہ ہے، حضرت عبدالرحمن رضی اللہ عنہ کی اس مآل اندیشی نے تمام اکابر صحابہ رضی اللہ عنہم کی آنکھیں کھول دیں اور سب نے پر زور الفاظ میں اس کی تائید کی، لیکن مشکل یہ تھی کہ اس مہتم بالشان عہدہ کے لائق کوئی شخص نہ تھا، حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہا گیا تو انہوں نے صاف انکار کر دیا، غرض اسی حیص بیص میں تھے کہ حضرت عبدالرحمن رضی اللہ عنہ کی نگاہ انتخاب نے یہ مشکل بھی حل کر دی اور کھڑے ہر کر کہا میں نے پالیا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا کون؟ بولے سعد بن ابی وقاص۔ رضی اللہ عنہ۔ اس حسن انتخاب پر ہر طرف سے صدائے تحسین وآفرین بلند ہوئی۔[3] اور واقعات نے بہت جلد ثابت کر دیا کہ یہ انتخاب کس قدر موزوں تھا۔

اسی طرح معرکہ نہاوند میں بھی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو موقع جنگ پر جانے سے روکا، لیکن کبھی کبھی جوش مآل اندیشی پر غالب آجاتا تھا، چناں چہ جب مہم شام میں اسلامی فوجیں رومیوں کی عظیم الشان تیاریوں کے باعث مقامات مفتوحہ چھوڑ کر پیچھے ہٹ آئیں اور حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ سپہ سالارِ اعظم نے رومیوں کے جوش وخروش اور ٹڈی دل اجتماع کی اطلاع دارالخلافہ میں بھیجی، تو حضرت عبدالرحمن رضی اللہ عنہ کو اس قدر

---

[1] محمد بن سعد البغدادي: الطبقات الكبرى، ترجمة عبدالرحمن بن عوف، طبعة دار الكتب العلمية، ج-3، ص-95

[2] صحيح البخاري، كتاب الطب، باب مايذكر في الطاعون، حديث رقم 5398

[3] طبری، محمد بن جریر، تاریخ الملوک والامم: ص: 2215

جوش آیا کہ بیتاب ہو کر بولے ''امیر المومنین تو خود سپہ سالار بن اور مجھ کو ساتھ لے کر چل، خدانخواستہ اگر ہمارے بھائیوں کا بال بیکا ہوا تو پھر جینا بے سود ہے''۔[1] لیکن اس موقعہ پر دوسرے مآل اندیش صحابہ رضی اللہ عنہم نے مخالفت کی اور اسی پر فیصلہ ہوا۔

حضرت عبدالرحمن رضی اللہ عنہ نے انتظامی اور قانونی حیثیت سے جو آراء دیں، ان کا اجمالی تذکرہ ان شاءاللہ علم و فضل کے سلسلہ میں آئے گا۔

## واقعہ ہائلہ

23ھ میں ایک روز حسب معمول حضرت عمر رضی اللہ عنہ صبح کی نماز پڑھانے کھڑے ہوئے کہ دفعۃً فیروز نامی ایک عجمی غلام نے حملہ کیا اور متعدد زخم پہنچائے، اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضرت عبدالرحمن رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑ کر امامت کے مصلے پر کھڑا کیا، حضرت عبدالرحمن رضی اللہ عنہ نے جلد، جلدی نماز تمام کی۔(ابن سعد، جز3، قسم اوّل، ص:244)اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اٹھا کر ان کے گھر لائے۔

## حضرت عبدالرحمن رضی اللہ عنہ کا ایثار

خلیفہ دوم کی حالت غیر ہوئی تو لوگوں نے منصبِ خلافت کے لیے کسی کو نامزد کرنے کی درخواست کی، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے چھ آدمیوں کے نام پیش کر کے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان سے آخر وقت تک خوش رہے تھے، یہ باہم کسی ایک کو منتخب کر لیں، لیکن تین دن کے اندر یہ مسئلہ طے پاجائے۔

خلیفہ دوم کی تجہیز و تکفین کے بعد حسب وصیت انتخاب کا مسئلہ پیش ہوا، لیکن دو دن تک کچھ فیصلہ نہ ہو سکا، تیسرے روز حضرت عبدالرحمن رضی اللہ عنہ نے کہا کہ یہ مسئلہ چھ آدمیوں میں دائر ہے، اس کو تین شخصوں میں محدود کرنا چاہیے اور جو اپنے خیال میں جس کو زیادہ مستحق سمجھتا ہے اس کا نام لے، چناں چہ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی نسبت رائے دی، حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو پیش کیا اور حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ کا نام لیا، لیکن حضرت عبدالرحمن رضی اللہ عنہ اپنے حق سے باز آگئے اور حضرت علی اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہما سے کہا کہ اب تم دونوں میں جو احکام الٰہی، سنتِ نبوی اور طریقہ شیخین رضی اللہ عنہما کی پابندی کا عہد کرے گا، اس کے ہاتھ پر بیعت کی جائے گی، عام روایت یہ ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا میں سب سے پہلے اس عہد پر راضی ہوں، لیکن صحیح بخاری کی ایک روایت سے ظاہر ہوتا ہے کہ دونوں خاموش رہے، بہر حال عبدالرحمن رضی اللہ عنہ نے دونوں کو راضی کر کے اس کا تصفیہ اپنے ہاتھ میں لے لیا اور ہر ایک کو علیحدہ لے جا کر ان کے فضائل و مناقب یاد دلائے اور کہا: ''مجھے توقع ہے کہ اگر میں تمہیں یہ منصب دوں تو عدل وانصاف کروگے اور اگر تمہارے مقابل کو یہ شرف نصیب ہو تو اطاعت سے کام لوگے''۔ غرض اس عہد وپیمان کے بعد حضرت عبدالرحمن رضی اللہ عنہ نے مجمع عام میں ایک مؤثر تقریر کی اور حضرت عثمان سے کہا ہاتھ پھیلاؤ اور خود بڑھ کر بیعت کر لی، ان کا بیعت کرنا تھا کہ تمام خلقت ٹوٹ پڑی۔[2]

اس موقع پر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ حضرت عبدالرحمن رضی اللہ عنہ کی نگاہِ انتخاب نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو حضرت علی رضی اللہ عنہ پر کیوں ترجیح دی؟ عام خیال یہ ہے کہ ان دونوں کی باہمی یگانگت ومحبت اور رشتہ داری کا نتیجہ تھا، چناں چہ طبری کی ایک روایت کے مطابق حضرت

---

[1] طبری، ایضا، ص:2215

[2] بخاری، باب الاتفاق علی بیعۃ عثمان رضی اللہ عنہ

عباس رضی اللہ عنہ نے ابتدا ہی میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے اپنا شبہ ظاہر کر دیا تھا۔[1] لیکن یہ صحیح نہیں ہے، رشتہ داری بے شک ایک مؤثر چیز ہے، مگر ایسے اہم معاملات میں بنائے فیصلہ نہیں ہو سکتی۔
اصل یہ ہے کہ گو اسلام نے قبائل کو باہم متحد کر دیا تھا، تاہم ایک حد تک منافست و مسابقت کا خیال باقی تھا اور لوگ اس کو پسند نہ کرتے تھے کہ نبوت و خلافت ایک ہی قبیلہ یعنی بنو ہاشم میں مجتمع ہو جائے، چناں چہ خلافت مرتضوی میں جو خانہ جنگیاں برپا ہوئیں وہ اسی منافست کا نتیجہ تھیں، حضرت عبدالرحمن رضی اللہ عنہ کی نگاہ عاقبت بین نے اس کا پہلے ہی اندازہ کر لیا تھا اور یہ وجہ ہے کہ انہوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو جناب امیر رضی اللہ عنہ پر ترجیح دی، ورنہ اسلام کا شیرازہ اسی وقت بکھر جاتا، جیسا کہ بعد کو واقعات نے ثابت کر دیا ہے۔
اس ترجیح کی ایک دوسری روایت یہ بھی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے شیخین رضی اللہ عنہما کی روش پر کاربند ہونے میں پس و پیش کیا تھا، جیسا کہ متعدد روایتوں سے ثابت ہوتا ہے، برخلاف اس کے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے نہایت بلند آہنگی کے ساتھ حامی بھری تھی، بہر حال حضرت عبدالرحمن رضی اللہ عنہ نے اس عقدہ کو جس ایثار، دوراندیشی اور دانائی کے ساتھ حل کیا وہ یقیناً ان کی زندگی کا مایہ ناز کارنامہ ہے۔

**وفات**

عہد عثمانی میں حضرت عبدالرحمن رضی اللہ عنہ نے نہایت خاموش زندگی بسر کی اور جہاں تک معلوم ہے مہمات ملکی میں انہوں نے کوئی دل چسپی نہیں لی، یہاں تک کہ روح اطہر نے پچھتر برس تک اس سرائے فانی کی سیر کر کے 31ھ میں داعی حق کو لبیک کہا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون ۔
حضرت علی رضی اللہ عنہ نے جنازہ پر کھڑے ہو کر کہا:
اذھب یا ابن عوف، فقد ادرکت صفوھا وسبقت زلقھا
یعنی "ابن عوف! جا، تو نے دنیا کا صاف پانی پایا اور گدلا چھوڑ دیا۔"[2]
حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ جنازہ اٹھانے والوں میں شریک تھے اور کہتے جاتے تھے "واجبلاہ" یعنی یہ پہاڑ بھی چل بسا، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے نماز جنازہ پڑھائی اور جنت البقیع میں دفن کیا۔

---

[1] طبری، ص:2780

[2] سیر السلف الصالحین لإسماعیل بن محمد الأصبهاني، ترجمة عبدالرحمن بن عوف، ج-1، ص-258

# حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ

## نام ونسب

معاذ بن جبل بن عمرو بن اوس بن عائذ بن عدی بن کعب بن عمرو بن اُدی بن سعد بن علیؓ بن اسد بن سارده بن تزید بن جشم بن خزرج انصاری خزرجی جشمی تھے۔

## حضرت معاذ بن جبل کے فضائل

حضرت معاذ کی کنیت ابو عبدالرحمن تھی، اور وہ ان ستر صحابہ کرام میں شامل تھے جنہوں نے بیعت عقبہ میں شرکت کی تھی۔ وہ غزوہ بدر، احد اور دیگر تمام غزوات میں نبی کریم ﷺ کے ساتھ شریک رہے۔ نبی کریم ﷺ نے حضرت معاذ اور حضرت عبداللہ بن مسعود کے درمیان مؤاخات فرمائی۔ جب وہ اسلام لائے تو ان کی عمر اٹھارہ سال تھی۔ حضرت عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "قرآن کو ان چار افراد سے سیکھو: ابن مسعود، اُبی بن کعب، معاذ بن جبل، اور سالم مولیٰ ابو حذیفہ [1]۔"، نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "میری امت پر سب سے زیادہ رحم کرنے والے ابو بکر ہیں... اور حلال و حرام کے سب سے بڑے عالم معاذ بن جبل ہیں [2]۔" حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت معاذ بن جبل رسول اللہ ﷺ کے پاس سے آئے اور فرمایا: "جس نے دل سے اخلاص کے ساتھ لا الٰہ الا اللہ کی گواہی دی، وہ جنت میں داخل ہو گا۔" حضرت انس نے خود رسول اللہ ﷺ سے جا کر اس کی تصدیق چاہی، تو آپ ﷺ نے فرمایا: "معاذ نے سچ کہا، معاذ نے سچ کہا، معاذ نے سچ کہا [3]۔"

# حضرت معاذ بن جبل عہد فاروقی میں

حضرت معاذ ایک فقیہ صحابی تھے، حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی خصوصی مجلس مشاورت کا حصہ تھے۔ سنن دار قطنی، کتاب النکاح میں ہے کہ حضرت ابو سفیان کہتے ہیں کہ مجھے میرے مشائخ نے بیان کیا ہے کہ ایک شخص حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں آیا اور کہنے لگا اے امیر المومنین میں اپنی اہلیہ سے دو سال غائب رہا ہوں اور جب واپس آیا ہوں تو وہ حاملہ ہے (اس وجہ سے میری اہلیہ شرعی سزا کی مستحق قرار پاتی ہے) حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہ سے اسکےرجم کے بارے میں مشورہ کیا۔ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فرمانے لگے امیر المومنین! آپ کو عورت کے رجم کرنے کا تو حق ہے لیکن اس کے پیٹ میں جو بچہ ہے اس پر آپ کو اختیار حاصل نہیں وہ بے گناہ ہے لہذا اس حکم کو بچے کی ولادت تک موخر کر دیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کو بچے کی ولادت تک موخر کر دیا پھر اس خاتون نے بچے کو جنم دیا، جب اس بچے کے سامنے کے دانت نکل آئے تو اس شخص نے اس بچے میں اپنی مشابہت پائی اور کہنے لگا رب کعبہ کی قسم یہ بچہ میرا ہی ہے۔ اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: عورتیں معاذ بن جبل جیسا شخص پیدا کرنے سے عاجز ہو چکی ہیں لولا معاذ لھلک عمر اور اگر معاذ نہ ہوتے تو عمر ہلاک ہو جاتا

---

[1] بخاری، محمد ابن اسماعیل الجعفی، صحیح البخاری، باب القراء من اصحاب رسول ﷺ، حدیث نمبر 4713، طباعت اول، 2012، مکتبہ رحمانیہ، پاکستان۔

[2] الترمذی، محمد ابن عیسیٰ بن سورۃ، سنن الترمذی، باب مناقب معاذ بن جبل، حدیث نمبر 3791، مکتبہ رحمانیہ، لاہور۔

[3] عسقلانی، احمد بن علی بن محمد بن علی بن احم المعروف بابن حجر، الاصابۃ فی تمییز الصحابہ، ج7، ص ۱۷۷، رقم 10115، مکتبہ رحمانیہ، لاہور۔

**طاعون اور وفات**

جب شام میں طاعون پھیلا تو حضرت معاذ نے دعا کی: "اے اللہ! معاذ کے اہلِ خانہ میں سے جو حصہ ہے، وہ عطا فرما۔" چنانچہ ان کی دو بیویاں طاعون سے فوت ہو گئیں، پھر ان کا بیٹا عبدالرحمن بھی فوت ہو گیا، پھر خود معاذ بن جبل بھی اس طاعون میں مبتلا ہو گئے۔ جب وہ بے ہوش ہوتے اور ہوش میں آتے تو کہتے: "اے اللہ! یہ غم تیرا ہے۔ تیری عزت کی قسم، تُو جانتا ہے کہ میں تجھ سے محبت کرتا ہوں۔" حضرت عمرو بن قیس روایت کرتے ہیں کہ جب حضرت معاذ کے وفات کا وقت قریب آیا تو انہوں نے کہا: "دیکھو، کیا صبح ہو گئی؟" جواب ملا: نہیں۔ جب صبح ہوئی تو انہوں نے کہا: "میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں اس رات سے جس کی صبح جہنم کی طرف ہو۔ مرحبا اے موت! خوش آمدید، اے مہمانِ محبوب جو فاقہ کی حالت میں آیا ہے۔ اے اللہ! تُو جانتا ہے کہ میں تجھ سے ڈرتا رہا، اور آج میں تجھ سے امید رکھتا ہوں۔ میں دنیا کو نہر کھودنے یا باغات لگانے کے لیے پسند نہیں کرتا، بلکہ روزے کی پیاس، رات کی مشقت اور علم کی مجالس میں بیٹھنے کے لیے پسند کرتا ہوں۔" حضرت حسن بصری کہتے ہیں کہ جب حضرت معاذ کا وقتِ وفات آیا تو وہ رو رہے تھے۔ لوگوں نے کہا: "کیا آپ رو رہے ہیں حالانکہ آپ نبی ﷺ کے صحابی ہیں؟" انہوں نے فرمایا: "میں موت سے خوف کی وجہ سے نہیں رو رہا، اور نہ دنیا کی محبت میں رو رہا ہوں، بلکہ میں ان دو گروہوں میں سے ہوں، اور نہیں جانتا کہ کس گروہ میں میرا شمار ہوگا۔" روایت ہے کہ حضرت معاذ وہ شخص تھے جنہوں نے بنو سلمہ کے بتوں کو توڑا تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "قیامت کے دن علماء کے آگے آگے معاذ بن جبل ہوں گے، ایک نیزے یا دو نیزوں کی مسافت پر۔" حضرت ابن مسعود نے فرمایا: "معاذ بن جبل 'اُمۃ قانتاً للہ حنیفاً' تھے۔" میں نے کہا: یہ تو حضرت ابراہیم کے بارے میں کہا گیا ہے۔ انہوں نے فرمایا: "معاذ بھی ویسے ہی تھے؛ اُمت سے مراد وہ شخص ہے جو خیر سکھاتا ہے، اور قانت وہ ہے جو اللہ کا فرمانبردار ہو، اور معاذ ایسا ہی تھا۔" حضرت معاذ سے کئی صحابہ نے روایت کی، جن میں عمر بن خطاب، ان کے بیٹے عبداللہ، ابو قتادہ، عبداللہ بن عمر، انس بن مالک، ابوامامہ باہلی، ابولیلیٰ انصاری وغیرہ شامل ہیں۔ تابعین میں جنادہ بن امیہ، عبدالرحمن بن غنم، ابو ادریس خولانی، ابو مسلم خولانی، جبیر بن نفیر، مالک بن یخامر وغیرہ شامل ہیں[1]۔

آپ کی وفات طاعونِ عمواس میں ہوئی، 18 ہجری کو۔ بعض نے 17 ہجری بھی کہا، مگر پہلا قول زیادہ صحیح ہے۔ آپ کی عمر کے متعلق مختلف اقوال ہیں: 38 سال، 33 سال، 34 سال، اور 28 سال۔ مگر چونکہ آپ نے بیعت عقبہ کی تھی جو ہجرت سے قبل تھی، اور نبی ﷺ کی مدینہ میں 10 سالہ زندگی کے بعد 8 سال مزید زندہ رہے، تو کل 18 سال بنتے ہیں۔ اس بنا پر 28 سال والی بات بعید معلوم ہوتی ہے[2]۔

---

[1] ایضاً ص 189

[2] محولہ بالہ، ص 190

# حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ

زبیر بن عوام (26ق.ھ/36ھ) نام زبیر۔ کنیت ابو عبد اللہ، لقب حواری رسول اللہ۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پھوپھی زاد بھائی اور حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے داماد ہجرت سے 28 سال پہلے پیدا ہوئے۔ سولہ برس کی عمر میں اسلام قبول کیا۔ پہلے حبشہ اور پھر مدینہ کو ہجرت کی۔ جنگ بدر میں بڑی جانبازی سے لڑے اور دیگر غزوات میں بھی بڑی شجاعت دکھائی۔ فتح مکہ کے روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذاتی دستے کے علمبر دار تھے۔ جنگ فسطاط میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے چار افسروں کی معیت میں چار ہزار مجاہدین کی کمک مصر روانہ کی۔ ان میں ایک افسر حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ بھی تھے۔ اور اس جنگ کی فتح کا سہرا آپ کے سر ہے۔ جنگ جمل میں حضرت علی رضی اللہ عنہ اور امام حسن رضی اللہ عنہ کے مخالفین کے ساتھ شامل ہوئے۔ لیکن جلد ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ کی ایک پیشین گوئی کو یاد کر کے آپ نے اس جنگ سے علیحدگی اختیار کی۔ جس پر مخالفین حضرت علی رضی اللہ عنہ میں ایک شخص جرموز نامی نے نماز میں آپ کو شہید کر دیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے قربت رکھنے کے باعث بے شمار احادیث جانتے تھے۔ لیکن بہت کم بیان کر سکے۔ مروجہ کتب احادیث میں بعض احادیث آپ سے مروی ہیں۔

## نام و نسب و خاندان

زبیر نام، ابو عبد اللہ کنیت، حواری رسول اللہ ﷺ لقب، والد کا نام عوام اور والدہ کا نام صفیہ تھا، پورا سلسلۂ نسب یہ ہے، زبیر بن عوام بن خویلد بن اسد بن عبد العزی بن قصی بن کلاب بن مرہ بن کعب بن لوئی القرشی الاسدی، حضرت زبیرؓ کا سلسلۂ نسب قصی بن کلاب پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مل جاتا ہے اور چونکہ ان کی والدہ حضرت صفیہ بن عبد المطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہا سرورِ کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی پھوپی تھیں، اس لیے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پھوپھی زاد بھائی تھے، اس کے علاوہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ ام المومنین حضرت خدیجہؓ کے بھی حقیقی بھتیجے تھے اور حضرت صدیق اکبرؓ کے داماد ہونے کے سبب سے آنحضرت ﷺ کے ساڑھو بھی تھے اور اس طرح ذات نبوی ﷺ کے ساتھ ان کو متعدد نسبتیں حاصل تھیں۔ حضرت زبیر بن عوامؓ ہجرت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے اٹھائیس سال قبل پیدا ہوئے، بچپن کے حالات بہت کم معلوم ہیں، لیکن اس قدر یقینی ہے کہ ان کی والدہ حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ابتدا ہی سے ان کی ایسی تربیت کی تھی کہ وہ جوان ہو کر ایک عالی حوصلہ، بہادر، الوالعزم مرد ثابت ہوں، چنانچہ وہ بچپن میں عموماً انہیں مار اپیٹا کرتیں اور سخت سے سخت محنت و مشقت کے کام کا عادی بناتی تھیں، ایک دفعہ نوفل بن خویلد جو اپنے بھائی عوام کے مرنے کے بعد ان کے ولی تھے، حضرت صفیہؓ پر نہایت خفا ہوئے کہ کیا تم اس بچے کو اس طرح مارتے مارتے مار ڈالو گی اور بنو ہاشم سے کہا کہ تم لوگ صفیہؓ کو سمجھاتے کیوں نہیں، حضرت صفیہؓ نے حسب ذیل رجز میں اس خفگی کا جواب دیا۔[1]

من قال انی ابغصه فقد كذب انما اضربه لكی یلب ویهزم الجیش یاتی باسلب

جس نے یہ کہا کہ میں اس سے بغض رکھتی ہوں، اس نے جھوٹ کہا، میں اس کو اس لیے مارتی ہوں کہ عقل مند ہو۔ اور فوج کو شکست دے اور مال غنیمت حاصل کرے اس تربیت کا یہ اثر تھا کہ وہ بچپن ہی میں بڑے بڑے مردوں کا مقابلہ کرنے لگے تھے، ایک دفعہ مکہ میں ایک جوان آدمی سے

[1] ابن حجر، أحمد بن علي، الإصابة في تمييز الصحابة، تحقيق: عادل أحمد عبد الموجود وعلي محمد معوض (بيروت: دار الكتب العلمية، 1415ھ)، 458/2۔

مقابلہ پیش آیا، انھوں نے ایسا ہاتھ مارا کہ اس کا ہاتھ ٹوٹ گیا، لوگ اسے لاد کر شکایۃً حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کے پاس لائے، تو انھوں نے معذرت وعفو خواہی کی بجائے سب سے پہلے یہ پوچھا کہ تم نے زبیرؓ کو کیسا پایا، بہادر یا بزدل۔[1]

[1] ابن حجر، أحمد بن علي، الإصابة في تمييز الصحابة، تحقيق: عادل أحمد عبد الموجود وعلي محمد معوض (بيروت: دار الكتب العلمية، 1415ھ)، 2/458۔

## اسلام

حضرت زبیر بن عوامؓ صرف سولہ برس کے تھے کہ نورِ ایمان نے ان کے خانۂ دل کو منور کر دیا۔[1] بعض روایتوں سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ پانچویں یا چھٹے مسلمان تھے، لیکن یہ صحیح نہیں معلوم ہوتا، تاہم سابقین اسلام میں وہ ممتاز اور نمایاں تقدم کا شرف رکھتے ہیں حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ اگرچہ کمسن تھے، لیکن استقامت اور جان نثاری میں کسی سے پیچھے نہ تھے۔ قبول اسلام کے بعد ایک دفعہ کسی نے مشہور کر دیا کہ مشرکین نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو گرفتار کر لیا ہے، یہ سن کر جذبہ جاںنثاری سے اس قدر بیخود ہوئے کہ اسی وقت ننگی تلوار کھینچ کر مجمع کو چیرتے ہوئے آستانہ اقدس پر حاضر ہوئے، رسول اللہ ﷺ نے دیکھا تو پوچھا زبیرؓ! یہ کیا ہے؟ عرض کیا مجھے معلوم ہوا تھا کہ (خدانخواستہ) حضور گرفتار کر لیے گئے ہیں، سرور کائنات ﷺ نہایت خوش ہوئے اور ان کے لیے دعائے خیر فرمائی، اہل سیر کا بیان ہے کہ یہ پہلی تلوار تھی جو راہ فدویت وجان نثاری میں ایک بچے کے ہاتھ سے برہنہ ہوئی۔[2]

## ہجرت

عام بلاکشانِ اسلام کی طرح زبیر بن عوام رضی اللہ تعالیٰ عنہ مشرکین مکہ مکرمہ کے پنجہ ظلم وستم سے محفوظ نہ تھے ان کے چچا نے ہر ممکن طریقہ سے ان کو اسلام سے برگشتہ کرنا چاہا، لیکن توحید کا نشہ ایسا نہ تھا جو اتر جاتا، بالآخر اس نے برہم ہو کر اور بھی سختی شروع کی، یہاں تک کہ چٹائی میں لپیٹ کر باندھ دیتا اور اس قدر دھونی دیتا کہ دم گھٹنے لگتا؛ لیکن وہ ہمیشہ یہی کہے جاتے کچھ بھی کرو اب میں کافر نہیں ہو سکتا۔[3] غرض مظالم وشدائد سے اس قدر تنگ آئے کہ وطن چھوڑ کر حبش کی راہ لی، پھر کچھ دنوں کے بعد وہاں سے واپس آئے، تو خود سرور کائنات ﷺ نے مدینہ کا قصد کیا، اس لیے انھوں نے بھی مدینہ کی مبارک سرزمین کو وطن بنایا۔[4]

## مواخات

آنحضرت ﷺ نے مکہ میں طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ کو حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اسلامی بھائی قرار دیا تھا، لیکن جب مدینہ پہنچنے کے بعد انصار ومہاجرین میں تعلقات پیدا کرنے کے لیے ایک دوسری مواخات منعقد ہوئی تو اس دفعہ حضرت سلمہ بن سلامہ انصاریؓ سے رشتہ اخوت قائم کیا گیا، جو مدینہ کے ایک معزز بزرگ اور بیعت عقبہ میں شریک تھے۔[5]

## غزوات

غزوات میں ممتاز حیثیت سے شریک رہے، عبیدہ بن سعید سے مقابلہ پیش آیا جو سر سے پاؤں تک زرہ پہنے ہوئے تھا، صرف دونوں آنکھیں کھلی ہوئی تھیں، حضرت زبیرؓ نے تاک کر اس زور سے آنکھ میں نیزہ مارا کہ اس پار نکل گیا، اس کی لاش پر بیٹھ کر بمشکل نیزہ نکالا، پھل ٹیڑھا ہو گیا تھا،

---

[1] مستدرک حاکم: 359/3

[2] سیر أعلام النبلاء، لشمس الدین الذهبي ج-1، ص-41:67، ترجمة الزبیر بن العوام

[3] ابن حجر، أحمد بن علي، الإصابة في تمییز الصحابة، تحقیق: عادل أحمد عبد الموجود وعلي محمد معوض (بیروت: دار الکتب العلمیة، 1415ھ)، 458/2۔

[4] المستدرک علی الصحیحین 4301

[5] سیر السلف الصالحین لإسماعیل بن محمد الأصبهاني، ج-1، ص-225

آنحضرت ﷺ نے بطور یادگار حضرت زبیرؓ سے اس نیزہ کو لے لیا، اس کے بعد پھر خلفاء میں تبرکاً منتقل ہوتا رہا، یہاں تک خلیفہ ثالثؓ کے بعد حضرت زبیر بن عوامؓ کے وارث عبداللہ بن زبیرؓ کے پاس پہنچا اور ان کی شہادت تک ان کے پاس موجود تھا۔ وہ جس بے جگری کے ساتھ غزوہ بدر میں لڑے اس کا اندازہ صرف اس سے ہو سکتا ہے کہ ان کی تلوار میں دندانے پڑ گئے تھے، تمام جسم زخموں سے چھلنی ہو گیا تھا، خصوصاً ایک زخم اس قدر کاری تھا کہ وہاں پر ہمیشہ کے لیے گڑھا پڑ گیا تھا، حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ ہم ان میں انگلیاں ڈال کر کھیلا کرتے تھے۔[1] معرکہ بدر میں حضرت زبیر بن عوامؓ زرد عمامہ باندھے ہوئے تھے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ آج ملائکہ بھی اسی وضع میں آئے ہیں،[2] غرض مسلمانوں کی شجاعت وثابت قدمی نے میدان مار لیا حق غالب رہا اور باطل کو شکست ہوئی۔

## غزوۂ احد

3ھ میں غزوہ احد کا واقعہ ہوا، اثنائے جنگ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی تلوار کھینچ کر فرمایا کون اس کا حق ادا کرے گا؟ تمام جان نثاروں نے بیتابی کے ساتھ اپنے ہاتھ پھیلائے، حضرت زبیر بن عوامؓ نے تین دفعہ اپنے آپ کو پیش کیا، لیکن یہ فخر ابودجانہؓ انصاری کے لیے مقدر ہو چکا تھا جنگ احد میں جب تیر اندازوں کی بے احتیاطی سے فتح شکست سے مبدل ہو گئی اور مشرکین کے اچانک حملے سے غازیان دین کے پاؤں متزلزل ہو گئے، یہاں تک کہ شمع نبوت کے گرد صرف چودہ حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم پروانہ وار ثابت قدم رہ گئے تھے تو اس وقت بھی یہ جان نثار حواری جان نثاری کا فرض ادا کر رہا تھا۔[3]

## غزوۂ خندق

5ھ میں یہودیوں کی مفسدہ پردازی سے تمام عرب مسلمانوں کے خلاف امنڈ آیا، سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ کے قریب خندق کھود کر اس طوفان کا مقابلہ کیا، حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ اس حصہ پر معمور تھے جہاں عورتیں تھیں۔ بنو قریظہ اور مسلمانوں میں باہم معاہدہ تھا لیکن عام سیلاب میں وہ بھی اپنے عہد پر قائم نہ رہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کے لیے کسی کو بھیجنا چاہا اور تین بار فرمایا "کون اس قوم کی خبر لائے گا؟" حضرت زبیر بن عوامؓ نے ہر مرتبہ بڑھ کر عرض کیا کہ "میں" آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خوش ہو کر فرمایا "ہر نبی کے لیے حواری ہوتے ہیں، میرا حواری زبیرؓ ہے"[4] اس نازک وقت میں حضرت زبیر بن عوامؓ کی اس طرح بے خطر تنہا آمد ورفت سے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ان کی اس جانبازی سے اس قدر متاثر تھے کہ فرمایا: فداک ابی وامی، یعنی میرے ماں باپ تم پر فدا ہوں۔ کفار بہت دنوں تک غزوہ خندق کا محاصرہ کیے رہے، لیکن پھر کچھ تو ارضی و سماوی مصائب اور کچھ مسلمانوں کے غیر معمولی ثبات واستقلال سے پریشان ہو کر بھاگ کھڑے ہوئے۔

---

[1] صحيح البخاري، كتَاب الْمَغَازِي، بَاب شُهُودِ الْمَلَائِكَةِ بَدْرًا، حدیث رقم 3723

[2] صحيح البخاري، كتَاب الْمَغَازِي، بَاب شُهُودِ الْمَلَائِكَةِ بَدْرًا، حدیث رقم 3723

[3] السيرة النبوية لابن هشام، غزوة أحد، مقتل أبي عزة ومعاوية بن المغيرة

[4] بخاری، کتاب المغازی باب غزوۂ خندق

## غزوۂ خیبر

غزوۂ خندق کے بعد غزوہ بنو قریظہ اور بیعت رضوان میں شریک ہوئے پھر غزوہ خیبر کی مہم میں غیر معمولی شجاعت دکھائی، مرحب یہودی خیبر کا رئیس تھا وہ مقتول ہوا تو اس کا بھائی یاسر غضبناک ہو کر "ھل من مبارز" کا نعرہ بلند کرتے ہوئے میدان میں آیا، حضرت زبیر بن عوامؓ نے بڑھ کر اس کا مقابلہ کیا وہ اس قدر تنومند اور قوی ہیکل تھا کہ ان کی والدہ حضرت صفیہؓ نے کہا یارسول اللہ! صلی اللہ علیہ وسلم میرا لخت جگر آج شہید ہو گا، آنحضرت ﷺ نے فرمایا نہیں! زبیرؓ اس کو مارے گا، چنانچہ درحقیقت تھوڑی دیر ردوبدل کے بعد وہ واصل جہنم ہوا۔[1] غرض خیبر فتح ہوا اور اس کے بعد فتح مکہ کی تیاریاں شروع ہوئیں، مشہور صحابی حضرت حاطب بن ابی بلتعہؓ نے تمام کیفیت لکھ کر ایک عورت کے ہاتھ قریش مکہ کے پاس روانہ کی، لیکن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خبر ہو گئی اور ایک جماعت اس عورت کو گرفتاری پر مامور ہوئی، حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی اس میں شریک تھے، وہ گرفتار ہو کر آئی اور خط پڑھا گیا، تو حضرت حاطب ابن ابی بلتعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا سر ندامت سے جھک گیا، رحمۃ للعالمین نے ان کی عفو خواہی پر جب معاف فرمادیا اور یہ آیت نازل ہوئی۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّيْ وَعَدُوَّكُمْ اَوْلِيَاۗءَ تُلْقُوْنَ اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ[2]،[3]

## فتح مکہ

رمضان المبارک 8ھ میں دس ہزار مجاہدین کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ کا قصد کیا اور شاہانہ جاہ وجلال کے ساتھ اس سرزمین میں داخل ہوئے جہاں سے آٹھ سال قبل طرح طرح کے مصائب وشدائد برداشت کرنے کے بعد بے بسی کی حالت میں نکلنے پر مجبور ہوئے تھے، اس عظیم الشان فوج کے متعدد دستے بنائے گئے تھے، سب سے چھوٹا اور آخری دستہ وہ تھا جس میں خود آنحضرت ﷺ موجود تھے، حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ اس کے علمبردار تھے۔[4] آنحضرت ﷺ جب مکہ میں داخل ہوئے اور ہر طرف سکون واطمینان ہو گیا تو حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ اور حضرت مقداد بن اسود رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے گھوڑوں پر بارگاہِ نبوت میں حاضر ہوئے آنحضرت ﷺ نے کھڑے ہو کر ان کے چہروں سے گرد غبار صاف کیا اور فرمایا میں نے گھوڑے کے لیے دو حصے اور سوار کے لیے ایک حصہ مقرر کیا ہے، جو ان حصوں میں کمی کرے گا خدا اس کو نقصان پہنچائے گا۔[5]

## مختلف غزوات

فتح مکہ کے بعد واپسی کے موقع پر غزوۂ حنین پیش آیا کفار کمین گاہوں میں چھپے ہوئے مسلمانوں کی نقل وحرکت دیکھ رہے تھے، زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ اس گھاٹی کے قریب پہنچے تو ایک شخص نے اپنے ساتھیوں سے پکار کر کہا "لات وعزیٰ کی قسم یہ طویل القامت سوار یقیناً زبیر بن عوامؓ ہے، تیار ہو جاؤ، اس کا حملہ نہایت خطرناک ہوتا ہے" یہ حملہ ختم ہی ہوا تھا کہ ایک زبردست جمعیت نے اچانک حملہ کر دیا، حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ

---

[1] ابن ھشام، عبدالملک، السیرۃ النبویۃ، تحقیق: مصطفی السقا و رفاقہ (بیروت: دار احیاء التراث العربی)، 182/2۔

[2] ابن ھشام، عبدالملک، السیرۃ النبویۃ، تحقیق: مصطفی السقا و رفاقہ (بیروت: دار احیاء التراث العربی)، 182/2۔

[3] ابن کثیر، إسماعیل بن عمر، البدایۃ والنھایۃ، ج4، باب: "سنۃ سبع من الھجرۃ، غزوۃ خیبر فی أولھا

[4] بخاری۔ باب غزوۃ الفتح

[5] صحیح مسلم، کتاب فضائل الصحابۃ، باب من فضائل أھل بدر رضي اللہ عنھم وقصۃ حاطب بن أبي بلتعۃ، حدیث رقم 2494

عنہ نہایت پھرتی اور تیز دستی کے ساتھ اس آفتِ ناگہانی کو روکا اور اس قدر شجاعت و جانبازی سے لڑے کہ یہ گھاٹی کفار سے بالکل صاف ہوگئی۔ اس کے بعد جنگ طائف اور تبوک کی فوج کشی میں شریک ہوئے، پھر 5ھ، میں رسول اللہ ﷺ نے حجۃ الوداع کا قصد کیا، حضرت زبیر بن عوامؓ اس میں بھی ہمرکاب تھے۔ حج سے واپس آنے کے بعد سرور کائنات ﷺ نے وفات پائی، حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ مسند آرائے خلافت ہوئے، بعض روایات کے مطابق زبیر بن عوامؓ کو بھی خلیفہ اول کی بیعت میں پس و پیش تھا، تاہم وہ زیادہ دنوں تک اس پر قائم نہیں رہے۔[1]

## حضرت زبیر بن عوام عہد فاروقی میں

سوا دو برس کی خلافت کے بعد خلیفہ اول کا وصال ہو گیا اور فاروق اعظمؓ نے مسند حکومت پر قدم رکھا، خلیفہ اول کے عہد میں فتوحات کا سلسلہ شروع ہو چکا تھا، حضرت عمر فاروقؓ نے تمام عرب میں جوش پھیلا کر اس کو اور بھی زیادہ وسیع کر دیا، حضرت زبیر بن عوامؓ کا دل گو رسول اللہ ﷺ کی وفات سے افسردہ ہو چکا تھا، تاہم ایک مرد میدان و جانباز بہادر کے لیے اس جوش و ولولہ کے وقت عزلت نشین رہنا سخت ننگ تھا، خلیفہ وقت سے اجازت لے کر شامی رزم گاہ میں شریک ہوئے، اس وقت یرموک کے میدان میں ملک شام کی قسمت کا آخری فیصلہ ہو رہا تھا، اثنائے جنگ میں لوگوں نے کہا اگر آپ حملہ کرکے غنیم کے قلب میں گھس جائیں تو ہم آپ کا ساتھ دیں، حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا تم لوگ میرا ساتھ نہیں دے سکتے، لوگوں نے عہد کیا تو اس زور سے حملہ آور ہوئے کہ رومی فوج کا قلب چیرتے ہوئے تنہا اِس پار سے اُس پار نکل گئے اور کوئی رفاقت نہ کر سکا، پھر واپس لوٹے تو رومیوں نے گھوڑے کی باگ پکڑ لی اور نرغہ کرکے سخت زخمی کیا گردن پر دو زخم اس قدر کاری تھے کہ اچھے ہونے کے بعد بھی گڑھے باقی رہ گئے، عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ بدر کے زخم کے بعد یہ دوسرا زخم کا گڈھا تھا جس میں بچپن میں ہم انگلیاں ڈال کر کھیلا کرتے تھے۔[2]

### فسطاط کی فتح

فتح شام کے بعد عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سرکردگی میں مصر پر حملہ ہوا انھوں نے چھوٹے چھوٹے مقامات کو فتح کرتے ہوئے فسطاط کا محاصرہ کر لیا اور قلعہ کی مضبوطی نیز فوج کی قلت دیکھ کر دربارِ خلافت سے اعانت طلب کی، امیر المومنین حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دس ہزار فوج اور چار افسر بھیجے اور خط میں لکھا کہ ان افسروں میں ایک ایک، ہزار ہزار سوار کے برابر ہے، افسروں میں حضرت زبیر بن عوامؓ بھی تھے، ان کا جو رتبہ تھا اس کے لحاظ سے حضرتعمرو بن العاصؓ نے ان کو افسر بنایا اور محاصرہ وغیرہ کے انتظامات ان کے ہاتھ میں دیے، انھوں نے گھوڑے پر سوار ہو کر خندق کے چاروں طرف چکر لگایا اور جہاں جہاں مناسب تھا مناسب تعداد کے ساتھ سوار اور پیادے متعین کیے، اس کے ساتھ منجنیقوں سے پتھر برسانے شروع کر دیے، اس پر پورے سات مہینے گذر گئے اور فتح و شکست کا کچھ فیصلہ نہ ہوا، حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک دن تنگ آکر کہا کہ آج میں مسلمانوں پر فدا ہوتا ہوں، یہ کہہ کر ننگی تلوار ہاتھ میں لی اور سیڑھی لگا کر قلعہ کی فصیل پر چڑھ گئے، چند اور صحابہؓ نے ان کا ساتھ دیا، فصیل پر پہنچ کر سب نے ایک ساتھ تکبیر کے نعرے بلند کیے، ساتھ ہی تمام فوج نے نعرہ مارا کہ قلعہ کی زمین دہل اٹھی، عیسائی یہ سمجھ کر کہ مسلمان قلعہ کے اندر گھس آئے، بدحواس ہو کر بھاگے ادھر حضرت زبیر بن عوامؓ نے فصیل سے اتر کر قلعہ کا دروازہ کھول دیا اور تمام فوج اندر گھس آئی، مقوقس حاکم مصر نے یہ دیکھ کر صلح کی درخواست کی اور اسی وقت سب کو امان دے دی گئی۔

---

[1] صحیح البخاري، کتاب المغازي، باب أین رکز النبي صلی اللہ علیہ وسلم الرایۃ یوم الفتح، حدیث رقم 4030

[2] ابن کثیر، إسماعیل بن عمر، البدایۃ والنھایۃ، الجزء السابع، فصل: "وقعۃ الیرموک" (بیروت: دار الفکر)،

# حضرت طلحہ بن عبید اللہؓ

## نام ونسب

حضرت طلحہ بن عبید اللہ بن عثمان بن عمرو بن کعب بن سعد بن تیم بن مرہ بن کعب تیمی قرشیؓ، قریش کے معروف قبیلہ بنو تیم سے تعلق رکھتے تھے۔ ان کا نسب حضور نبی اکرم ﷺ سے مرہ بن کعب پر جا کر ملتا ہے۔ ان کی کنیت ابو محمد تھی اور انہیں طلحہ الخیر، طلحہ الجود، طلحہ الفیاض جیسے القابات سے یاد کیا جاتا تھا۔ آپ ان دس جلیل القدر صحابہ کرام میں شامل ہیں جنہیں رسول اللہ ﷺ نے جنت کی بشارت دی[1]

## ابتدائی زندگی اور قبولِ اسلام

حضرت طلحہؓ کی پیدائش مکہ مکرمہ میں نبوت سے تقریباً پندرہ سال قبل ہوئی۔ آپ ایک معزز اور دولت مند تاجر گھرانے سے تعلق رکھتے تھے، اور نوجوانی ہی میں تجارت کے لیے شام تک کے سفر کیے۔ ان کے قبیلہ اور ذاتی تعلقات حضرت ابو بکر صدیقؓ سے بہت قریبی تھے، جنہوں نے انہیں اسلام کی دعوت دی، اور وہ نوجوانی میں ہی اسلام لے آئے۔[2]

جب حضرت طلحہؓ نے اسلام قبول کیا، تو وہ اسلام قبول کرنے والوں میں ساتویں نمبر پر تھے۔ قریش کی جانب سے ان پر شدید مظالم کیے گئے، لیکن انہوں نے دین حق پر استقامت کے ساتھ ڈٹے رہے۔[3]

## ہجرت اور غزوات میں شرکت

حضرت طلحہؓ نے مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کی اور رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ہر معرکے میں شریک رہے، سوائے غزوۂ بدر کے، جس میں وہ نبی ﷺ کے حکم سے تجارتی قافلے کی نگرانی کے لیے روانہ کیے گئے تھے۔ نبی اکرم ﷺ نے انہیں بدر کے مالِ غنیمت میں شریک فرمایا گویا وہ خود غزوۂ بدر میں شریک رہے۔[4]

## غزوۂ احد میں جانثاری

غزوۂ اُحد میں حضرت طلحہؓ کا کردار سب سے نمایاں تھا۔ جب بہت سے لوگ میدان چھوڑ گئے، تو حضرت طلحہؓ اُن چند جاں نثاروں میں شامل تھے جنہوں نے رسول اللہ ﷺ کے گرد جانفشانی سے دفاع کیا۔ آپ کو ستر سے زائد زخم آئے، اور بعض انگلیاں بھی کٹ گئیں۔[5]

---

[1] ابن حجر عسقلانی، الإصابة في تمييز الصحابة، تحقیق: عادل أحمد عبد الموجود، بیروت: دار الكتب العلمية، ج3، ص467

[2] ابن سعد، الطبقات الكبرى، بیروت: دار صادر، ج3، ص225۔

[3] الذہبی، سیر أعلام النبلاء، تحقیق: شعيب الأرناؤوط، بیروت: مؤسسة الرسالة، ج1، ص33-35۔

[4] الطبری، تاریخ الأمم والملوک، تحقیق: محمد أبو الفضل إبراهيم، قاہرہ: دار المعارف، ج2، ص305

[5] مسلم، صحیح مسلم، کتاب الفضائل، باب من فضائل طلحہ بن عبید اللہ، حدیث 2419

## خلافتِ ابو بکر و عمر میں کردار

## عہد صدیقی

سقیفہ بنی ساعدہ کی مجلس نے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خلافت پر اتفاق کیا، حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے بھی کچھ دنوں کے بعد بیعت کی اور مہمات امور میں رائے اور مشورہ کے لحاظ سے جانشین رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمیشہ دست و بازو ثابت ہوئے، سوا دو برس کی خلافت کے بعد جب خلیفہ اول مرض الموت کے بستر پر تھے اور انہوں نے منصب کے لیے فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کو نامزد کیا تو حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے نہایت آزادی کے ساتھ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ سے جا کر کہا کہ آپ کے موجود ہوتے عمر کا ہم لوگوں کے ساتھ کیا برتاؤ تھا؟ اب وہ خود خلیفہ ہوں گے تو خدا جانے کیا کریں گے؟ آپ اب خدا کے ہاں جاتے ہیں، یہ سوچ لیجیے کہ خدا کو کیا جواب دیجیے گا۔ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے کہا میں خدا سے کہوں گا کہ میں نے تیرے بندوں پر اس شخص کو امیر کیا جو ان میں سب سے زیادہ اچھا تھا۔

# حضرت طلحہ عہد فاروقی میں

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے متعلق حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کی جو رائے تھے وہ کسی بغض وعداوت سے ملوث نہ تھی، بلکہ اکثر صحابہ رضی اللہ عنہم کی یہی رائے تھی کہ ان کا تشدد نا قابل تحمل ہوگا، لیکن جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جب اپنے طرز عمل سے ثابت کر دیا کہ وہ اس منصب عظیم کے لیے سب سے موزوں ہیں تو دفعۃً حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کا خیال بھی بدل گیا اور مجلس شوریٰ کے ایک رکن کی حیثیت سے انہوں نے ہمیشہ فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی اعانت کی، اختلافی مسائل میں ساتھ دیا اور اہم امور میں نہایت مخلصانہ مشورے دیے ایک دفعہ عہد فاروقی میں یہ سوال پیدا ہوا کہ ممالک مفتوحہ مجاہدین میں باہم تقسیم کر دیے جائیں اور ایک بڑی جماعت اس کی موید ہوگئی، صرف حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور چند دوسرے صحابہ رضی اللہ عنہم کو اس سے اختلاف تھا، تین دن تک بحث ہوتی رہی، حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے نہایت بلند آہنگی کے ساتھ اس مسئلہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی تائید کی، یہاں تک کہ ان ہی کی رائے پر آخری فیصلہ ہوا، اسی طرح معرکہ نہاوند کے موقع پر ایرانی ٹڈی دل نے فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کو مشوش کر دیا اور انہوں نے صحابہ رضی اللہ عنہم سے اس کے متعلق مشورہ چاہا تو حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے کھڑے ہو کر کہا آپ ہم سے زیادہ بہتر جانتے ہیں، البتہ ہم لوگ تعمیل حکم کے لیے تیار ہیں۔

فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے 23ھ میں دس برس کی خلافت کے بعد سفر آخرت کی تیاری کی اور عہدہ خلافت کے لیے چھ آدمیوں کا نام پیش کیا، ان میں حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ بھی تھے، لیکن انہوں نے نہایت فراخ حوصلگی کے ساتھ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو اپنے اوپر ترجیح دی اور ان کا نام اس منصب کے لیے پیش کیا، چناں چہ حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ کی کوشش اور حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کی تائید سے وہی خلیفہ منتخب ہوئے۔

حضرت ابو بکر صدیقؓ کے دورِ خلافت میں حضرت طلحہؓ ان کے قریبی مشیروں میں شامل تھے اور فتنۂ ارتداد کے خلاف معرکوں میں بڑھ چڑھ کر شریک ہوئے، خاص طور پر بزاخہ اور یمامہ کی جنگوں میں۔

حضرت عمر فاروقؓ نے جب اپنے بعد کے خلیفہ کے انتخاب کے لیے چھ رکنی شوریٰ مقرر کی، تو حضرت طلحہؓ ان میں شامل تھے

حضرت طلحہؓ کو اللہ تعالیٰ نے بے پناہ دولت سے نوازا تھا، لیکن آپ بہت سخی تھے۔ آپ نے کئی اوقاف قائم کیے اور اپنی دولت راہِ خدا میں خرچ کی۔ اسی سخاوت کے باعث نبی کریم ﷺ انہیں الفیاض فرمایا کرتے تھے۔

## شہادت

جنگ شروع ہونے سے پہلے صلح کی سلسلہ جنبانی شروع ہوئی اور حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک پیشین گوئی یاد دلائی کہ اس وقت ان کا دل بھی متزلزل ہوا اور جنگ سے کنارہ کش ہونے کی رائے قائم کرلی، مروان نے جو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کے معاملہ میں ان سے بدظن تھا، اس موقعہ کو غنیمت جان کر ایک تیر مارا، جو اگرچہ پاؤں میں لگا، لیکن ان کے لیے تیر قضا ثابت ہوا۔(مستدرک حاکم: 371/2) لوگوں نے نکالنے کی کوشش کی تو فرمایا چھوڑ دو، یہ تیر نہیں بلکہ پیام خداوندی ہے۔

## تجہیز و تکفین

اختلاف روایات حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے باسٹھ یا چونسٹھ برس کی عمر میں شہادت حاصل کی اور غالباً اسی میدانِ جنگ کے کسی گوشہ میں مدفون ہوئے، لیکن یہ زمین نشیب میں تھی اس لیے اکثر غرق آب رہتی تھی، ایک شخص نے مسلسل تین دفعہ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کو خواب میں دیکھا کہ وہ اپنی لاش کو اس قبر سے منتقل کرنے کی ہدایت فرمارہے ہیں، حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے خواب کا حال سنا تو حضرت ابو بکرہ صحابی رضی اللہ عنہ کا مکان دس ہزار درہم میں خرید کر ان کی لاش کو اس میں منتقل کردیا۔ دیکھنے والوں کا بیان ہے کہ اتنے دنوں کے بعد بھی یہ جسم خاکی اسی طرح مضمون و محفوظ تھا، یہاں تک کہ آنکھوں میں جو کافور لگایا گیا تھا وہ بھی بعینہ موجود تھا۔(اسد الغابہ: 161/3)

# حضرت سعد بن ابی و قاصؓ

## نام و نسب

حضرت سعد بن ابی و قاصؓ کا اصل نام سعد بن مالک بن وہیب تھا۔ وہ قبیلہ بنو زہرہ سے تعلق رکھتے تھے جو حضرت آمنہ بنت وہبؓ (والدہ رسول اللہ ﷺ) کا قبیلہ بھی ہے۔ اس طرح حضرت سعدؓ نسب میں رسول اللہ ﷺ کے قریبی رشتہ دار بھی تھے۔ ان کی کنیت ابو اسحاق تھی۔ آپ ان دس صحابہ کرامؓ میں شامل ہیں جنہیں نبی اکرم ﷺ نے جنت کی خوشخبری دی[1]۔

## ابتدائی زندگی

حضرت سعدؓ کی پیدائش ہجرت سے تقریباً 23 سال قبل مکہ مکرمہ میں ہوئی۔ وہ ایک سادہ لیکن غیرت مند اور فطری طور پر سلیم الطبع انسان تھے۔ بچپن ہی سے شکار، تیر اندازی اور گھڑ سواری سے دلچسپی رکھتے تھے اور اسی وجہ سے انہیں اسلام میں پہلا تیر چلانے والا مجاہد مانا جاتا ہے۔[2]

## قبولِ اسلام اور ماں کی آزمائش

حضرت سعدؓ نے کم عمری میں حضرت ابو بکر صدیقؓ کی دعوت پر اسلام قبول کیا، اور وہ ان چند افراد میں شامل تھے جنہوں نے ابتدائی دنوں ہی میں رسول اللہ ﷺ کی نبوت پر ایمان لے آیا۔ کہا جاتا ہے کہ وہ اسلام قبول کرنے والے چوتھے یا پانچویں مسلمان تھے۔ اسلام قبول کرنے کے بعد آپ کو اپنی والدہ کی طرف سے سخت مخالفت کا سامنا کرنا پڑا، یہاں تک کہ ان کی والدہ نے کھانا پینا چھوڑ دیا اور کہا کہ وہ اس وقت تک کھانا نہیں کھائیں گی جب تک سعدؓ اپنا دین چھوڑ نہ دیں۔ اس پر حضرت سعدؓ نے فرمایا:

اگر تیرے پاس سو جانیں ہوں اور وہ ایک ایک کر کے نکلیں، تب بھی میں اپنا دین نہیں چھوڑوں گا۔"

اس واقعہ کے بعد قرآن مجید کی آیت نازل ہوئی: اور اگر وہ تجھ پر دباؤ ڈالیں کہ تُو میرے ساتھ اس کو شریک ٹھہرائے جس کا تجھے علم نہیں، تو ان کی بات نہ مان "(لقمان: 15)[3]۔

## غزوات میں شرکت

حضرت سعدؓ نے غزوۂ بدر، اُحد، خندق اور تمام اہم معرکوں میں رسول اللہ ﷺ کے شانہ بشانہ حصہ لیا۔ آپ نہایت ماہر تیر انداز تھے، اور آپ کے بارے میں نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! سعد کی تیر اندازی کو درست رکھ، اور اس کی دعاؤں کو قبول فرما[4]"۔ یہ الفاظ آپ کی دین کے لیے خدمات اور رسول اللہ ﷺ کے ساتھ محبت کا عظیم ثبوت ہیں۔

---

[1] ابن حجر عسقلانی، الإصابة في تمييز الصحابة، تحقيق: عادل أحمد عبد الموجود، بيروت: دار الكتب العلمية، ج۳، ص۶۱

[2] الذہبی، سیر أعلام النبلاء، تحقيق: شعيب الأرناؤوط، بيروت: مؤسسة الرسالة، ج1، ص99–101

[3] الذہبی، سیر أعلام النبلاء، تحقيق: شعيب الأرناؤوط، بيروت: مؤسسة الرسالة، ج1، ص99–101۔

[4] مسلم، صحیح مسلم، کتاب فضائل الصحابة، باب فضائل سعد بن أبي وقاص، حدیث 2412

## خلافتِ ابو بکرؓ میں کردار

حضرت سعدؓ نے خلیفہ اول حضرت ابو بکر صدیقؓ کے دور میں ارتداد کے خلاف جنگوں میں بھرپور شرکت کی، خاص طور پر یمامہ اور دومۃ الجندل کی لڑائیوں میں نمایاں کردار ادا کیا۔ حضرت ابو بکرؓ نے ان کی عسکری صلاحیتوں کا اعتراف کرتے ہوئے انہیں محاذ پر برقرار رکھا، کیونکہ وہ جانتے تھے کہ سعدؓ کی موجودگی میدانِ جنگ میں زیادہ مؤثر ہے۔

## حضرت عمر فاروقؓ کے دور میں خدمات

حضرت عمرؓ نے حضرت سعدؓ کو اسلامی لشکر کا سپہ سالار مقرر کیا اور فارس (ایران) کے خلاف محاذ پر بھیجا۔ حضرت سعدؓ نے 15 ہجری میں ہونے والی جنگ قادسیہ میں مسلمانوں کی قیادت کی، جو اسلامی تاریخ کی فیصلہ کن جنگوں میں سے ایک تھی۔ اس وقت حضرت سعدؓ بیمار تھے اور بستر پر تھے، لیکن پھر بھی آپ نے نہایت تدبر سے جنگ کی نگرانی کی، اور اللہ تعالیٰ نے آپ کو شاندار فتح عطا فرمائی۔

اس کے بعد حضرت سعدؓ نے مدائن (ایران کا دارالحکومت) فتح کیا اور اسلامی دارالحکومت کو وہاں سے کوفہ منتقل کیا، جہاں انہوں نے ایک منظم ریاستی ڈھانچہ قائم کیا[1]۔

حضرت عمر فاروقؓ نے آپ کو کوفہ کا گورنر بھی مقرر کیا، لیکن بعد میں بعض شکایات پر —جن کی صداقت ثابت نہ ہو سکی— انہیں معزول کر دیا۔ حضرت عمرؓ نے خود فرمایا: ''میں نے سعد کو نہ نالائقی کی وجہ سے ہٹایا ہے اور نہ خیانت کی وجہ سے[2]"۔

## گورنری و علاقائی نظم و نسق (Provincial Governors / Regional Administrators)

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں اسلامی سلطنت غیر معمولی وسعت اختیار کر چکی تھی۔ عراق، شام، مصر، ایران، یمن اور بحرین جیسے وسیع و عریض علاقوں میں نظم و نسق قائم رکھنا محض ایک فرد یا مرکزی حکومت کے لیے ممکن نہ تھا۔ چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ہر مفتوحہ صوبے میں قابل، باصلاحیت، نیک، عادل اور مدبر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو بطور گورنر (والی) مقرر فرمایا، جو نہ صرف انتظامی معاملات کے نگران تھے بلکہ عوام کی دینی، اخلاقی اور سماجی اصلاح کا بھی فریضہ انجام دیتے تھے۔

یہ گورنرز خلیفہ وقت کے نمائندے کی حیثیت رکھتے تھے اور تمام تر امور میں شریعتِ اسلامیہ اور خلیفہ کی ہدایات کے پابند تھے۔ ان کے تقرر میں تین بنیادی اوصاف کو معیار بنایا گیا: دیانت، قابلیت اور عدل۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نہایت باریک بینی سے ہر والی کے انتخاب میں ان خصوصیات کا لحاظ رکھتے اور ان پر باقاعدہ نگرانی بھی فرماتے۔

عہدِ فاروقی کے ممتاز گورنرز میں درج ذیل جلیل القدر صحابہ کرام شامل تھے:

عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ — مصر کے والی

معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہ — شام کے والی

ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ — بصرہ کے والی

---

[1] ابن کثیر، البدایۃ والنھایۃ، بیروت: دار الفکر، ج7، ص184–189

[2] الطبری، تاریخ الامم والملوک، ج3، ص298

عتبہ بن غزوان رضی اللہ عنہ — بصرہ کے بانی گورنر

سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ — کوفہ کے والی

یزید بن ابی سفیان رضی اللہ عنہ — دمشق کے ابتدائی والی

زیاد بن لبید رضی اللہ عنہ — حضرموت (یمن) کے والی

العلاء بن الحضرمی رضی اللہ عنہ — بحرین کے والی

ان صحابہ کرام کی خدمات نہ صرف خلافتِ راشدہ کے نظم و نسق کو مؤثر بنانے میں معاون بنیں بلکہ اُنہوں نے اپنی سادگی، عدل، اور تقویٰ سے اسلامی طرزِ حکمرانی کی عظیم مثالیں قائم کیں۔ ذیل میں ان صحابہ کرام کا مختصر تعارف پیش کیا جارہا ہے۔

## حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ

### نام، نسب، کنیت

عمرو بن العاص بن وائل بن ہاشم بن سعید بن سہم بن عمرو بن حصیص بن کعب بن لوی بن غالب القرشی السہمی۔ ان کی کنیت ابو عبد اللہ تھی، اور بعض نے ابو محمد بھی کہا ہے۔ ان کی والدہ نابغہ بنت حرملہ تھیں، جو بنی جلان بن عتیک بن اسلم بن یذکر بن عنزہ کی ایک باندی تھیں۔ ان کے ماں شریک بھائی عمرو بن اثاثہ العدوی اور عقبہ بن نافع بن عبد قیس الفہری تھے۔ ایک بار کسی شخص نے عمرو بن العاص سے ان کی والدہ کے متعلق پوچھا تو انہوں نے کہا: سلمی بنت حرملہ، جنہیں نابغہ کہا جاتا تھا، قبیلہ عنزہ سے تعلق رکھتی تھیں[1]۔ انہیں عربوں نے جنگ میں قید کر کے عکاظ کے بازار میں فروخت کیا۔ پہلے الفاکہ بن مغیرہ نے خریدا، پھر عبداللہ بن جدعان نے، اور آخر میں وہ عاص بن وائل کے پاس آئیں جن سے عمرو پیدا ہوئے۔ عمرو نے کہا: "اگر اس میں تیرا کچھ حق بنتا ہے تو لے لو[2]۔"

### قبول اسلام

یہی عمرو وہ ہیں جنہیں قریش نے حبشہ بھیجا تھا تاکہ نجاشی سے جعفر بن ابی طالب اور دیگر مسلمانوں کو واپس لایا جائے، لیکن نجاشی نے انکار کر دیا۔ بلکہ نجاشی نے ان سے کہا: اے عمرو! کیا تم اپنے چچازاد کا معاملہ نہیں سمجھتے؟ اللہ کی قسم، وہ سچ مچ اللہ کے رسول ہیں! عمرو نے کہا: کیا آپ یہ بات کہتے ہیں؟ نجاشی نے کہا: جی ہاں، پس میری بات مانو۔ چنانچہ عمرو وہاں سے ہجرت کر کے رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے اور خیبر کے سال (یا صفر سنہ 8 ہجری) میں اسلام قبول کیا[3]۔ اس موقع پر خالد بن ولید اور عثمان بن طلحہ بھی ان کے ہمراہ تھے۔ خالد نے سب سے پہلے بیعت کی، پھر عمرو آگے آئے اور بیعت کی اور کہا کہ ان کے پچھلے گناہوں کی معافی ہو، تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اسلام اور ہجرت پچھلے تمام گناہوں کو مٹا دیتے ہیں[4]۔"

---

[1] البلاذری، احمد بن یحیی بن جابر، أنساب الأشراف، ج10، ص277، موسسۃ المعارف، دمشق۔

[2] أَبُو عُمَر يُوسُفُ بْنُ عَبْدِ اللهِ النَّمِرِيُّ المعروف بابن عَبْدِ البَرّ، الاستیعاب فی معرفۃ الأصحاب، ج5، ص174، مرکز ہجر للبحوث۔

[3] ابن خلکان، ابوالعباس، شمس الدین، احمد بن محمد بن ابی بکر، وفیات الأعیان وابناء ابناء الزمان، ج7، ص213، دار صادر، بیروت۔

[4] ایضاً

رسول اللہ ﷺ نے انہیں ذات السلاسل کے لشکر پر امیر بنا کر بھیجا، یہ علاقہ قبیلہ بلی کا تھا جہاں ان کی والدہ کا تعلق بھی تھا، چنانچہ آپ نے ان کو اسلام کی دعوت دی اور جہاد کے لیے بلایا۔ لشکر میں تین سو افراد تھے۔ راستے میں انہوں نے مدد طلب کی تو رسول اللہ ﷺ نے ابو عبیدہ بن الجراح کو مہاجرین کے ساتھ بھیجا جن میں ابو بکر و عمر بھی تھے۔ رسول اللہ ﷺ نے ابو عبیدہ سے فرمایا: "اختلاف نہ کرنا"۔ عمرو نے ابو عبیدہ سے کہا: "تم میرے مدد کے لیے آئے ہو"، ابو عبیدہ نے کہا: "نہیں، میں اپنے منصب پر ہوں اور تم اپنے۔" مگر عمرو نے کہا: "میں تم پر امیر ہوں"، ابو عبیدہ نے مان لیا، اور عمرو نے نماز پڑھائی[1]۔

## جلیل القدر صحابی

رسول اللہ ﷺ نے انہیں عمان کا گورنر بھی مقرر کیا، اور وہ اس وقت تک وہاں رہے جب تک رسول اللہ ﷺ کا وصال نہ ہو گیا۔ ترمذی میں روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "لوگ اسلام لائے اور عمرو بن العاص ایمان لایا[2]۔

اور فرمایا: "عمرو بن العاص قریش کے نیک لوگوں میں سے ہے[3]۔"

## حضرت عمرو ابن العاص عہد فاروقی میں

حضرت عمر کے زمانے میں فلسطین کے گورنر رہے۔ پھر حضرت عمر نے انہیں مصر کی فتح پر بھیجا، جسے انہوں نے فتح کیا اور وہیں گورنر رہے۔ حضرت عثمان نے ان کو چار سال مصر پر گورنر رہنے دیا، پھر عبداللہ بن سعد بن ابی سرح کو مقرر کر دیا۔ عمرو فلسطین چلے گئے اور کبھی کبھار مدینہ آتے۔ ان کی وفات ۴۳ہجری، یا بعض کے مطابق ۴۷، ۴۸ یا ۵۱ ہجری میں ہوئی، اور پہلا قول زیادہ راجح ہے۔ ان کی وفات عید الفطر کی رات مصر میں ہوئی۔ ان کے بیٹے عبداللہ بن عمرو نے ان کی نماز جنازہ پڑھائی اور مقطم میں دفن کیا[4]۔

جب ان کی موت کا وقت قریب آیا تو کہا: "اے اللہ! تُو نے حکم دیا، مگر میں نے نہ مانا۔ تُو نے روکا، مگر میں باز نہ آیا۔" پھر ہاتھ کو گردن پر رکھا اور کہا: "اے اللہ! نہ میں طاقتور ہوں کہ بدلہ لے سکوں، نہ بے گناہ ہوں کہ عذر کروں، نہ متکبر ہوں، بلکہ بخشش مانگنے والا ہوں، تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔" یہ جملے وہ بار بار دہراتے رہے حتیٰ کہ ان کا انتقال ہو گیا۔

عبدالرحمٰن بن شماسہ بیان کرتے ہیں کہ جب عمرو بن العاص کا وقتِ وفات آیا، وہ رونے لگے۔ ان کے بیٹے عبداللہ نے کہا: "ابا جان! موت کا خوف ہے؟" انہوں نے کہا: "نہیں، بلکہ موت کے بعد کا خوف ہے۔ میں تین ادوار سے گزرا: ایک وقت میں کافر تھا اور سب سے زیادہ رسول اللہ ﷺ کا دشمن تھا، اگر اسی حالت میں مر جاتا تو جہنمی ہوتا۔ پھر اسلام قبول کیا اور رسول اللہ ﷺ سے بہت شرماتا تھا، اگر اسی وقت مر جاتا تو جنت کی امید ہوتی۔ پھر حکومت و دنیا میں ملوث ہو گیا، اب نہیں جانتا کہ میرے لیے بہتر ہے یا بُرا۔" پھر وصیت کی: "میرے لیے کوئی نوحہ نہ کیا جائے، نہ آگ، نہ بین۔ مجھے دفن کرتے وقت میری دائیں اور بائیں جانب برابر مٹی ڈالنا، اور میرے پاس اتنا وقت رکنا جتنا ایک اونٹ کو ذبح کر کے گوشت کاٹنے

---

[1] ابن الاثیر، عزالدین ابو الحسن علی بن محمد بن عبدالکریم الجزری، اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ، ج4، ص233، جمعیۃ المعارف المصریہ، ط4، 1935، مصر۔

[2] الزہری، محمد بن سعد بن منیع، کتاب الطبقات الکبیر ((طبقات کبری، ط الخانجی))، ج5، ص56، ط ثالث، مکتبۃ الخانجی، قاہرہ، 2001۔

[3] ابن الاثیر، عزالدین ابو الحسن علی بن محمد بن عبدالکریم الجزری، اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ، ج4، ص233، جمعیۃ المعارف المصریہ، ط4، 1935، مصر۔

[4] ایضاً

میں لگتا ہے، تاکہ میں تم سے مانوس رہوں اور اللہ کے فرشتوں کے سوالات کی تیاری کر سکوں۔" ان سے ان کے بیٹے عبداللہ بن عمرو، ابو عثمان نہدی، قبیصہ بن ذؤیب وغیرہ نے روایتیں کیں[1]۔

[1] ایضا، ص235

# حضرت امیر معاویہ بن ابو سفیان رضی اللہ عنہما

## نام ونسب کنیت اور پیدائش

ابو عبدالرحمن معاویہ بن ابو سفیان بن صخر بن حرب بن امیہ بن عبد شمس بن مناف بن قصیؒ بن کلاب، قریشی، اموی مکی[1]۔ معاویہ رضی اللہ عنہ مختلف اقوال کی روسے بعثت نبوی سے پانچ سال، سات سال یا تیرہ سال قبل پیدا ہوئے۔ ان میں سے پہلا قول زیادہ صحیح ہے[2]۔ معاویہ رضی اللہ عنہ دراز قد، خوبرو اور بڑی بارعب شخصیت کے حامل تھے، ان کے والد نے ان کے عہد طفولت ہی سے ان میں سنہرے مستقبل کے آثار بھانپ لیے تھے۔ تو وہ ان کی ماں سے کہنے لگے: میرا یہ بیٹا سردار ہوگا، یہ اپنی قوم کی زمام قیادت سنبھالنے کی بدرجہ اتم اہلیت رکھتا ہے، یہ سن کر اس کی ماں کہنے لگی: صرف اپنی قوم کی قیادت؟ میں اسے گم پاؤں اگر یہ تمام عربوں کی قیادت نہ کرے تو[3]۔ ابان بن سفیان کا بیان ہے: ایک دن معاویہ رضی اللہ عنہ اپنی ماں ہند رضی اللہ عنہا کے ساتھ کہیں جارہے تھے کہ وہ لڑکھڑا کر گر پڑے۔ اس پر ان کی ماں کہنے لگی: کھڑا ہو جا اللہ تجھے نہ اٹھائے، یہ منظر دیکھ کر ایک اعرابی کہنے لگا: تو نے ایسا کیوں کہا؟ واللہ! مجھے لگتا ہے کہ یہ بچہ اپنی قوم کی قیادت کرے گا۔ اس پر وہ کہنے لگی: اگر یہ صرف اپنی قوم کی قیادت کرے گا تو پھر اللہ اسے نہ اٹھائے[4]۔

# حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ عہد فاروقی میں

جب ۱۳ھ میں پہلے خلیفہ اسلام صدیق اکبر رضی اللہ عنہ وفات پاگئے اور ان کی جگہ فاروق اعظم رضی اللہ عنہ مسلمانوں کے دوسرے خلیفہ منتخب ہوئے تو انہوں نے بنو امیہ پر مکمل اعتماد اور ان کی خدمات سے فائدہ اٹھانے کا سلسلہ جاری رکھا۔ انہوں نے نہ تو بنو امیہ کے کسی فرد کو اس کے منصب سے معزول کیا اور نہ کسی پر کوئی اعتراض ہی کیا۔ سب لوگ عمر رضی اللہ عنہ کی سخت مزاجی سے بخوبی آگاہ تھے اور اس امر سے بھی کہ آپ ہمیشہ اپنے عمال اور ذمہ داران کے معاملات کی ٹوہ لگاتے رہتے اور ان کے اعمال واخبار کی حقیقت سے آشنا رہتے ہیں اور بڑے حزم واحتیاط اور باریک بینی سے ان کا محاسبہ کرتے رہتے ہیں، لہٰذا آپ کے زمانہ خلافت میں ان کا اپنے مناصب پر مسلسل فائز رہنا ان کی امانت ودیانت اور ذمہ داریوں کی کماحقہ ادائیگی پر دلالت کرتا ہے۔ اس دوران یزید بن معاویہ بدستور دمشق کے والی رہے۔ جبکہ شام میں معاویہ بن ابو سفیان رضی اللہ عنہما کے زیر ولایت علاقہ میں مزید اضافہ کر دیا گیا[5]۔

خلیفۃ المسلمین حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ خلافت میں سیاسی اور ادارتی میدان عمل میں معاویہ رضی اللہ عنہ کی قسمت کا ستارہ طلوع ہونے لگا اور یہ اس وقت کی بات ہے جب فاروق اعظم نے ۱۵ھ میں انہیں قیساریہ کو فتح کرنے کی ذمہ داری تفویض کی[6]۔ انہیں یہ ذمہ داری ایک خط کے

---

[1] الذہبی، شمس الدین، محمد بن احمد بن عثمان، سیر اعلام النبلاء، ج3، ص120، ط خامس، موسس الرسالۃ، 2005۔

[2] عسقلانی، احمد بن علی بن محمد بن علی بن احمد المعروف بابن حجر، الاصابۃ فی تمیز الصحابہ، ج6، ص ۱۵۱، رقم 5463، مکتبہ رحمانیہ، لاہور۔

[3] عماد الدین، ابو الفداء، اسماعیل بن عمر بن کثیر، البدایہ والنہایہ، ج11، ص316، ط رابع، دار ہجر للطباعۃ والنشر والتوزیع والاعلان، 2006۔

[4] الذہبی، شمس الدین، محمد بن احمد بن عثمان، سیر اعلام النبلاء، ج3، ص121، ط خامس، موسس الرسالۃ، 2005۔

[5] عبدالشافی محمد عبداللطیف، العالم الاسلامی فی العصر الاموی، ص15، دار الاتحاد التعاونی، 1996، ترکی۔

[6] ایضاً ص17

ذریعے تفویض کی گئی جس کی عبارت یہ تھی: میں نے تمہیں قیساریہ کو فتح کرنے کی ذمہ داری دی ہے۔ اس کی طرف روانہ ہو جائیں۔ ان پر فتح حاصل کرنے کے لیے اللہ سے نصرت کی درخواست کریں اور بکثرت "لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم" پڑھا کریں۔ اللہ ہمارا رب ہے، ہم اسی پر بھروسہ کرتے ہیں وہی ہمارا مولیٰ ہے۔ وہ بڑا اچھا مولیٰ اور بہت اچھا مددگار ہے [1]۔

انہیں اس انتہائی ذمہ دارانہ مہم، میدان عمل میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی طرف سے ان کا کڑا امتحان تھا جس میں وہ ہر اعتبار سے کامیاب رہے وہاں لشکر کے ساتھ قیساریہ کی طرف روانہ ہوئے جسے ان کے لیے ان کے بھائی یزید بن ابوسفیان رضی اللہ عنہما نے تیار کیا تھا۔ جو اس وقت حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی طرف سے شام کے ایک والی تھے۔ یہ شہر انتہائی محفوظ تھا اور اس کے باسی بھی بڑے دلیر تھے۔ معاویہ رضی اللہ عنہ نے عرصہ دراز تک اس کا محاصرہ کیے رکھا اور اس کے شہریوں سے بھی متعدد جھڑپیں ہوئیں۔ اگرچہ حالات بڑے کٹھن تھے مگر وہ اس سے مایوس نہ ہوئے۔ انہوں نے بھی اسے فتح کرنے کا پختہ ارادہ کر رکھا تھا۔ آپ نے اپنی سر توڑ کوششیں جاری رکھیں یہاں تک اللہ تعالی نے انہیں فتح سے نواز دیا۔ شہر کو فتح کرنے کی مہم میں اس شہر کے باسیوں کو بھاری نقصان اٹھانا پڑا اور ان کے تقریباً ایک لاکھ لوگ اس جنگ میں مارے گئے [2]۔ معاویہ رضی اللہ عنہ نے فتح قیساریہ کی مبارک بادی کا پیغام اور اس کے نتیجہ میں حاصل ہونے والا مال غنیمت حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس مدینہ منورہ ارسال کیا [3]۔

اس فاتحانہ معرکہ کے دوران معاویہ رضی اللہ عنہ نے توفیق ایزدی سے جس عزم صادق اور حسن قیادت کا مظاہرہ کیا اس سے انہیں سب لوگوں کا اعتماد حاصل ہوا۔ چنانچہ دمشق کے امیر اور ان کے بھائی یزید نے شام کے ساحلی علاقوں کو فتح کرنے کی مہم ان کے سپرد کر دی جس کے لیے انہوں نے اپنی بھرپور حربی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے کوئی قلعہ دو دنوں میں فتح کیا اور کوئی چند دنوں میں۔ کبھی شدید مزاحمت کا سامنا کرنا پڑا اور کبھی صرف تیر اندازی ہی اس کی فتح کے لیے کافی ثابت ہوئی۔ وہ جس شہر کو بھی فتح کرتے اسے بعض مسلمانوں کے حوالے کر دیتے اور اگر کسی جگہ مزید دستوں کی ضرورت ہوتی تو اس کا بندوبست کرتے [4]۔ ڈاکٹر عبدالرحمن شجاع کی رائے میں ملک شام کے شہر مسلمانوں کے یکے بعد دیگرے حملوں کے نتیجے میں سرنگوں ہوتے چلے گئے اس لیے کہ شکست وریخت کے اس عمل نے رومیوں کو جس مقام پر لا کھڑا کیا تھا اس نے ان سے کسی جگہ جم کر لڑنے کی سوچ کو بھی سلب کر لیا تھا۔ ان کی اسی پست ہمتی کے نتیجہ میں بیروت، صیدا، نابلس، لد، حلب اور انطاکیہ ان کے ہاتھوں سے نکل گئے۔ شام کے شہروں میں سے قیساریہ وہ آخری شہر تھا جو معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہما کے ہاتھوں فتح ہوا اور یہ القدس کی فتح کے بعد کا واقعہ ہے۔ قیساریہ کے محاصرہ کے دوران مسلم سپاہ کے میمنہ (دائیں جانب کا دستہ) کی قیادت حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں تھی۔ وہ ایک دفعہ کھڑے ہو کر لوگوں کو نصیحت کرنے لگے اسی دوران آپ نے انہیں جانوں کے نذرانے پیش کرنے اور گناہوں کا کفارہ ادا کرنے کی تلقین فرمائی اور پھر دشمن پر بھرپور وار کر کے کئی رومیوں کو موت کی نیند سلا دیا مگر اپنا مقصد حاصل کرنے میں کامیاب نہ ہو سکے۔ آپ اپنی روانگی کی جگہ پر واپس گئے اور اپنے ساتھیوں کو جنگ کرنے کی ترغیب دلائی اور حملہ کے مقاصد کے حصول میں ناکامی پر اپنی شدید حیرت کا اظہار کیا۔ وہ اپنی سپاہ سے مخاطب ہو کر کہنے لگے: اے اہل اسلام! میں نقباء میں سے سب سے کم سن تھا پھر اللہ نے مجھے اتنی زندگی عطا فرمائی کہ آج میں تمہارے ساتھ مل

---

[1] طبری، محمد بن جریر، تاریخ الطبری تاریخ الرسل والملوک، ج4، ص431، ط دوم، 1998، عباس احمد الباز، ایران۔

[2] عماد الدین، ابوالفداء، اسماعیل بن عمر بن کثیر، البدایہ والنہایہ، ج10، ص63-64، ط رابع، دار ہجر للطباعۃ والنشر والتوزیع والاعلان، 2006۔

[3] عماد الدین، ابوالفداء، اسماعیل بن عمر بن کثیر، البدایہ والنہایہ، ج7، ص54، ط رابع، دار ہجر للطباعۃ والنشر والتوزیع والاعلان، 2006۔ ۵۴/۷:.

[4] البلاذری، احمد بن یحیی بن جابر، فتوح البلدان از بلاذری، ص134، موسسۃ المعارف، دمشق۔

کر اس دشمن سے بر سر پیکار ہوں۔ واللہ! میں جب بھی مومنین کی جماعت کے ساتھ مل کر مشرکین کی کسی جماعت پر حملہ آور ہوا انہوں نے ہمارے لیے میدان خالی کر دیا اور اللہ نے ہمیں کامیابی سے نواز دیا۔ مگر آج تمہیں کیا ہوا کہ تم لوگوں نے ان مشرکین پر حملہ کیا مگر تم انہیں پسپانہ کر سکے۔ پھر فرمایا: اللہ کی قسم! میں تمہارے بارے میں دو چیزوں سے خائف ہوں: یا تو تم مال غنیمت میں خیانت کے مرتکب ہوئے ہو یا پھر تم اس حملہ کے دوران اللہ کے لیے مخلص نہیں تھے۔ انہوں نے انہیں صدق دل کے ساتھ طلب شہادت کی ترغیب دلائی اور انہیں اس بات سے مطلع کیا کہ میں ان کے آگے رہوں گا اور اپنی جگہ پر واپس نہیں جاؤں گا الّا یہ کہ اللہ مجھے فتح سے نوازے یا پھر خلعت شہادت عطا فرمادے۔ پھر جب مسلمانوں اور رومیوں کی مڈ بھیڑ ہوئی تو حضرت عبادہ اپنے گھوڑے سے نیچے اترے اور پیدل ہی دشمن سے لڑنے لگے۔ جب عمیر بن سعد انصاری نے انہیں اس طرح جنگ کرتے دیکھا تو مسلمانوں کو آواز دے کر انہیں ان کے امیر کے اس کردار سے آگاہ کرتے ہوئے ان کی اقتداء کرنے کی تلقین فرمائی۔ پھر انہوں نے رومیوں سے اس طرح جم کر لڑائی کی کہ انہیں شکست فاش سے دوچار کرتے ہوئے انہیں ان کے قلعہ میں دھکیل دیا[1]۔ قیساریہ کی فتح اور سواحل دمشق کی فتح میں معاویہ رضی اللہ عنہ کی کامیابی کے بعد عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے انہیں اردن کی ولایت سونپ دی۔ یہ ۱۷ھ کا واقعہ ہے[2]۔

## دمشق، بعلبک اور بلقاء پر معاویہ رضی اللہ عنہ کی ولایت

۱۸ھ میں یزید بن ابو سفیان رضی اللہ عنہما عمواس کے طاعون میں فوت ہو گئے تو حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے معاویہ رضی اللہ عنہ کو ان کے بھائی کی جگہ دمشق، بعلبک اور بلقاء کا والی مقرر فرمادیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اس فیصلے کا حضرت معاویہ کے والد اور ان کی والدہ پر گہرا اثر ہوا۔ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ابو سفیان رضی اللہ عنہ سے ان کے بیٹے یزید کی وفات پر تعزیت کی تو وہ کہنے لگے: امیر المومنین! آپ نے یزید کی جگہ کس کو والی بنایا؟ تو انہوں نے فرمایا: اس کے بھائی معاویہ کو، یہ سن کر ابو سفیان رضی اللہ عنہ کہنے لگے: امیر المومنین! آپ نے صلہ رحمی کا حق ادا کر دیا۔ جب معاویہ رضی اللہ عنہ نے اپنا منصب سنبھالنے کے بعد کام کا آغاز کیا تو ابو سفیان رضی اللہ عنہ نے ان کے نام خط لکھا جس میں دوسری باتوں کے علاوہ ایک بات یہ بھی تھی: میرے بیٹے! مہاجرین ہم سے پہلے مسلمان ہو گئے تھے جبکہ ہم نے اسلام قبول کرنے میں تاخیر کر دی جس کی وجہ سے انہیں اللہ اور اس کے رسول کے نزدیک بلند تر مقام و مرتبہ حاصل ہو گیا۔ جبکہ ہماری تاخیر نے ہمیں اس اعزاز سے محروم کر دیا۔ وہ سابق الاسلام ہونے کی وجہ سے قائد اور سردار بن گئے اور ہم ان کے پیروکار بن کر رہ گئے۔ اب انہوں نے تجھے بڑی اہم ذمہ داری تفویض کی ہے تو ان کی حکم عدولی نہ کرنا۔ اس دوران اگر تم کوئی قابل تحسین کام کرو گے تو اسے ہمیشہ یاد رکھا جائے گا[3]۔ اسی طرح ان کی والدہ نے انہیں اس مضمون پر مشتمل خط لکھا: میرے بیٹے! اللہ کی قسم! تیرے جیسے بیٹے کو کسی ماں نے کم ہی جنم دیا ہو گا۔ خلیفۃ المسلمین نے تجھے یہ جو اتنا بڑا منصب عطا کیا ہے تو ان کی اطاعت کرنا، وہ کام تجھے پسند آئے یا نہ آئے[4]۔ بعض لوگوں نے اور خاص طور سے ان کے بزرگوں نے اس بات پر تعجب کا اظہار کیا کہ عمر رضی اللہ عنہ نے معاویہ رضی اللہ عنہ کو ان کی کم سنی کے باوجود منصب ولایت پر فائز کر دیا جبکہ ان سے بہتر اور بڑی عمر کے لوگ بھی

---

[1] حامد محمد الخلیفۃ، الانصار فی العصر الراشدی، ص 207-209، ط سوم، 2017، دار المعارف۔

[2] الزہری، محمد بن سعد بن منیع، کتاب الطبقات الکبیر ((طبقات کبری، ط الخانجی))، ج 7، ص 407، ط ثالث، مکتبۃ الخانجی، قاہرہ، 2001۔

[3] عماد الدین، ابو الفداء، اسماعیل بن عمر بن کثیر، البدایہ والنہایہ، ج 11، ص 399، ط رابع، دار ہجر للطباعۃ والنشر والتوزیع والاعلان، 2006۔

[4] ایضاً

موجود ہیں۔ جب اس کی اطلاع عمر رضی اللہ عنہ کو ہوئی تو انہوں نے اس کا جواز پیش کرتے ہوئے فرمایا: تم لوگ اس کی ولایت کے حوالے سے مجھ پر اعتراض کرتے ہو، حالانکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرمارہے تھے: ''یااللہ! اسے ہادی اور مہدی بنا اور اس راہ راست پر رکھنا[1]۔''

جب معاویہ رضی اللہ عنہ نے شام کی ولایت کا منصب سنبھالا اور حضرت عمرو بن العاص مصر فتح کرنے کے لیے روانہ ہوئے تو اسلامی مملکت شامی حدود کی حفاظت و توسیع کی ذمہ داری اس عمل سے مربوط ہوگئی۔ اس دوران معاویہ رضی اللہ عنہ نے مندرجہ ذیل دو اہم ترین عسکری منصوبوں کی تکمیل میں کامیابی حاصل کی: موسم سرما اور موسم گرما میں رومیوں کے ساتھ جنگ کرنے کے نظام کی تشکیل اور اسلامی تاریخ میں پہلی بار بحری بیڑے کی تیاری۔

### رومیوں کے ساتھ موسم سرما اور موسم گرما میں جنگ کرنے کا نظام

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور میں تشکیل پایا جس کی تفصیل کچھ اس طرح ہے کہ رومیوں کو سپاہ اسلام کے ہاتھوں پے در پے شکست فاش کا سامنا کرنا پڑا جس کے نتیجہ میں شام اور مصر ان کے ہاتھوں سے نکل گئے جبکہ اس وقت یہ دونوں علاقے اقتصادی، سیاسی اور فوجی اعتبار سے بڑی اہمیت کے حامل تھے۔ مگر رومیوں نے ان ہزیمتوں کو تسلیم نہ کیا اور انہوں نے ان پہاڑی راستوں سے شام پر حملے جاری رکھے جو انہیں رومی سلطنت کے دیگر علاقوں سے جدا کرتے تھے۔ جب خلیفۃ المسلمین ۱۶ھ میں شام کے دورے پر آئے تو وہ اس صورت حال کو دیکھ کر فرمانے لگے: میں چاہتا ہوں کہ ان پہاڑی گزرگاہوں کے اس طرف تو رومیوں کا عمل دخل رہے اور اس طرف ہمارا[2]۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے شام کے اس دورے کے دوران یہ اصطلاح رائج کی اور آپ کے حکم سے شام کے ان پہاڑی راستوں کو بند کر دیا گیا[3]۔ اس امر کا اہتمام بھی موجود ہے کہ ان اسلامی سرحدی شہروں پر رومیوں کے حملوں کا مقصد دیگر رومی شہروں کا دفاع کرنا اور مسلمان سپاہ کی طاقت کو کمزور کرنا ہو۔ مگر معاویہ رضی اللہ عنہ نے ان کے اس چیلنج کو قبول کرتے ہوئے دشمن کے شہروں کو میدان جنگ میں تبدیل کر دیا جس سے مسلمانوں کے علاقے محفوظ ہوگئے۔ معاویہ رضی اللہ عنہ نے اس مقصد کے حصول کے لیے دفاعی وسائل کو پہلے سے بہتر بنایا اور مختلف شہری مراکز اور چھاؤنیوں کو اگلے مورچوں میں تبدیل کر دیا جن کی ذمہ داری مشکل حالات کا سامنا کرنا اور دشمن کو خبردار کرنا تھا۔ ان مورچوں کو دشمن پر حملہ کرنے والی سپاہ کے لیے روانگی کے مراکز کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا تھا۔ جن میں سے بعض کی قیادت معاویہ رضی اللہ عنہ نے بنفس نفیس کی۔ مثلاً ۲۲ھ میں دس ہزار کے لشکر کی قیادت کرتے ہوئے سرزمین روم میں داخل ہوئے، اور ۲۳ھ میں روم میں دور تک پیش قدمی کرتے ہوئے عمودیہ تک جا پہنچے[4]۔ اس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے عبادۃ بن صامت، ابوایوب انصاری، ابوذر غفاری اور شداد بن اوس رضی اللہ عنہم بھی ان کے ساتھ تھے[5]۔

---

[1] البانی، محمد ناصر الدین، السلسلۃ الصحیحۃ، ج4، ص615، رقم الحدیث 1969، ط2009، مکتبہ قدوسیہ پاکستان۔

[2] یعقوبی، احمد بن ابی یعقوب بن جعفر بن وہب بن واضح، تاریخ یعقوبی، ج2، ص133، دار المعارف۔

[3] طبری، محمد بن جریر، تاریخ الطبری تاریخ الرسل والملوک، ج4، ص62، ط دوم، 1998، عباس احمد الباز، ایران۔

[4] طبری، محمد بن جریر، تاریخ الطبری تاریخ الرسل والملوک، ج4، ص144، ط دوم، 1998، عباس احمد الباز، ایران۔

[5] طبری، محمد بن جریر، تاریخ الطبری تاریخ الرسل والملوک، ج4، ص241، ط دوم، 1998، عباس احمد الباز، ایران۔

### اسلامی بحری بیڑہ

اللہ تعالیٰ نے پہلے اسلامی بحری بیڑے کی تیاری کی سعادت معاویہ رضی اللہ عنہ کو بخشی جس سے سمندر میں جہاد فی سبیل اللہ کا دروازہ کھل گیا جو کہ مصر اور شام کی حمایت اور دشمن کے بحری بیڑے کی بڑھتی ہوئی نقل و حرکت کو روکنے کے لیے تھا ان دنوں صوبوں کی ساحلی پٹیوں پر ان کی مسلسل غارت گری اور اس سے متاثرین کی نصرت و امداد کے لیے از حد ضروری ہو چکا تھا۔ موسم سرما اور موسم گرما کے دوران کی گئی جنگی کارروائیاں خشکی کے راستوں سے پیش آمدہ خطرات کو توروکنے میں موثر ثابت ہوئی تھیں مگر انطاکیہ سے لے کر اسکندریہ تک کے ساحلی شہر ابھی تک رومی بحری بیڑے کے رحم و کرم پر تھے۔ نیز معاویہ رضی اللہ عنہ کو یہ ادراک بھی ہو گیا تھا کہ جب تک رومیوں کی بحری قوت کا خاتمہ نہیں ہوتا اس وقت تک افریقہ میں اسلامی فتوحات کے دائرہ کو وسیع کرنا ممکن نہیں ہے۔

# حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ – بصرہ کے والی

## تعارف، نام و نسب

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کا اصل نام عبداللہ بن قیس بن سلیم تھا۔ آپ یمن کے مشہور قبیلہ اشعر سے تعلق رکھتے تھے۔ یہ قبیلہ قبیلہ ازد کی شاخ تھا۔ نسب، شجاعت اور فصاحت میں ممتاز ہونے کے ساتھ ساتھ دینی رجحان اور تہذیب و شائستگی میں بھی معروف تھا۔ [1]

## قبول اسلام اور ہجرت

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے ابتدائی دور میں اسلام قبول کیا۔ وہ یمن سے ہجرت کر کے پہلے حبشہ گئے، جہاں کچھ عرصہ قیام کیا۔ بعد ازاں مدینہ منورہ آئے اور رسول اللہ ﷺ کے قریب صحابہ میں شامل ہو گئے۔ [2]

## نبی کریم ﷺ کے ساتھ تعلق

آپ نبی کریم ﷺ کے انتہائی محبوب صحابہ میں سے تھے۔ آپ کو قرآن کی تلاوت میں خاص ملکہ حاصل تھا، یہاں تک کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

"لقد أوتي أبو موسى مزماراً من مزامير آل داود[3]"

نبی کریم ﷺ نے انہیں یمن کا گورنر اور مبلغ مقرر کیا، جہاں انہوں نے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کے ساتھ مل کر دین اسلام کی تبلیغ کی۔

## عہدِ فاروقی میں خدمات

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں حضرت ابو موسیٰ اشعری کو بصرہ کا گورنر مقرر کیا گیا۔ یہ ان کی خدمات کا سنہری دور تھا، جس میں انہوں نے انتظامی، عسکری اور تعلیمی میدانوں میں تاریخی کام سر انجام دیے۔

### ا۔ فتوحات عراق و فارس

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابو موسیٰ کو عراق اور فارس کی فتوحات میں اہم ذمہ داریاں سونپیں: انہوں نے بصرہ سے مختلف فتوحات کی قیادت کی، جن میں الاہواز، تستر، اور فارس کے علاقے شامل ہیں۔ حضرت سعد بن ابی وقاص کے بعد جنوبی عراق میں اسلامی اقتدار کو مضبوط بنانے میں ان کا کردار بنیادی تھا۔ [4]

### ۲۔ تاسیس و تنظیم بصرہ

حضرت ابو موسیٰ نے بصرہ میں جامع مسجد، قضاء کا ادارہ اور بیت المال قائم کیا۔ آپ کے دور میں بصرہ، علمی و دینی مرکز کے طور پر ابھرا۔ [5]

---

[1] ابن حجر عسقلانی، الاصابہ، ج4، ص109

[2] ابن عبدالبر، یوسف بن عبداللہ، الاستیعاب في معرفة الأصحاب، ج3 (بیروت: دار الجیل)، ص953۔

[3] مسلم، صحیح مسلم، کتاب فضائل الصحابة، حدیث 793، تحقیق: محمد فؤاد عبدالباقي (بیروت: دار احیاء التراث العربي)۔

[4] الطبري، محمد بن جریر، تاریخ الرسل والملوک، ج3، تحقیق: محمد أبوالفضل إبراهيم (القاهرة: دار المعارف)۔

[5] البلاذری، أحمد بن یحیی، فتوح البلدان، تحقیق: صلاح الدین المنجد (بیروت: دار الفکر)، ص340۔

### ۳۔ تعلیمی و دینی خدمات

آپ نے قرآن و حدیث کی تعلیم کو منظم انداز میں پھیلایا۔ کئی تابعین نے آپ سے قرآن کی قراءت اور حدیث میں علم حاصل کیا، جیسے :انس بن مالک، سعید بن مسیب۔

### ۴۔ عدل و زہد

حضرت ابو موسیٰ نہایت عادل، متقی اور زاہد گورنر تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان پر مکمل اعتماد رکھتے تھے اور فرمایا کرتے تھے:

ماولّیت أحداً أحبّ إليّ من أبي موسى

میں نے کسی کو ابو موسیٰ سے زیادہ محبوب ہو کر گورنر نہیں بنایا[1]

### وفات

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کا انتقال کوفہ میں 52 ہجری میں ہوا۔ ان کی تدفین بھی وہیں ہوئی۔ ان کا شمار ان اصحابِ رسول ﷺ میں ہوتا ہے جنہوں نے علم، سیاست، عبادت اور جہاد کو یکجا کر دیا۔[2]

---

[1] ابن قتیبہ، عبداللہ بن مسلم، الإمامة والسیاسة، ج1 (بیروت: دار الأندلس)، ص142۔

[2] ابن سعد، الطبقات، ج7، ص393

# حضرت عتبہ بن غزوان رضی اللہ عنہ — بصرہ کے بانی گورنر

## ابتدائی قبولِ اسلام

حضرت عتبہ بن غزوان رضی اللہ عنہ ان ابتدائی صحابہ کرام میں شمار ہوتے ہیں جنہوں نے رسولِ اکرم ﷺ کی دعوتِ توحید کو ابتدا ہی میں قبول کیا۔ انہوں نے ایک موقع پر تقریر کرتے ہوئے یہ دعویٰ کیا کہ وہ ساتویں مسلمان تھے، تاہم بعض مورخین کی رائے میں اس وقت اسلام قبول کرنے والوں کی تعداد سات سے زائد ہو چکی تھی [1]

## ہجرتِ حبشہ و مدینہ کی آمد

جب مکہ مکرمہ میں مشرکین کی اذیتیں ناقابل برداشت ہو گئیں تو حضرت عتبہ رضی اللہ عنہ نے دوسرے قافلے کے ساتھ حبشہ کی طرف ہجرت فرمائی۔ کچھ وقت وہاں قیام کے بعد وہ واپس مکہ آئے، اس وقت رسول اللہ ﷺ ابھی مکہ ہی میں موجود تھے۔ [2]

بعد ازاں، جب آپ ﷺ نے مدینہ کی طرف ہجرت فرمائی اور اسلامی و کفری افواج کے درمیان جھڑپیں شروع ہوئیں تو حضرت عتبہ اور حضرت مقداد بن اسود ایک قریشی فوجی مہم کے ساتھ مدینہ کی جانب روانہ ہوئے، جس کے سپہ سالار عکرمہ بن ابی جہل تھے۔ راستے میں حضرت عبیدہ بن حارث کی قیادت میں مسلمانوں کے ایک دستے سے سامنا ہوا، جہاں حضرت عتبہ اور حضرت مقداد نے موقع پا کر اسلام قبول کیا اور مدینہ چلے آئے۔ [3]

مدینہ پہنچنے کے بعد حضرت عبداللہ بن سلمہ عجلانی رضی اللہ عنہ کے ہاں قیام فرمایا اور حضرت ابو دجانہ انصاریؓ کے ساتھ بھائی چارہ (مواخات) قائم ہوا [4]۔

## شرکتِ غزوات

حضرت عتبہ بن غزوان رضی اللہ عنہ نے غزوہ بدر، غزوہ احد، اور رسول اللہ ﷺ کی دیگر تمام غزوات میں شریک ہو کر بے مثال شجاعت کا مظاہرہ کیا۔ ان کی مہارت خاص طور پر تیر اندازی میں مشہور تھی۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں انہوں نے حیرہ کی فتح میں بھی اہم کردار ادا کیا

---

[1] الخطیب البغدادي، تاریخ بغداد، ج 1

[2] ابن سعد، الطبقات الکبری، قسم اول، جز 3، ص 69

[3] ابن الأثیر، علي بن محمد، أسد الغابة في معرفة الصحابة، ج 3، تحقیق: علي محمد معوض وعادل أحمد عبد الموجود (بیروت: دار الکتب العلمیة، 1415ھ)، ص 364۔

[4] الطبقات، ابن سعد، جز 3، ص 69

# حضرت عتبہ بن غزوان عہد فاروقی میں

## بصرہ کی بنیاد اور فتوحات

14 ہجری میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت عتبہ کو خلیج فارس کے کنارے واقع اہم بندر گاہوں جیسے ابلہ، ابو قباذ، اور میسان کی طرف روانہ کیا، تاکہ وہاں اسلامی ریاست کا اثر ورسوخ قائم کریں۔ حضرت عمر نے جو حکم نامہ انہیں روانہ کیا اس میں واضح ہدایت دی کہ اہل عجم کو اسلام کی دعوت دی جائے، انکار کی صورت میں جزیہ یا قتال کا راستہ اختیار کیا جائے۔[1]

حضرت عتبہ نے ان علاقوں کو فتح کرتے ہوئے دریائے دجلہ کے کنارے واقع تمام ساحلی علاقے اسلام کے زیر نگیں کر دیے۔ پھر ان ہی کی قیادت میں بصرہ کے قریب ابلہ بندر گاہ کے پاس شہر بصرہ کی بنیاد رکھی گئی، جو اس وقت خلیج فارس سے تجارت کا اہم مرکز تھا۔[2]

انہوں نے شہر کی منصوبہ بندی کرتے ہوئے مختلف قبائل کے لیے الگ الگ محلّے مختص کیے، اور جامع مسجد کی تعمیر کی ذمہ داری حضرت محجن بن الاورع رضی اللہ عنہ کو سونپی۔ ابتدائی عمارات گھاس پھوس اور بانس سے بنائی گئیں[3]۔

## ولایتِ بصرہ اور کنارہ کشی

حضرت عتبہ بن غزوان رضی اللہ عنہ بصرہ کے پہلے والی مقرر ہوئے اور تقریباً چھ ماہ تک نہایت دیانت داری سے فرائض انجام دیے۔ ان کی طبیعت میں زہد و قناعت اس درجہ غالب تھی کہ انہوں نے امارت سے خود کو الگ کرنے کی خواہش ظاہر کی اور حضرت مجاشع بن مسعود کو اپنا جانشین بنا کر میدانِ فرات کی طرف روانہ ہوئے۔ حضرت مغیرہ بن شعبہ کو نماز کی امامت کی ذمہ داری سونپی[4]

پھر حج کی نیت سے مکہ مکرمہ تشریف لے گئے جہاں خلیفہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی موجود تھے۔ انہوں نے حضرت عتبہ کا استعفیٰ قبول کرنے سے انکار کر دیا اور واپس بصرہ جانے کی ہدایت کی[5]۔

## وفات

حضرت عتبہ بن غزوان رضی اللہ عنہ کا وصال 17 ہجری بمطابق 638 عیسوی میں ہوا، اس وقت ان کی عمر تقریباً 57 برس تھی۔ ان کا شمار ان جلیل القدر صحابہ میں ہوتا ہے جنہوں نے دینِ اسلام کے لیے نہایت اہم خدمات انجام دیں۔[6]

---

[2] ابن سعد، الطبقات، ج 3، ص 364

[3] بلاذری، فتوح البلدان۔۔۔۔۔۔

[4] طبقات ابن سعد، جز 3، ص 69

[5] أسد الغابة، ج 3، ص 364

[6] أسد الغابة، ج 3، ص 365

### زہد، تقویٰ اور اخلاق

حضرت عتبہ بن غزوان کا زہد، فقر و قناعت، اور خاکساری قابل تقلید تھی۔ وہ فرماتے تھے کہ میں نے نبی ﷺ کے ساتھ اس وقت اسلام قبول کیا تھا جب ہم صرف چھ سات افراد تھے، درختوں کے پتے کھا کر گزارہ کیا کرتے تھے اور فاقے کی شدت سے ہماری آنتیں زخمی ہو جایا کرتی تھیں۔ [1]

## حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ — کوفہ کے والی

ان کا تذکرہ گزر چکا ہے ملاحظہ فرمائیے۔

[1] مسند احمد، ج4، ص174

# یزید بن ابی سفیان رضی اللہ عنہ — دمشق کے ابتدائی والی

## تعارف و نسب

حضرت یزید بن ابو سفیان رضی اللہ عنہ کا مکمل نام یزید بن ابی سفیان بن حرب بن امیہ بن عبد شمس بن عبد مناف تھا۔ ان کی والدہ کا نام زینب بنت نوفل تھا۔ آپ قبیلہ قریش کی شاخ بنو امیہ سے تعلق رکھتے تھے۔ آپ کے سوتیلے بھائی حضرت معاویہ بن ابو سفیان رضی اللہ عنہ تھے۔

حضرت یزید کی شخصیت تقویٰ، دیانت، حکمت اور حسنِ انتظام کی مظہر تھی، اسی لیے انہیں" یزید الخیر "(نیک یزید) کہا جاتا تھا[1]

## قبول اسلام

یزید بن ابو سفیان رضی اللہ عنہ نے فتح مکہ کے موقع پر اپنے والد ابو سفیان اور دیگر اہل خاندان کے ساتھ اسلام قبول کیا۔ قبولِ اسلام کے بعد وہ دین کے سچے پیروکار اور نبی ﷺ کے وفادار اصحاب میں شامل ہو گئے۔[2]

## غزوات میں شرکت

اسلام قبول کرنے کے فوراً بعد حضرت یزید رضی اللہ عنہ نے غزوہ حنین میں شرکت کی، جو اسلام کی پہلی بڑی عسکری مہم تھی جس میں مکہ کے نو مسلم شامل ہوئے۔ رسول اللہ ﷺ نے انہیں غنیمت کے طور پر چالیس اوقیہ چاندی یا سونا اور سو اونٹ عطا فرمائے۔ ساتھ ہی انہیں بنی فراس کا سربراہ مقرر کیا۔[3]

## فتوحاتِ شام اور عہدِ خلافت راشدہ

### ۱۔ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے دور میں قیادت

جب قیصرِ روم کے مقابلے میں ملک شام کی مہم شروع کی گئی تو حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے حضرت یزید بن ابو سفیان رضی اللہ عنہ کو شام کے محاذ پر قائد مقرر فرمایا اور ان کی قیادت میں 1000 سواروں کی فوج روانہ کی گئی۔ اس کے ساتھ ربیعہ بن عامر کو بھیج کر دوسرے دستے کو بھی ساتھ شامل کیا گیا۔
4

حضرت یزید نے رومی سلطنت کے خلاف اہم معرکوں میں قیادت کی، یہاں تک کہ قیصر ہرقل کو شکست دے کر دمشق کو اسلامی ریاست میں شامل کر لیا۔ اس کامیابی کے بعد حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے انہیں دمشق کا گورنر مقرر کیا۔

### ۲۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے دور میں

---

[1] ابن حجر، أحمد بن علي، الإصابة في تمييز الصحابة، رقم 6341، تحقيق: عادل أحمد عبد الموجود وعلي محمد معوّض (بيروت: دار الكتب العلمية، 1415ھ)۔

[2] الطبقات الکبری، ابن سعد، ج 7، ص 127

[3] الاصابہ، ابن حجر، رقم 6341

[4] الطبری، تاریخ الرسل والملوک، ج 3

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور میں بھی حضرت یزید بن ابو سفیان رضی اللہ عنہ کو شام کے محاذ پر خدمات جاری رکھنے کا حکم دیا گیا۔ انہوں نے دمشق، اردن اور دیگر اطرافی علاقوں کو باقاعدہ اسلامی نظام میں داخل کیا۔

ابو عبیدہ بن جراح کی وفات کے بعد، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے انہیں شام کا گورنرِ اعلیٰ مقرر فرمایا۔

ان کی ماتحتی میں حضرت خالد بن ولید، معاذ بن جبل اور دیگر صحابہ نے جنگی و انتظامی کام انجام دیے۔[1]

**انتظامی کردار**

حضرت یزید نے شام میں عدل و امن کا قیام یقینی بنایا۔

لوگوں میں شریعت کی تعلیم، زکات، نکاح اور قضاء کے معاملات میں واضح نظم و ضبط قائم کیا۔

انہوں نے اسلامی ثقافت اور نظمِ حکومت کو رومی اثرات سے علیحدہ کر کے خلافت راشدہ کا عکس بنا دیا۔[2]

**وفات**

18 ہجری میں ملک شام میں شدید طاعون کی وبا پھیلی، جس سے کئی جلیل القدر صحابہ کرام شہید ہوئے، جن میں حضرت ابو عبیدہ بن جراح اور معاذ بن جبل رضی اللہ عنہم شامل تھے۔ اسی وبا کی لپیٹ میں حضرت یزید بن ابو سفیان رضی اللہ عنہ بھی آ گئے اور 639 عیسوی میں خالقِ حقیقی سے جا ملے۔[3]

[1] الاستیعاب، ابن عبد البر؛ الطبقات، ابن سعد

[2] اُسد الغابۃ، ابن الأثیر؛ الاصابہ، ابن حجر

[3] الطبقات الکبری، ابن سعد؛ الاستیعاب، ابن عبد البر

# زیاد بن لبید رضی اللہ عنہ – حضر موت (یمن) کے والی

## تعارف و نسب

حضرت زیاد بن لبید بن ثعلبہ بن سنان کا تعلق قبیلہ خزرج کے معروف خاندان بیاضہ سے تھا۔ ان کی کنیت ابو عبد اللہ تھی۔ نسلاً وہ خزرجی انصاری تھے، جو مدینہ کے اشراف اور سابقین اسلام میں شامل تھے۔[1]

## قبولِ اسلام و بیعتِ عقبہ

حضرت زیاد رضی اللہ عنہ ان صحابہ میں شامل تھے جو بیعتِ عقبہ میں شریک ہوئے۔ بعد ازاں وہ انصار کی اس جماعت میں شامل رہے جو مکہ میں آنحضرت ﷺ سے ملنے آئے، اور دیگر صحابہ کے ساتھ مدینہ واپس چلے گئے۔ اسی بنا پر انہیں انصاری بھی کہا جاتا ہے اور مہاجر بھی۔[2]

## غزوات میں شرکت

حضرت زیاد بن لبید رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ کے ساتھ تمام اہم غزوات میں شرکت کی۔[3]

# گورنری یمن (حضر موت) و حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا دور

9 ہجری میں نبی کریم ﷺ نے حضرت زیاد بن لبید رضی اللہ عنہ کو یمن کے ایک حصے "حضر موت" کا گورنر مقرر فرمایا۔ یمن اس وقت پانچ علاقوں میں تقسیم تھا اور حضرت زیاد حضر موت کے عامل بنائے گئے۔ اس کے ساتھ ہی محکمہ صدقات بھی ان کے ماتحت کر دیا گیا۔[4]

## خلافتِ ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما

نبی کریم ﷺ کی وفات کے بعد اہلِ یمن کی ایک بڑی تعداد مرتد ہو گئی اور زکوٰۃ دینے سے انکار کر دیا۔ اس موقع پر خلیفہ اول حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے حضرت زیاد کو تحریری ہدایت جاری کی کہ وہ شاہانِ کندہ کے خلاف کارروائی کریں۔

حضرت زیاد نے شبخون مار کر اشعث بن قیس کا محاصرہ کیا، اس کو شکست دی اور گرفتار کر کے مدینہ روانہ کیا۔ اس کارنامے پر امام ابن حجر لکھتے ہیں:

"وكان له بلاء حسن في قتال اهل الردة" (مرتدین کے خلاف ان کی کارکردگی شاندار رہی)[5]

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں بھی حضرت زیاد اسی علاقے کے عامل رہے، اور مرتدین کے خلاف لڑتے رہے۔ بعد ازاں، جب ان کی ذمہ داری ختم ہوئی تو انہوں نے کوفہ میں سکونت اختیار کی، جبکہ بعض روایات کے مطابق انہوں نے کچھ عرصہ شام میں بھی قیام کیا۔[6]

---

[1] اسد الغابہ، ج1، ص844

[2] الاستیعاب، ج1، ص246

[3] طبری، تاریخ الرسل، ج4، ص136

[4] الاستیعاب، ج1، ص246

[5] ابن حجر، أحمد بن علي، تهذيب التهذيب، ج3 (بیروت: دار الكتب العلمية)، ص383۔

[6] طبری، ج4، ص136

**وفات**

حضرت زیاد بن لبید رضی اللہ عنہ کا انتقال 41ہجری میں ہوا، جو حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے خلافت کا ابتدائی سال تھا۔ [1]

---

[1] اسد الغابہ، ج1، ص844، اصحاب بدر، ص144

## عدالتی و قانونی نظام (Judges / Chief Justices)

اسلامی ریاست میں عدل وانصاف کا قیام سب سے اہم ستونوں میں شمار ہوتا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے مدینہ میں سب سے پہلا منصفانہ معاشرہ قائم کر کے دنیا کو یہ سبق دیا کہ عدلیہ کا نظام بلاامتیاز، غیر جانبدار اور شریعتِ الٰہی پر مبنی ہونا چاہیے۔ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے اسی سنتِ نبوی ﷺ کو اپنی خلافت میں نہایت مضبوطی سے نافذ کیا اور عدالتی ادارے کو ایک مستقل، خود مختار اور باوقار حیثیت دی۔

آپ رضی اللہ عنہ نے ہر بڑے شہر میں تجربہ کار، دیندار، علم و فقہ میں ماہر اور جرات مند صحابہ کرام کو **قاضی** مقرر فرمایا، جو نہ صرف عدالتوں میں فیصلے سناتے بلکہ عوامی تربیت، فتویٰ نویسی، اور شرعی رہنمائی میں بھی فعال کردار ادا کرتے تھے۔ آپ قاضیوں کو تاکید فرمایا کرتے تھے کہ وہ "حق کہنے میں کسی کا خوف نہ کریں اور نہ ہی کسی امیر یا کمزور میں فرق روا رکھیں۔"

عہدِ فاروقی کے نمایاں قضاۃ میں یہ عظیم المرتبت صحابہ کرام شامل ہیں:

- **شریح بن حارث** رضی اللہ عنہ – کوفہ کے قاضی، جو فقہی بصیرت اور انصاف میں ممتاز تھے
- **عبداللہ بن مسعود** رضی اللہ عنہ – کوفہ میں قاضی اور معلم، صحابہ میں علمِ قرآن کے ماہر
- **ابوالدرداء** رضی اللہ عنہ – دمشق کے قاضی، زہد، حکمت اور فتویٰ میں شہرت یافتہ
- **ابوموسیٰ اشعری** رضی اللہ عنہ – بصرہ کے قاضی و گورنر، عدل اور حسنِ خطابت کے مالک
- **زید بن ثابت** رضی اللہ عنہ – مدینہ میں تحریر و فتویٰ کے نگران، کاتبِ وحی اور فقیہ الامۃ

یہ حضرات نہ صرف عدالتی فیصلوں میں غیر معمولی مہارت رکھتے تھے بلکہ عوام کے لیے ایک مثالی کردار اور اسلامی عدل کا زندہ نمونہ تھے۔ ان کے ذریعے خلافتِ راشدہ میں قانون وانصاف کا بول بالا ہوا اور عوام الناس کو تحفظ، مساوات اور شریعت پر مبنی عدلیہ میسر آئی۔

# عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ

## نام، نسب، کنیت

عبداللہ بن مسعود بن غافل بن حبیب بن شمخ بن فار بن مخزوم بن صاہلہ بن کاہل بن الحارث بن تمیم بن سعد بن ہذیل بن مدرکہ بن الیاس بن مضر، کنیت: ابو عبدالرحمن، ہذلی، بنو زہرہ کے حلیف تھے۔ ان کے والد، مسعود، زمانہ جاہلیت میں عبد بن الحارث بن زہرہ کے حلیف بنے تھے۔ ان کی والدہ، اُم عبد، عبد ود بن سواء کی بیٹی تھیں اور وہ بھی ہذیل قبیلے سے تعلق رکھتی تھیں [1]۔

## قبول اسلام

آپ ؓ کا اسلام لانا ابتدائی دور میں ہوا، جب حضرت سعید بن زید اور ان کی زوجہ حضرت فاطمہ بنت خطاب ایمان لائیں، یہ سب حضرت عمرؓ کے اسلام لانے سے بھی پہلے کا واقعہ ہے۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ فرماتے ہیں: "میں چھ افراد میں سے چھٹا تھا، جب زمین پر ہمارے سوا کوئی مسلمان نہ تھا[2]۔"

---

[1] ابن الاثیر، عزالدین ابوالحسن علی بن محمد بن عبدالکریم الجزری، اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ، ج3، ص348، جمعیۃ المعارف المصریہ، ط4، 1935، مصر۔

[2] ایضاً، ص312

## اسلام قبول کرنے کا واقعہ

حضرت عبداللہؓ نے خود فرمایا کہ میں نوجوان لڑکا تھا اور عقبہ بن ابی معیط کی بکریاں چرایا کرتا تھا۔ ایک دن نبی اکرم ﷺ حضرت ابو بکرؓ کے ساتھ وہاں تشریف لائے اور فرمایا: "اے لڑکے! کیا تمہارے پاس دودھ ہے؟" میں نے عرض کیا: "جی ہاں، مگر میں ان بکریوں کا امین ہوں!" آپ ﷺ نے فرمایا: "ایسی بکری لے آؤ جس پر نر بکرے نے ابھی جفتی نہ کی ہو۔" میں لے آیا، تو آپ ﷺ نے اس کے تھن پر ہاتھ پھیرا اور دعا فرمائی، یہاں تک کہ وہ دودھ دینے لگی، اور حضرت ابو بکرؓ نے ایک پتھر میں دودھ دوہا۔ نبی ﷺ نے پہلے حضرت ابو بکرؓ کو پلایا، پھر خود نوش فرمایا۔ پھر فرمایا: "تھن واپس اپنی حالت پر آجاؤ"، تو وہ ویسا ہی ہو گیا۔

میں نے عرض کیا: "یارسول اللہ! مجھے یہ قرآن سکھایئے۔" تو آپ ﷺ نے میرے سر پر ہاتھ پھیرا اور فرمایا: "تو سیکھنے والا عقلمند لڑکا ہے۔" میں نے ان سے ستر سورتیں سیکھیں جن میں مجھ سے کسی نے اختلاف نہیں کیا[1]۔

## مکہ میں سب سے پہلے بلند آواز سے قرآن پڑھنے والے

آپؓ پہلے شخص تھے جنہوں نے مکہ میں نبی ﷺ کے بعد قرآن بلند آواز سے قریش کے سامنے پڑھا۔ صحابہؓ نے مشورہ کیا کہ قریش نے آج تک یہ کلام بلند آواز میں نہیں سنا، تو ان میں سے کون انہیں سنا سکتا ہے؟ عبداللہ بن مسعودؓ نے کہا: "میں سناؤں گا!" صحابہؓ نے کہا: "ہمیں ڈر ہے کہ وہ تجھے نقصان پہنچائیں گے، بہتر ہے کوئی ایسا شخص ہو جس کی قوم اسے بچالے۔" مگر ابن مسعودؓ نے فرمایا: "اللہ میری حفاظت کرے گا۔" پھر وہ مقام ابراہیم پر پہنچے اور اونچی آواز میں سورہ رحمٰن کی ابتدائی آیات پڑھنا شروع کیں۔ قریش نے انہیں مارنا شروع کر دیا، لیکن وہ پڑھتے رہے۔ واپسی پر ان کے چہرے پر مار کا اثر تھا، صحابہؓ نے کہا: "ہمیں اسی کا اندیشہ تھا۔" تو ابن مسعودؓ نے کہا: "اللہ کے دشمن آج میرے نزدیک پہلے سے کہیں زیادہ حقیر ہو گئے ہیں۔ اگر تم کہو، تو میں کل پھر پڑھوں!" صحابہؓ نے کہا: "نہیں، تم نے انہیں وہ سنا دیا جو وہ پسند نہیں کرتے[2]۔"

## نبی اکرم ﷺ کے خاص خادم

حضرت عبداللہؓ نبی ﷺ کے ذاتی خادم تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "تجھے اجازت ہے کہ میرے بغیر اطلاع اندر آجایا کرو، تم میری چادر سن سکو گے[3]۔" وہ آپ کے ساتھ چلتے، آپ کو نعلین پہناتے، غسل کے وقت پردہ کرتے، نیند سے جگاتے، اور آپ کا مسواک سنبھالتے[4]۔

## عظیم صحابی

حضرت عبداللہؓ نے دونوں ہجرتیں کیں: حبشہ اور مدینہ۔ قبلہ کی تبدیلی سے پہلے اور بعد دونوں قبلوں کی طرف نماز پڑھی، بدر، احد، خندق، بیعت رضوان، اور تمام غزوات میں شریک رہے۔ جنگ یرموک میں بھی شریک تھے اور حضرت ابو جہل کو جہنم رسید کرنے والے آپ ہی تھے۔ نبی

---

[1] شیبانی، ابو عبداللہ احمد بن محمد بن حنبل ذہلی، مسند احمد بن حنبل، مسند احمد عن عبداللہ ابن مسعود، ج1، ص462، حدیث نمبر((1328))، مکتبہ رحمانیہ۔

[2] ابن ہشام، ابو محمد عبدالملک بن ھشام بن ایوب حمیری، السیرۃ النبویۃ المعروف بسیرۃ ابن ہشام، ج1، ص314-315، ط1988، دار المعرفہ۔

[3] شیبانی، ابو عبداللہ احمد بن محمد بن حنبل ذہلی، مسند احمد بن حنبل، مسند احمد عن عبداللہ ابن مسعود، ج1، ص388، حدیث نمبر((1328))، مکتبہ رحمانیہ۔

[4] ابن الاثیر، عزالدین ابو الحسن علی بن محمد بن عبدالکریم الجزری، اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ، ج3، ص386، جمعیۃ المعارف المصریہ، ط4، 1935، مصر۔

ﷺ نے ان کے لیے جنت کی بشارت دی۔ آپ سے متعدد صحابہ وتابعین نے روایتیں نقل کیں: ابن عباس، ابن عمر، ابو موسیٰ اشعری، عمران بن حصین، ابن زبیر، جابر، انس، ابو سعید، ابو ہریرہ، ابو رافع، اور تابعین میں علقمہ، اسود، مسروق، عبیدہ، قیس بن ابی حازم وغیرہ[1]۔

## نبی ﷺ کی محبت اور اعتماد

نبی ﷺ نے فرمایا: "ابن ام عبد (یعنی ابن مسعود) سے مضبوطی سے وابستہ رہو!"، اور فرمایا: "اگر میں بغیر مشورے کے کسی کو امیر بناتا تو ابن مسعود کو بناتا[2]۔" حضرت علیؓ نے فرمایا[3]: "ہم نے ابن مسعود سے زیادہ بااخلاق، علم سکھانے والا، عمدہ ساتھی، اور پرہیزگار کسی کو نہ پایا[4]۔"

## حضرت عمرؓ کا اعتماد

حضرت عمرؓ نے آپ کو کوفہ کا معلم اور وزیر مقرر فرمایا، اور اہل کوفہ کو لکھا: "میں نے تمہیں عبداللہ بن مسعود جیسا عظیم انسان دیا ہے، اس کی بات سنو اور اس کی پیروی کرو، وہ بدر والوں میں سے ہے[5]۔"

## علم، عبادت، زہد

حضرت عمرؓ نے فرمایا: "یہ (ابن مسعود) چھوٹے جسم والا شخص ہے، مگر علم سے بھرا ہوا ہے[6]۔"

حضرت عثمانؓ نے ان سے پوچھا: "کیا تمہارے لیے طبیب بلاؤں؟" فرمایا: "طبیب ہی نے تو مجھے بیمار کیا ہے۔" حضرت عثمانؓ نے عطاء دینا چاہا، فرمایا: "مجھے اس کی ضرورت نہیں۔ میں نے اپنی بیٹیوں کو روز سورۃ الواقعہ پڑھنے کی تلقین کی ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: جو شخص ہر رات سورہ واقعہ پڑھے، اسے کبھی فقر نہیں ہو گا[7]۔"

## وفات

حضرت عبداللہؓ کوفہ سے واپس مدینہ آئے، اور سن 32 ہجری میں انتقال فرمایا۔ انہیں بقیع میں دفن کیا گیا۔ کچھ روایات میں ان کی عمر 63 برس ذکر کی گئی ہے۔ حضرت عثمانؓ، عمار بن یاسرؓ یا زبیرؓ نے نماز جنازہ پڑھائی۔ حضرت ابو درداءؓ نے ان کے انتقال پر فرمایا: "ان کے بعد ان جیسا کوئی نہیں رہا[8]۔"

---

[1] ایضاً، ج3، ص387۔

[2] شیبانی، ابو عبداللہ احمد بن محمد بن حنبل ذہلی، مسند احمد بن حنبل، أخرج الإمام أحمد نحوه من طريق ربعي بن خراش عن حذيفة، ج5، ص399، حدیث نمبر ((1328))، مکتبہ رحمانیہ۔

[3] نیسابوری، الحافظ ابو عبداللہ الحاکم، مستدرک حاکم، کتاب معرفۃ الصحابۃ، ج3، ص315، ط سوم، دار احیاء التراث العربی، 2012۔

[4] ابن الاثیر، عزالدین ابوالحسن علی بن محمد بن عبدالکریم الجزری، اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ، ج3، ص387، جمعیۃ المعارف المصریہ، ط4، 1935، مصر۔

[5] ایضاً

[6] الزہری، محمد بن سعد بن منیع، کتاب الطبقات الکبیر ((طبقات کبری، ط الخانجی))، ج3، ص110، ط ثالث، مکتبۃ الخانجی، قاہرہ، 2001۔

[7] زمخشری، ابوالقاسم محمود بن عمرو بن احمد خوارزمی زَمَخْشَری، جار اللہ، الکشاف عن حقائق غوامض التنزیل وعیون الأقاویل في وجوه التأویل، ج4، ص375، دار المعرفہ۔

[8] ابن الاثیر، عزالدین ابوالحسن علی بن محمد بن عبدالکریم الجزری، اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ، ج3، ص390، جمعیۃ المعارف المصریہ، ط4، 1935، مصر۔

## عسکری قیادت ودفاعی نظم(Military Commanders / Defense Chiefs)

خلافتِ راشدہ کا نظام صرف داخلی اصلاح وعدل پر ہی نہیں، بلکہ بیرونی فتوحات، سرحدی دفاع اور منظم عسکری حکمتِ عملی پر بھی قائم تھا۔ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے دور میں اسلامی سلطنت کا دائرہ تیزی سے وسعت اختیار کر رہا تھا، اور اس کے لیے ایک منظم، دیانت دار، تجربہ کار اور باصلاحیت عسکری قیادت ناگزیر تھی۔ چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایسے جلیل القدر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو سپہ سالار مقرر فرمایا، جنہوں نے اپنی شجاعت، تدبر، قیادت، اور اطاعتِ خلافت کے ذریعے اسلامی فتوحات کو بامِ عروج تک پہنچایا۔

ان عسکری قائدین کو نہ صرف میدانِ جنگ میں حکمتِ عملی اپنانے کی آزادی دی گئی، بلکہ انہیں اخلاقی وروحانی تربیت، نظم وضبط، اور رعایا کے حقوق کا بھی خیال رکھنے کی خصوصی ہدایت دی جاتی تھی۔ یہ فوجی قیادت صرف جنگی فتوحات تک محدود نہ تھی، بلکہ ان کے ذریعے اسلام کے اعلیٰ اخلاقی اور سماجی اقدار بھی مفتوحہ علاقوں تک منتقل ہوتے۔

عہدِ فاروقی کے ممتاز سپہ سالار درج ذیل ہیں:

- **سعد بن ابی وقاص** رضی اللہ عنہ — قادسیہ کی فیصلہ کن جنگ اور ایران کی فتوحات کے سالار
- **ابوعبیدہ بن الجراح** رضی اللہ عنہ — شام میں سپہ سالار، زہد وامانت میں معروف
- **خالد بن ولید** رضی اللہ عنہ — شام وعراق میں برق رفتار فتوحات کے عظیم جرنیل
- **عمرو بن العاص** رضی اللہ عنہ — مصر کی مہمات اور قیادت کے ماہر
- **شرحبیل بن حسنہ** رضی اللہ عنہ — اردن کی فتوحات کے کمانڈر
- **یزید بن ابی سفیان** رضی اللہ عنہ — دمشق کے پہلے سپہ سالار اور والی

ان امیرانِ جیش نے اپنی بصیرت، فہم، اور اسلامی اصولوں کے ساتھ عسکری قیادت کا جو اعلیٰ معیار قائم کیا، وہ آج بھی اسلامی عسکری حکمتِ عملی کے لیے نمونۂ عمل ہے۔

## سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ

ان کا تذکرہ گزر چکا ہے ملاحظہ فرمائیے

# ابو عبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ

## تعارف، شخصیت اور مقام

### نام و نسب

حضرت ابو عبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ کا اصل نام "عامر بن عبد اللہ بن الجراح الفہری القرشی" تھا۔ ان کا نسب نویں پشت میں رسول اللہ ﷺ سے جا کر قریش کے جد "فہر" پر جاملتا ہے۔ ابن اثیر کے مطابق: "یہ اپنی کنیت اور جد کے نام سے مشہور ہوئے، یعنی: ابو عبیدہ بن الجراح"۔

### ولادت و وفات

ان کی ولادت ہجرت سے تقریباً چالیس سال قبل ہوئی۔ ابن سعد کے مطابق انہوں نے غزوۂ بدر میں شرکت کی جب ان کی عمر 41 سال تھی، اور وہ 18 ہجری میں طاعون عمواس کے دوران وفات پا گئے۔ اس وقت ان کی عمر 58 برس تھی۔[1]

### خاندان

ان کے والد عبد اللہ بن الجراح قریش کے قبیلہ فہر سے تھے۔ بعض روایات کے مطابق وہ اسلام سے قبل وفات پا چکے تھے، جب کہ بعض کے مطابق بدر کے دن ان کے بیٹے ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ کے ہاتھوں قتل ہوئے۔ یہ روایت طبرانی نے "المعجم الکبیر" میں ذکر کی ہے۔[2] ان کی والدہ امیمہ بنت غنم تھیں، جن کا تعلق قبیلہ الحارث بن فہر سے تھا، اور وہ اسلام لے آئی تھیں۔[3]

### اولاد

ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ کے دو بیٹے تھے: یزید اور عمیر، مگر ان کی اولاد باقی نہ رہی۔[4]

### شخصی صفات

تابعی مالک بن یخامر کے مطابق وہ ایک نحیف، لمبے قد کے شخص تھے جن کے چہرے پر رگیں نمایاں تھیں، داڑھی ہلکی اور دانتوں کے درمیان فاصلہ تھا۔ وہ احد کے دن رسول اللہ ﷺ کے چہرے میں پیوست خود کے حلقے اپنے دانتوں سے نکالتے ہوئے اپنے دو دانتوں سے محروم ہو گئے، جس کی بنا پر وہ "اہتم" (سامنے کے دانتوں سے خالی) مشہور ہو گئے۔[5]

### قبولِ اسلام اور ہجرت

حضرت ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ ابتدائی اسلام لانے والوں میں شامل تھے۔ انہوں نے سیدنا ابو بکر صدیقؓ کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا، اور دارِ ارقم میں داخلے سے پہلے ہی مسلمان ہو چکے تھے۔ انہوں نے دونوں ہجرتوں میں شرکت کی۔[6]

---

[1] ابن سعد، محمد. الطبقات الکبیر. بیروت: دار صادر، ج3، ص379–384.

[2] الطبراني، سليمان بن أحمد. المعجم الكبير. تحقيق: حمدي السلفي. الموصل: مكتبة العلوم والحكم، 1983، ج1، ص154–155.

[3] ابن سعد، محمد. الطبقات الکبیر. بیروت: دار صادر، ج3، ص379–384.

[4] ابن سعد، محمد. الطبقات الکبیر. بیروت: دار صادر، ج3، ص379–384.

[5] ابن الأثير، عزالدين. أسد الغابة في معرفة الصحابة. بيروت: دار الكتب العلمية، 1994، ج3، ص128–130.

[6] ابن سعد، محمد. الطبقات الکبیر. بیروت: دار صادر، ج3، ص379–384.

## بدرواحداور دیگر معرکے

انہوں نے بدر، احد، خندق اور تمام غزوات میں شرکت کی۔احد کے دن آپ نے رسول اللہ ﷺ کے دفاع میں مثالی کردار ادا کیا اور زخمی بھی ہوئے۔ابن المبارک نے کتاب الجہاد میں اس واقعہ کو روایت کیا ہے[1]

## رسول اللہ ﷺ کے نزدیک مقام

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ کے نزدیک سب سے محبوب صحابی سیدنا ابو بکرؓ، پھر عمرؓ اور پھر ابو عبیدہؓ تھے[2]۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "ابو عبیدہ اس امت کے امین ہیں"[3]

## خلافت کے لیے موزونیت

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنی وفات سے قبل فرمایا: "اگر ابو عبیدہ زندہ ہوتے تو میں ان کو خلیفہ مقرر کرتا، کیونکہ وہ اللہ اور اس کے رسول کے امین تھے"[4]

## وفات

آپ کی وفات 18 ہجری میں شام کے مقام عمواس میں طاعون کے سبب ہوئی۔ حضرت عمرؓ چاہتے تھے کہ وہ مدینہ آجائیں، مگر ابو عبیدہؓ نے معذرت کرلی اور فرمایا کہ وہ اپنی قوم کے ساتھ ہی رہیں گے۔[5]

---

[1]ابن المبارک، عبداللہ. کتاب الجھاد. تحقیق: ناصر الدین الألباني. بیروت: المکتب الإسلامی، 1971.

[2]الترمذي، محمد بن عیسی. الجامع الصحیح. بیروت: دار إحیاء التراث العربي، حدیث 3657.

[3]مسلم بن الحجاج. صحیح مسلم. بیروت: دار إحیاء التراث العربي، حدیث 2419.

[4]ابن سعد، محمد. الطبقات الکبیر. بیروت: دار صادر، ج3، ص379–384.

[5]ابن عساکر، علی بن الحسن. تاریخ دمشق. تحقیق: عمر العمروي. بیروت: دار الفکر، 1995، ج25، ص435–491.

# خالد بن ولید رضی اللہ عنہ

## تعارف

حضرت خالد بن ولید بن مغیرہ قریش کے معزز قبیلہ بنو مخزوم سے تعلق رکھتے تھے، جو مکہ کے جنگجو قبائل میں شمار ہوتا تھا۔ آپ نے سن 7 ہجری میں صلح حدیبیہ کے بعد اسلام قبول کیا اور غزوۂ موتہ میں پہلی بار اسلامی لشکر کی قیادت سنبھالی۔ رسول اللہ ﷺ نے آپ کو "سیف اللہ المسلول" (کھینچی ہوئی اللہ کی تلوار) کا لقب دیا۔ آپ کی قیادت اور عسکری حکمت عملی نے عرب و عجم کی فتوحات میں انقلاب برپا کر دیا۔

## دورِ خلافتِ فاروقیؓ میں خدمات

### جنگ یرموک (۱۵ھ/۶۳۶ء)

رومی سلطنت کے خلاف سب سے اہم جنگ تھی، جس میں حضرت خالدؓ نے دائیں بازو کی کمان سنبھالی اور زبردست عسکری حکمت عملی سے دشمن کو شکست دی۔ اس فتح نے شام کی سرزمین کو اسلام کے لیے کھول دیا۔[1]

### فتوحاتِ شام

حضرت خالد بن ولیدؓ نے دمشق، حمص، بعلبک، بصرہ، قنسرین اور متعدد شہروں کو فتح کیا۔ ان فتوحات نے رومیوں کے کئی سو سالہ تسلط کا خاتمہ کیا۔[2]

### فرمانِ عمر اور اطاعت

خلیفہ عمرؓ نے بعض انتظامی حکمتوں کے تحت حضرت خالدؓ کو فوجی قیادت سے سبکدوش کر کے حضرت ابو عبیدہؓ کو سپہ سالار مقرر کیا، جسے حضرت خالدؓ نے دل و جان سے قبول کیا اور اطاعت کا اعلیٰ نمونہ پیش کیا۔[3]

## حضرت خالد بن ولیدؓ کی انتظامی صلاحیتیں

### جنگی نظم و ضبط کا اعلیٰ نمونہ

حضرت خالدؓ صرف شمشیر زن سپہ سالار نہ تھے، بلکہ نظم و نسق میں بھی ان کی بصیرت بہت بلند تھی۔ آپ میدانِ جنگ میں فوج کی صف بندی، حملے اور دفاع کی ترتیب، رسد کی ترسیل، اور خیمہ گاہ کے نظم میں بے مثال مہارت رکھتے تھے۔

مثال کے طور پر، غزوۂ موتہ میں تین کمانڈروں کی شہادت کے بعد حضرت خالدؓ نے نہایت حکمت اور سرعت سے قیادت سنبھالی، فوراً لشکر کی از سر نو ترتیب کی، ایک رات میں فوج کے دونوں بازو تبدیل کیے تاکہ دشمن کو گمان ہو کہ نئی کمک آگئی ہے، اور باعزت پسپائی اختیار کر کے ہزاروں مسلمانوں کو بچا لایا۔[4]

---

[1] محمد بن جریر الطبری، تاریخ الرسل والملوک، ج12، ترجمہ: یوحنان فرائیڈ مین (البانی: اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیویارک پریس، 1992)، 169–175۔

[2] اعزاز الحق اکرم، سیف اللہ: خالد بن ولیدؓ کی زندگی اور فتوحات (کراچی: آکسفورڈ یونیورسٹی پریس، 1970)، 207–250۔

[3] ابن کثیر، اسماعیل بن عمر، البدایہ والنہایہ، ج7 (بیروت: دار الکتب العلمیۃ، 1985)، 104–106۔

[4] ابن ہشام، السیرۃ النبویہ، ج4، ص25–30۔

### فتوحات کے بعد شہری نظم کا قیام

حضرت خالد بن ولیدؓ نے صرف شہروں کو فتح نہیں کیا بلکہ فتوحات کے بعد شہری نظم ونسق بھی قائم کیا۔ شام اور عراق کے کئی شہروں میں انہوں نے امن وامان، جزیہ کا نظام، رعایا کے حقوق، اور امن معاہدات کے نفاذ کو یقینی بنایا۔

دمشق کی فتح کے بعد خالدؓ نے عیسائیوں کے ساتھ معاہدہ کیا کہ ان کے چرچ محفوظ رہیں گے، ان پر جزیہ مقرر کیا گیا اور مسلمانوں کو وہاں آباد کیا۔ یہ ایک اعلیٰ درجے کی شہری انتظامی مثال تھی۔[1]

## عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ

ان کا تذکرہ گزر چکا ہے ملاحظہ فرمایئے

[1] الطبری، تاریخ الرسل والملوک، ج3، ص390۔

# شرحبیل بن حسنہ رضی اللہ عنہ

## حسب نسب

شرحبیل کی والدہ کا نام حسنہ تھا، جو عدویہ تھیں۔ شرحبیل، عبداللہ بن مطاع بن عمرو بن کندہ کے بیٹے تھے، اور بنو زہرہ کے حلیف تھے۔ ان کی کنیت ابو عبداللہ تھی۔ وہ دوسری ہجرت میں حبشہ کی طرف ہجرت کرنے والوں میں شامل تھے [1]۔

محمد بن اسحاق کہتے ہیں کہ حسنہ، شرحبیل کی ماں، سفیان بن معمر بن حبیب بن وہب بن حذافہ بن جمح کی بیوی تھیں، اور ان کے بطن سے خالد اور جنادہ نامی دو بیٹے تھے۔ سفیان بن معمر نے حبشہ کی طرف ہجرت کی اور اپنی بیوی حسنہ، بیٹے خالد اور جنادہ کے ساتھ روانہ ہوئے، اور ان کے ساتھ ان کے سوتیلے بھائی (یعنی حسنہ کے پچھلے شوہر سے) شرحبیل بن حسنہ بھی تھے۔ یہ ہجرت حبشہ کی دوسری ہجرت تھی۔ محمد بن عمر کہتے ہیں کہ دراصل سفیان بن معمر الجمحی، شرحبیل کا ماں شریک بھائی تھا، اور حسنہ اس کی بیوی نہ تھی بلکہ اس کی ماں تھی۔ سفیان، اپنی ماں حسنہ، اپنے بھائی شرحبیل، اور اپنے بیٹوں جنادہ و خالد کے ساتھ حبشہ کی طرف ہجرت کر گیا تھا [2]۔

ابو معشر، شرحبیل اور ان کی ماں کو ان لوگوں میں شمار کرتے ہیں جنہوں نے بنو جمح سے حبشہ کی طرف ہجرت کی، لیکن وہ سفیان بن معمر اور اس کی اولاد کا ذکر نہیں کرتے۔ موسیٰ بن عقبہ نے بھی نہ تو ان (سفیان یا اس کی اولاد) کا اور نہ ہی شرحبیل کا اپنی روایت میں ذکر کیا ہے کہ وہ حبشہ کی طرف ہجرت کرنے والوں میں شامل تھے۔ محمد بن عمر کہتے ہیں کہ شرحبیل اور ان کے والد بنو زہرہ کے حلیف تھے، لیکن سفیان بن معمر الجمحی کی وجہ سے ان کا نام بنو جمح میں ذکر ہوا۔ شرحبیل، رسول اللہ ﷺ کے اعلیٰ درجے کے صحابہ میں سے تھے، آپ ﷺ کے ساتھ غزوات میں شریک ہوئے، اور ابو بکر صدیقؓ نے جب شام کی طرف لشکر روانہ کیے تو شرحبیل کو سپہ سالاروں میں شامل کیا۔

## انتقال

شرحبیل بن حسنہ کا انتقال طاعونِ عمواس میں شام کے علاقے میں 18 ہجری میں ہوا، جو کہ خلافتِ عمر بن خطابؓ کا زمانہ تھا۔ اس وقت ان کی عمر سڑسٹھ (67) سال تھی [3]۔

---

[1] ابن الاثیر، عزالدین ابوالحسن علی بن محمد بن عبدالکریم الجزری، اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ، ج2، ص512، جمعیۃ المعارف المصریہ، ط4، 1935، مصر۔

[2] ایضاً

[3] ابن الاثیر، عزالدین ابوالحسن علی بن محمد بن عبدالکریم الجزری، اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ، ج6، ص512، جمعیۃ المعارف المصریہ، ط4، 1935، مصر۔

## یزید بن ابی سفیان رضی اللہ عنہ

ان کا تذکرہ گرز چکا ہے۔

## انس بن مالک بن نضر

نام نسب

انس بن مالک بن نضر بن ضمضم بن زید بن حرام بن جندب بن عامر بن غنم بن عدی بن النجار —— جن کا اصل نام تیم اللہ تھا—— بن ثعلبہ بن عمرو بن خزرج بن حارثہ، انصاری خزرجی نجاری تھے، اور بنو عدی بن النجار سے تعلق رکھتے تھے [1]۔

وہ رسول اللہ ﷺ کے خادم تھے، اسی نسبت سے پہچانے جاتے اور اسی پر فخر کرتے تھے۔ ان کا اور نبی ﷺ کی دادی ام عبد المطلب سلمی بنت عمرو بن زید بن اسد بن خداش بن عامر کا نسب عامر بن غنم پر جا کر ملتا ہے۔ ان کی کنیت ابو حمزہ تھی، یہ کنیت نبی کریم ﷺ نے ایک سبزی کے حوالے سے رکھی تھی جو وہ چُنا کرتے تھے۔ ان کی والدہ کا نام ام سلیم بنت ملحان تھا، جو صحابیہ تھیں۔ انس بن مالکؓ اپنے بازوؤں کو خوشبو سے خوشبودار کرتے، اور ان کے جسم پر کچھ سفیدی کے نشان تھے جنہیں وہ خَلوق (خوشبودار تیل) سے ڈھانپتے۔ ان کے سر پر ذُوَابہ (چھوٹی چوٹی) تھی جسے وہ لمبا کرنا چاہتے تھے، لیکن ان کی والدہ نے انہیں روکا اور کہا: "نبی ﷺ اسے کھینچا کرتے تھے، اس لیے اسے ویسا ہی رہنے دو۔"

نبی کریم ﷺ نے ان سے ہنسی مذاق کرتے ہوئے فرمایا: "یاذاالاُذنین" یعنی "اے دو کانوں والے!" (یعنی دونوں کانوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے ازراہِ محبت فرمایا)۔ محمد بن عبد اللہ انصاری روایت کرتے ہیں کہ ان کے والد نے انسؓ کے ایک غلام سے پوچھا: "کیا آپ نے بدر میں نبی کریم ﷺ کے ساتھ شرکت کی؟" تو انسؓ نے ناراضگی سے جواب دیا: "تیری ماں تجھ پر روئے! بدر کے موقع پر میں کہاں تھا؟" یعنی اس وقت وہ کم عمر تھے۔

محمد بن عبد اللہ کہتے ہیں کہ انسؓ نبی کریم ﷺ کے ساتھ بدر کو گئے لیکن بطور خادم۔ جب نبی ﷺ مدینہ تشریف لائے، اس وقت انسؓ کی عمر دس سال تھی، بعض کے نزدیک نو یا آٹھ سال۔ زہری انسؓ سے روایت کرتے ہیں کہ: "نبی ﷺ جب مدینہ تشریف لائے، تو میں دس سال کا تھا، اور جب آپ ﷺ کا وصال ہوا، تو میں بیس سال کا تھا۔" روایات میں یہ بھی آیا ہے کہ انسؓ نے سات، آٹھ یا دس سال نبی کریم ﷺ کی خدمت کی۔ ابو خلدہ (خالد بن دینار) نے ابو العالیہ سے روایت کیا کہ انسؓ نے نبی ﷺ کی دس سال خدمت کی، اور نبی کریم ﷺ نے ان کے لیے دعا کی۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی دعا کو ایسا قبول فرمایا کہ انسؓ کا ایک باغ تھا جو سال میں دو بار پھل دیتا، اور اس میں سے مشک جیسی خوشبو آتی تھی۔ انسؓ کے پاس نبی کریم ﷺ کی ایک چھوٹی لاٹھی (عُصَیّہ) تھی، جب آپ کا انتقال ہوا تو وصیت کی کہ وہ ان کے ساتھ دفن کی جائے، چنانچہ وہ ان کے کفن کے اندر، ان کی چھاتی اور قمیص کے درمیان رکھ دی گئی۔ انسؓ فرماتے ہیں: "میری والدہ ام سلیم نے میرا ہاتھ پکڑا اور نبی ﷺ کے پاس لے گئیں اور عرض کیا: یا رسول اللہ! یہ میرا بیٹا ہے، لکھنے والا ہے (یعنی تعلیم یافتہ ہے)، تو میں نے نبی ﷺ کی نو سال خدمت کی، اور انہوں نے کبھی مجھ سے یہ نہیں کہا کہ: 'تم نے یہ برا کیا' یا 'یہ غلط کیا'۔" نبی کریم ﷺ نے ان کے لیے مال و اولاد کی کثرت کی دعا کی۔ چنانچہ ان کے بطن سے اسی (80)

[1] ابن الاثیر، عزالدین ابو الحسن علی بن محمد بن عبد الکریم الجزری، اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ، ج 1، ص 151، جمعیۃ المعارف المصریہ، ط4، 1935، مصر۔

بیٹے اور دو بیٹیاں پیدا ہوئیں: ایک کا نام حفصہ اور دوسری کا ام عمرو تھا۔ ان کی اولاد اور پوتوں کی کل تعداد ایک سو بیس (120) تک پہنچی، اور بعض روایات میں قریب سو کا ذکر ہے۔

ان کی انگوٹھی پر بیٹھے ہوئے شیر کی تصویر تھی۔ انہوں نے اپنے دانتوں کو سونے سے جُڑوایا ہوا تھا۔ وہ ماہِر تیر انداز تھے، اپنے بچوں کو بھی تیر اندازی سکھاتے، اور کبھی کبھی ان کے ساتھ خود بھی نشانہ بازی کرتے اور انہیں ہرا دیتے۔ وہ خز (ایک قسم کا عمدہ کپڑا) پہنتے اور اسی سے عمامہ بھی باندھتے تھے۔ اگر ان کی ہجرت کے وقت عمر 10 سال مانی جائے اور وفات 93 ہجری کو، تو کل عمر 103 سال بنتی ہے، اور اگر 7 یا 8 سال عمر مانی جائے تو عمر اس سے کم بنتی ہے۔ وہ بصرہ میں وفات پانے والے آخری صحابی تھے۔ ان کی وفات قصر الطف ؓ میں ہوئی اور بصرہ سے دو فرسخ کے فاصلے پر دفن کیے گئے۔ ان کی نماز جنازہ قطن بن مدرک کلابی نے پڑھائی۔ ان کا تذکرہ تینوں (ابن عبد البر، ابن اثیر، ابن حجر) نے کیا ہے [1]۔

[1] ابن الاثیر، عزالدین ابوالحسن علی بن محمد بن عبدالکریم الجزری، اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ، ج6، ص152، جمعیۃ المعارف المصریہ، ط4، 1935، مصر۔

## مالی نظم ونسق (Finance Administrators / Treasury Officers)

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے خلافتِ راشدہ کے مالیاتی نظام کو ایک مؤثر، شفاف، اور منظم ادارے کی شکل دی، جس کی بنیاد بیت المال یعنی "خزانۂ عامہ" پر تھی۔ بیت المال صرف جنگی مالِ غنیمت یا زکوٰۃ کا ذخیرہ نہیں تھا، بلکہ ایک باقاعدہ ریاستی مالیاتی ادارہ بن چکا تھا جو عامۃ المسلمین کی فلاح، وظائف، بنیادی سہولیات، اور عوامی ضروریات کی تکمیل کے لیے استعمال ہوتا تھا۔

اس نظم ونسق کی درستگی کے لیے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایسے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو مالی معاملات کا نگران مقرر فرمایا، جو دیانت، تقویٰ، حساب دانی، اور ریاستی وفاداری میں ممتاز تھے۔ ان حضرات کی ذمے داریوں میں محصولات کی جمع آوری، بیت المال کا حساب، وظائف کی تقسیم، زکوٰۃ وصدقات کی ترسیل، اور مالی بے ضابطگیوں کی روک تھام شامل تھی۔

عہدِ فاروقی کے ان مالی نگراں حضرات میں درج ذیل شخصیات شامل تھیں:

**عبدالرحمن بن عوف** رضی اللہ عنہ — مرکزی بیت المال کے مشیر، جو مالی حکمت عملی میں خلیفہ کے قریب ترین رفیق تھے

**عثمان بن عفان** رضی اللہ عنہ — مالی نظم ونسق کے بڑے منتظم، حساب وکتاب اور نظامِ تحریر میں ماہر

**زید بن ثابت** رضی اللہ عنہ — تحریر، حسابات اور دستاویزی امور کے ماہر، بیت المال کی کتابت میں ممتاز

**یحییٰ بن حکیم** — یمامہ میں زکوٰۃ جمع کرنے والے، مالی شفافیت کے نمائندہ

**عبداللہ بن الارقم** — مدینہ میں بیت المال کے باقاعدہ سیکرٹری، مالی ریکارڈ کے محافظ

ان حضرات کی کوششوں سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور میں ایک ایسا مالیاتی نظام قائم ہوا جو اپنے شفافیت، منصفانہ تقسیم، اور مستحقین کی بروقت امداد کے اعتبار سے ایک مثالی اسلامی ریاستی ماڈل قرار پایا۔

## داخلی سلامتی و سرحدی تحفظ(Security Officers / Intelligence Supervisors)

کسی بھی ریاست کے استحکام، امنِ عامہ اور بقا کے لیے داخلی سلامتی اور سرحدی نگرانی ناگزیر عناصر ہوتے ہیں۔ خلافتِ فاروقی کے وسیع تر دائرۂ اقتدار میں جہاں ایک طرف فتوحات جاری تھیں، وہیں ریاست کے داخلی نظم و ضبط، سرحدی تحفظ، اور خفیہ اطلاعات (انٹیلیجنس) کے نظام کو بھی نہایت منظم انداز میں ترتیب دیا گیا۔ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے اس مقصد کے لیے انتہائی فہم و فراست رکھنے والے، چوکنا، اور تجربہ کار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو ان ذمہ داریوں پر فائز فرمایا، جو نہ صرف عسکری مہارت رکھتے تھے بلکہ عوامی نظم و ضبط، دشمن کی سرگرمیوں پر نظر، اور انٹیلیجنس رپورٹنگ میں بھی غیر معمولی صلاحیت کے حامل تھے۔

یہ حضرات ریاست کے مختلف علاقوں میں نظم و تحفظ کے ضامن تھے اور اپنے علاقے کی سلامتی کی مکمل ذمہ داری اٹھاتے تھے۔ ان کی رپورٹوں اور تجاویز پر خلیفۂ وقت براہِ راست عملدرآمد کرواتے۔

عہدِ فاروقی کے نمایاں حفاظتی نگراں درج ذیل ہیں:

- **حذیفہ بن یمان** رضی اللہ عنہ — سرحدی نگرانی، خفیہ اطلاعات، اور اندرونی خطرات کی نشاندہی میں مہارت رکھتے تھے
- **عبداللہ بن مسعود** رضی اللہ عنہ — کوفہ میں نظم و ضبط، عوامی معاملات کی نگرانی اور حساس معاملات کی رپورٹنگ کے ذمہ دار
- **ابو عبیدہ بن الجراح** رضی اللہ عنہ — شام میں انتظامی تحفظ، سیاسی و عسکری توازن اور امنِ عامہ کی نگرانی پر مامور

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نہ صرف ان پر مکمل اعتماد کیا بلکہ ان کی مشاورت اور انٹیلیجنس رپورٹوں کو ریاستی پالیسی سازی میں اہمیت دی۔ اس نظام کی بنیاد پر خلافتِ راشدہ کی داخلی سلامتی دیرپا اور مستحکم رہی۔

## حذیفہ بن یمان

یہ حذیفہ بن حُسل ہیں۔ بعض روایات کے مطابق ان کا مکمل نام حُسیل بن جابر بن عمرو بن ربیعہ بن جروہ بن حارث بن مازن بن قُطیعہ بن عبس بن بغیض بن رَیث بن غطفان ہے۔ ان کی کنیت ابو عبداللہ ہے اور یہ قبیلہ عبس سے تعلق رکھتے تھے۔ "یمان" ان کے والد "حسل بن جابر" کا لقب تھا۔ بعض کے نزدیک "یمان" دراصل "جروہ بن حارث" کا لقب ہے۔ ان کو یہ لقب اس وجہ سے ملا کہ انہوں نے اپنے قبیلے میں کسی کو قتل کر دیا تھا، جس کے بعد وہ مدینہ ہجرت کر گئے اور انصار کے قبیلہ "بنو عبد الاشہل" سے حلف (معاہدہ) کر لیا۔ چونکہ انصار کو "یمنی" کہا جاتا تھا، اس لیے ان کو "یمان" کا لقب دیا گیا۔ آپ سے ان کے بیٹے ابو عبیدہ، عمر بن خطاب، علی بن ابی طالب، قیس بن ابی حازم، ابو وائل، زید بن وہب اور دیگر نے روایات بیان کیں[1]۔

آپ نبی کریم ﷺ کے پاس ہجرت کر کے آئے، تو آپ ﷺ نے ان کو اختیار دیا کہ چاہیں تو مہاجرین میں شامل ہوں یا انصار میں۔ انہوں نے انصار کی نصرت کو اختیار کیا۔ آپ ﷺ کے ساتھ غزوۂ احد میں شریک ہوئے، جہاں ان کے والد شہید ہو گئے۔ ان کا ذکر ان کے نام کے ساتھ آتا ہے[2]۔

### رازدارِ رسول ﷺ

حذیفہ رضی اللہ عنہ منافقین کے بارے میں نبی ﷺ کے راز دار تھے۔ نبی ﷺ نے صرف انہیں منافقین کے نام بتائے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے پوچھا: "کیا میرے افسران میں کوئی منافق ہے؟" انہوں نے جواب دیا: "ہاں، ایک ہے۔" حضرت عمر نے پوچھا: "کون ہے؟" کہا: "میں نام نہیں بتاؤں گا۔" پھر حضرت عمر نے اسے عہدے سے ہٹا دیا، گویا اسے پہچان لیا۔ جب کسی کا انتقال ہوتا، حضرت عمر دیکھتے کہ حذیفہ جنازے میں شریک ہیں یا نہیں۔ اگر شریک ہوتے تو عمر بھی نماز جنازہ پڑھتے، اگر شریک نہ ہوتے تو وہ بھی نماز نہ پڑھتے[3]۔

### فتوحات میں شرکت

آپ جنگ نہاوند میں شریک ہوئے، جب حضرت نعمان بن مقرن شہید ہوئے تو حذیفہ رضی اللہ عنہ نے جھنڈا سنبھالا۔ ہمدان، ری، دینور اور جزیرہ کی فتوحات آپ کے ہاتھوں ہوئیں۔ آپ نصیبین میں مقیم ہوئے اور وہیں شادی بھی کی[4]۔

### بصیرت و احتیاط

آپ نبی ﷺ سے شر کے متعلق سوال کرتے تاکہ اس سے بچ سکیں۔ غزوۂ احزاب میں نبی ﷺ نے انہیں دشمن کی خبریں لینے کے لیے رات کے وقت بھیجا۔ آپ بدر میں شریک نہ ہو سکے، کیونکہ مشرکین نے ان سے عہد لیا تھا کہ وہ ان کے خلاف جنگ نہیں کریں گے۔ آپ ﷺ سے پوچھا کہ کیا میں جنگ کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: "نہیں، ان سے کیے گئے وعدے کی پاسداری کرو، اور اللہ سے مدد مانگو[5]۔"

---

[1] ابن الاثیر، عزالدین ابوالحسن علی بن محمد بن عبدالکریم الجزری، اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ، ج2، ص706، جمعیۃ المعارف المصریہ، ط4، 1935، مصر۔

[2] النووی، ابوزکریا، محی الدین، یحیی بن شرف، تہذیب الاسماء واللغات، ج1، ص154، دار الکتب العلمیہ، بیروت، لبنان۔

[3] ابن الاثیر، عزالدین ابوالحسن علی بن محمد بن عبدالکریم الجزری، اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ، ج2، ص706، جمعیۃ المعارف المصریہ، ط4، 1935، مصر۔

[4] ایضاً

[5] الطبرانی، سلیمان بن احمد بن ایوب، المعجم الکبیر، باب حذیفہ بن الیمان، ج3، ص162، رقم الحدیث 3001، مکتبہ ابن تیمیہ، القاہرہ۔

### فتنوں کے بارے میں رائے

ایک شخص نے پوچھا: "سب سے سخت فتنہ کون سا ہے؟" آپ نے فرمایا: "جب تمہارے سامنے خیر اور شر دونوں پیش کیے جائیں، اور تم نہ جان سکو کہ کس کو اختیار کرو[1]۔"

### حدیثِ امانت

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہمیں رسول اللہ ﷺ نے دو باتیں سنائیں، جن میں سے ایک تو میں دیکھ چکا ہوں اور دوسری کا انتظار کر رہا ہوں۔ آپ ﷺ نے ہمیں بتایا کہ: "امانت (دیانت، دیانت داری، سچائی، اللہ کا خوف) لوگوں کے دلوں کی جڑوں میں نازل ہوئی۔ پھر قرآن نازل ہوا، تو لوگوں نے قرآن سے علم حاصل کیا، اور سنت سے بھی علم حاصل کیا۔ پھر آپ ﷺ نے ہمیں امانت کے اٹھائے جانے (یعنی دیانت وخوفِ خدا کے ختم ہونے) کے بارے میں بتایا: آپ ﷺ نے فرمایا: "ایک وقت ایسا آئے گا کہ انسان سوئے گا، اور امانت اس کے دل سے نکال لی جائے گی، اور اس کا ہلکا سا نشان باقی رہ جائے گا، جیسے کوئی داغ سا۔ پھر وہ دوبارہ سوئے گا، اور امانت مکمل ختم ہو جائے گی، اور اس کا اثر ایسے ہو گا جیسے: 'کوئی انگارہ تمہارے پاؤں پر رکھا جائے، تو وہ چھالے بنا دے، تم دیکھو کہ وہ پھولا ہوا ہے، لیکن اس میں کچھ بھی نہیں ہوتا۔' (یہ بات بیان کرتے ہوئے) حضرت حذیفہ نے ایک کنکر اٹھایا اور اپنے پاؤں پر گھمایا، کہ جیسے آگ کا انگارہ رکھا ہو۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا:

"لوگ صبح کے وقت اُٹھیں گے اور ایک دوسرے سے خرید وفروخت کریں گے، لیکن امانت داری تقریباً ختم ہو چکی ہو گی۔

حتیٰ کہ کہا جائے گا: 'فلاں قبیلے میں ایک شخص ہے جو بڑا امانت دار ہے۔' اور اس وقت یہ کہا جائے گا: 'یہ شخص کتنا بہادر ہے! کتنا خوش گفتار ہے! کتنا عقل مند ہے!' حالانکہ اس کے دل میں رائی کے دانے کے برابر بھی ایمان نہیں ہو گا۔" ایک وقت تھا کہ میں کسی سے خرید وفروخت کرتا، تو مجھے پرواہ نہ ہوتی کہ وہ مسلمان ہے یا یہودی یا نصرانی۔ اگر وہ مسلمان ہوتا تو اس کا دین اُسے امانت داری کی طرف لوٹاتا، اور اگر وہ یہودی یا نصرانی ہوتا تو اس کا افسر اس سے میرا حق دلوا دیتا۔ لیکن آج کی حالت یہ ہے کہ میں صرف فلاں اور فلاں (چند مخصوص افراد) کے سوا کسی سے لین دین نہیں کرتا[2]۔"

### حضرت عمر کا اعتماد

زید بن اسلم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک دن اپنے اصحاب سے فرمایا: "تمنا کرو۔" لوگوں نے کہا: "ہم تمنا کرتے ہیں کہ یہ گھر سونا چاندی سے بھر جائے تاکہ ہم اللہ کی راہ میں خرچ کریں۔" حضرت عمر نے فرمایا: "میں تمنا کرتا ہوں کہ میرے پاس ابو عبیدہ، معاذ بن جبل اور حذیفہ بن یمان جیسے لوگ ہوں جنہیں میں اللہ کی اطاعت میں لگا دوں۔" پھر انہوں نے ابو عبیدہ اور حذیفہ کو مال بھیجا تاکہ دیکھیں وہ کیا کرتے ہیں۔ دونوں نے مال بانٹ دیا۔ حضرت عمر نے کہا: "میں نے تو پہلے ہی تم سے کہا تھا[3]۔"

---

[1] أبو عمر يوسف بن عبد الله النمري المعروف بابن عبد البر، الاستيعاب فی معرفة الأصحاب، ج2، ص201، مرکز ہجر للبحوث۔

[2] القشیری، مسلم ابن الحجاج النیسابوری، صحیح مسلم، باب رفع الامانة والایمان، حدیث نمبر: ۱۴۳، ط سوم، مکتبہ البشریٰ، ۲۰۱۶۔

[3] النووی، ابو زکریا، محی الدین، یحیی بن شرف، تہذیب الاسماء واللغات، ج1، ص104، دار الکتب العلمیہ، بیروت، لبنان۔

## وفات کا وقت

لیث بن ابی سلیم کہتے ہیں: جب حذیفہ کی موت کا وقت آیا تو وہ سخت رنجیدہ اور زار و قطار رو رہے تھے۔ لوگوں نے پوچھا: "آپ کیوں روتے ہیں؟" کہا: "دنیا کے لیے نہیں روتا، بلکہ مجھے فکر ہے کہ میں کس حال میں اللہ کے حضور جا رہا ہوں، اس کی رضا پر یا ناراضی پر۔" ایک روایت میں آیا ہے کہ انہوں نے کہا: "یہ دنیا کی آخری گھڑی ہے، اے اللہ! تُو جانتا ہے کہ میں تجھ سے محبت کرتا ہوں، تو اپنے وصال میں میرے لیے برکت عطا فرما۔" پھر ان کا انتقال ہو گیا۔ آپ کی وفات حضرت عثمان کی شہادت کے چالیس دن بعد، 36 ہجری میں ہوئی[1]۔

## حضرت عمر کا حکم نامہ

محمد بن سیرین کہتے ہیں: حضرت عمر جب کسی کو حاکم بناتے، تو حکم نامہ لکھتے: "میں نے فلاں کو تم پر حاکم بنایا ہے، اسے یہ ذمہ داریاں دی ہیں..." جب انہوں نے حضرت حذیفہ کو مدائن کا عامل بنایا، تو حکم میں لکھا: "اس کی بات سننا، اس کی اطاعت کرنا، جو مانگے وہ دینا۔" جب حذیفہ مدائن پہنچے تو وہاں کے بڑے لوگ ان کے استقبال کو آئے۔ جب انہوں نے حکم نامہ پڑھا، تو ان لوگوں نے کہا: "جو مانگو گے، حاضر ہے۔" حذیفہ نے فرمایا: "مجھے صرف اتنا دو کہ کھانے کو ملتا رہے اور میرے گدھے کو چارہ ملتا رہے جب تک میں تمہارے درمیان ہوں۔" پھر حضرت عمر نے ان کو مدینہ بلایا۔ جب وہ آ رہے تھے، تو عمر ان کے راستے میں چھپ گئے۔ جب انہیں اسی حالت میں دیکھا جس حالت میں وہ پہلے تھے، تو ان سے لپٹ گئے اور کہا: "تو میرا بھائی ہے اور میں تیرا بھائی[2]۔"

[1] ابن الاثیر، عزالدین ابوالحسن علی بن محمد بن عبدالکریم الجزری، اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ، ج2، ص708، جمعیۃ المعارف المصریہ، ط4، 1935، مصر۔
[2] ایضاً

## فصل دوم: عہد فاروقی میں انتظامی اور رفاہی اداروں میں صحابہ کرام کی خدمات کے اثرات

حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کا دور خلافت اسلامی تاریخ کا ایک سنہری دور ہے، جو سن 13 ہجری تا 23 ہجری تک محیط رہا۔ آپ کا دور نہ صرف فتوحات کے اعتبار سے اہم ہے بلکہ رفاہی اور انتظامی اصلاحات کے حوالے سے بھی ایک مثالی نمونہ ہے۔ آپ کی خلافت میں اسلامی ریاست کو باقاعدہ ادارہ جاتی بنیادوں پر قائم کیا گیا، جن میں عدلیہ، بیت المال، پولیس، تعلیم، صحت، زرعی نظام، مواصلات اور دیگر شعبہ جات شامل ہیں۔ ان تمام اداروں کو مؤثر بنانے میں خلفاء راشدین، خاص طور پر حضرت عمر بن خطابؓ کے زیر قیادت صحابہ کرامؓ نے کلیدی کردار ادا کیا۔ یہ حضرات نبی کریم ﷺ کے تربیت یافتہ تھے اور ان کی عملی زندگی میں سیرتِ نبوی ﷺ کا عکس نمایاں تھا۔ انہی کے ذریعہ اسلامی ریاست ایک جدید فلاحی اور انصاف پر مبنی معاشرے کی شکل اختیار کر گئی۔ صحابہ کرامؓ کا کردار محض مشورے دینے تک محدود نہ تھا، بلکہ انہوں نے عملی میدان میں گورنری، قضاء، مالی نگرانی، تعلیم و تربیت، صحت عامہ، عسکری خدمات اور زرعی انتظامات جیسے میدانوں میں خود کو پیش کیا۔ حضرت عثمانؓ، حضرت علیؓ، حضرت امیر معاویہؓ، حضرت معاذ بن جبلؓ، حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ، حضرت حذیفہ بن یمانؓ، حضرت عمرو بن العاصؓ، حضرت انس بن مالکؓ، اور حضرت شرحبیل ابن حسنہ جیسے جلیل القدر صحابہ مختلف ریاستی اداروں میں شامل ہوئے۔

اسلامی ریاست کی وسعت کے ساتھ انتظامی چیلنجز میں اضافہ ہو رہا تھا۔ ایک طرف عراق، شام، مصر اور ایران کے علاقے فتح ہو رہے تھے، تو دوسری طرف نئے مسلم علاقوں میں عدل، مالی نظم، تعلیم، مذہبی تربیت اور عوامی بہبود کی ضرورت بڑھ رہی تھی۔ حضرت عمرؓ نے صحابہ کرام کی خدمات کو منظم انداز میں اداروں میں استعمال کیا۔ حضرت عمر کے عہد میں ریاست کا ہر شعبہ اسلامی اصولوں کے تحت چلایا جا رہا تھا، اور اس نظام کی بنیاد خود تربیت یافتہ صحابہ کی قربانی، دیانت اور علم پر تھی[1]۔ حضرت عمرؓ کے دور میں ریاست مدینہ ایک آئینی، فلاحی اور ادارہ جاتی ریاست بن چکی تھی، جس کی مثال قرونِ وسطیٰ کی کسی حکومت میں نہیں ملتی۔

### عدل وانصاف کا قیام

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں عدل وانصاف کی بالادستی کو اولین ترجیح حاصل رہی۔ آپ نے عدلیہ کو ایک آزاد، شفاف اور منظم ادارے کی شکل دی، جس کے تحت فیصلے صرف قرآن و سنت کی روشنی میں کیے جاتے تھے، اور اس نظام کے نفاذ میں صحابہ کرام نے کلیدی کردار ادا کیا۔ اس مقصد کے لئے مندرجہ ذیل اقدامات اٹھائے گئے:

### قاضیوں کی تقرری اور تربیت

حضرت عمرؓ نے اسلامی ریاست میں قاضیوں کی تقرری ایک مستقل ادارے کے طور پر کی۔ مشہور صحابہ جیسے حضرت شریح قاضیؒ کو کوفہ میں، حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ کو بصرہ میں، حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کو قضاء کے ساتھ مالی امور کا نگران مقرر کیا گیا۔ حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ کو لکھا گیا عمر بن خطابؓ کا مشہور فرمان، جسے "عہدِ قضاء" کہا جاتا ہے، عدالتی اصولوں کی بنیاد ہے۔ آپ لکھتے ہیں: فیصلہ کرو تو برابر کرو، دونوں فریق کو سنو، دلیل پر فیصلہ کرو، شک و شبہ کی صورت میں تحقیق کرو[2]۔

---

[1] شبلی، نعمانی، الفاروق، جلد 1، ص 212، مطبوعہ ندوۃ المصنفین، دہلی۔

[2] الماوردی، الأحکام السلطانیۃ، ص 112، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ، بیروت، 2000۔

## عدالتی نظام میں صحابہ کا کردار

حضرت علی کرم اللہ وجہہ ایک مشہور قضائی شخصیت تھے۔ایک مرتبہ حضرت عمرؓ کے ساتھ ایک مقدمہ درپیش آیا تو قاضی شریح نے حضرت علیؓ کے حق میں فیصلہ دیا، حالانکہ مدعاعلیہ یہودی تھا۔ حضرت عمرؓ نے فیصلے کے بعد قاضی کی تعریف کی۔اسی طرح حضرت زید بن ثابتؓ کو مدینہ کا قاضی مقرر کیا گیا۔آپ نہ صرف قرآنی عالم تھے بلکہ وراثتی قوانین کے ماہر بھی تھے۔

## عدلیہ کی خودمختاری

حضرت عمرؓ نے قاضی کو گورنر کے ماتحت نہیں رکھا بلکہ براہ راست خلیفہ کے تحت رکھا۔ قاضیوں کو تنخواہیں دی گئیں تاکہ وہ رشوت یا دباؤ سے آزاد ہوں۔ قاضی شریح کو ماہانہ 500 درہم تنخواہ دی گئی، جو اس وقت ایک بڑی رقم سمجھی جاتی تھی[1]۔

## معاشرتی عدل

حضرت عمرؓ کا عدل صرف عدالت تک محدود نہ تھا، بلکہ آپ نے معاشرتی انصاف کے لیے بھی مثالی اقدامات کیے۔ مثال کے طور پر قحط کے دوران بیت المال سے روزانہ راشن تقسیم کیا جاتا، حتیٰ کہ جانوروں کی فلاح کا خیال رکھا جاتا۔ایک شخص حضرت عمرؓ کے پاس آیا اور قحط کی حالت میں چوری کا اعتراف کیا۔ حضرت عمرؓ نے حد جاری کرنے کی بجائے فرمایا: قحط میں چوری حد کے دائرے میں نہیں آتی، ریاست کی کوتاہی ہے[2]۔اس سے معاشرے میں اعتماد کی فضا پیدا ہوئی، اسلامی ریاست کا وقار بلند ہوا، اقلیتوں کو بھی انصاف میسر آیا، عدالتی اصول آئندہ اسلامی ریاستوں کے لیے نمونہ بنے۔

## تعلیم و تربیت کی ترویج

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں تعلیم و تربیت کو مرکزی حیثیت حاصل رہی۔ صحابہ کرامؓ کی جماعت نے نہ صرف قرآن و حدیث کی تعلیم کو فروغ دیا بلکہ نئے مسلم علاقوں میں باقاعدہ تعلیمی نظام کی بنیاد رکھی۔ آپؓ نے علمی مراکز، قاریوں، معلمین، اور مدارس کا ایک مربوط نیٹ ورک قائم کیا جو اسلامی تہذیب کی بنیاد بن گیا۔ جس کی تفصیل حسب ذیل ہے:

## قاریوں اور معلمین کی تقرری

حضرت عمرؓ نے فتح شدہ علاقوں میں صحابہ کرامؓ کو قرآن کی تعلیم کے لیے بھیجا۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کو کوفہ، حضرت معاذ بن جبلؓ کو یمن، حضرت ابی بن کعبؓ کو مدینہ میں تعلیم کا نگراں مقرر کیا گیا۔ حضرت عمرؓ ہر شہر میں ایک قاری اور ایک فقیہ مقرر کرتے تاکہ تعلیم قرآن عام ہو جائے[3]۔

---

[1] الزہری، محمد بن سعد بن منیع، کتاب الطبقات الکبیر ((طبقات کبری، ط الخانجی))، ج 6، ص 85، ط ثالث، مکتبہ الخانجی، قاہرہ، 2001۔

[2] ابن قیم، الطرق الحکمیۃ، ص 45، دار ابن الجوزی، ریاض

[3] الزہری، محمد بن سعد بن منیع، کتاب الطبقات الکبیر ((طبقات کبری، ط الخانجی))، ج 3، ص 271، ط ثالث، مکتبہ الخانجی، قاہرہ، 2001۔

## حلقاتِ تعلیم و مساجد

مساجد کو صرف عبادت گاہ نہیں بلکہ تعلیمی اداروں کا مرکز بنایا گیا۔ مدینہ کی مسجد نبوی میں روزانہ تفسیر، حدیث، فقہ اور لغت کے حلقے ہوتے، جن میں صحابہ کرامؓ تدریس کرتے۔ حضرت زید بن ثابتؓ نے وراثت، قضاء اور لغت پر حلقے قائم کیے۔ دور فاروقی میں تعلیم ایک عوامی ذمہ داری بن چکی تھی، اور ہر بڑے شہر میں مسجد تعلیمی مرکز ہوتی تھی[1]۔

## بچوں کی تعلیم

حضرت عمرؓ نے بچوں کے لیے قاری مقرر کیے اور ان کے وظائف مقرر کیے۔ تعلیم کو لازمی قرار دینے کے لیے معاشرتی دباؤ بھی استعمال کیا جاتا۔ آپؓ فرماتے: جو والدین اپنے بچوں کو قرآن نہیں سکھاتے، وہ امت کے مجرم ہیں[2]۔

## تحریر و کتابت کا فروغ

حضرت عمرؓ نے کتابت کو باقاعدہ سرکاری حیثیت دی۔ دیوان کا قیام (21 ہجری) اس کا پہلا ادارہ تھا جہاں ریکارڈز محفوظ کیے جاتے۔ صحابہ جیسے حضرت زید بن ثابتؓ، جو کاتب وحی تھے، کو اس ادارے میں مرکزی کردار دیا گیا[3]۔

## علمی اثرات

- نئی نسل میں قرآن و سنت کی تعلیم عام ہوئی
- فتنے اور بدعات سے تحفظ ہوا
- دیگر اقوام تعلیم سے متاثر ہوئیں
- فقہ، حدیث اور تفسیر کی بنیادیں مضبوط ہوئیں

## فلاحی ریاست کا قیام

عہد فاروقی میں فلاحی ریاست کا قیام مندرجہ ذیل شکل میں وجود میں آیا:

## بیت المال کا قیام

سن 15 ہجری میں حضرت عمرؓ نے باقاعدہ بیت المال قائم کیا۔ اس سے قبل فتوحات سے حاصل شدہ مال مجاہدین میں فوراً تقسیم کر دیا جاتا تھا، مگر وسعت سلطنت اور انتظامی ضروریات کے تحت مالی ریکارڈ کی ضرورت محسوس ہوئی۔ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کے دور میں بیت المال (State Treasury) کو ایک باقاعدہ ادارے کی شکل دی گئی۔ یہ صرف مالیات کا ذخیرہ نہ رہا بلکہ اس کے ذریعے عوامی بہبود، معذوروں کی مدد، اہل علم کی سرپرستی، اور اجتماعی فلاح کے کئی منصوبے انجام دیے گئے۔ ان تمام مالی معاملات میں

[1] ابوزید عبدالرحمن بن محمد بن محمد بن خلدون ولی الدین التونسی الحضرمی الاشبیلی المالکی، مقدمۃ ابن خلدون، ص 365، مکتبہ حمیدیہ، لاہور۔

2 ایضاً

[3] ابن الاثیر، عزالدین ابوالحسن علی بن محمد بن عبدالکریم الجزری، اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ، ج 5، ص 50، جمعیۃ المعارف المصریہ، ط 4، 1935، مصر۔

صحابہ کرامؓ نے نہایت اعلیٰ درجے کی دیانت، تنظیم، اور شفافیت کے ساتھ کردار ادا کیا۔ عمرؓ نے فرمایا: اگر میں زندہ رہا تو ہر دیہات میں ایک بیت المال قائم کروں گا تاکہ ہر محتاج کو اس کا حق ملے [1]۔

## دیوان کی تشکیل

سن 20 ہجری میں حضرت عمرؓ نے دیوان (محکمہ حسابات) قائم کیا۔ حضرت عبداللہ بن ارقمؓ، جو کاتب وحی اور مالیات کے ماہر تھے، کو اس دیوان کا سربراہ مقرر کیا گیا۔ ان کے ساتھ حضرت زید بن ثابتؓ اور حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ بھی شامل تھے۔ یہی دیوان ہر قبیلے کے افراد کی رجسٹری رکھتا، وظائف، عطیات اور تنخواہوں کا حساب کرتا، فوج کے اخراجات کو کنٹرول کرتا۔ یہ اسلامی دنیا کا پہلا باضابطہ مالیاتی ریکارڈ تھا، جو رومیوں کے دیوانی نظام سے بہتر تھا[2]۔

## وظائف اور تنخواہوں کی تقسیم

حضرت عمرؓ نے اصول مقرر کیے:

- مہاجرین و انصار کو ان کی قربانی کے مطابق وظیفہ
- نو مسلم قبائل کو بھی حصہ
- معذور، بیوہ، یتیم، اور غریبوں کو ماہانہ مدد
- اہل علم کو وظائف

حضرت حسن بصریؒ فرماتے ہیں: عمر بن الخطابؓ نے ہر نابینا اور معذور کو بیت المال سے مدد دلوانے کا قانون جاری کیا[3]۔

## مالی شفافیت

ہر شہر کے بیت المال کا آڈٹ کیا جاتا۔ حضرت عمرؓ نے خود گورنروں کا مالی محاسبہ کیا۔ حضرت سعد بن ابی وقاصؓ اور حضرت عمرو بن العاصؓ جیسے عظیم صحابہ کو بھی جوابدہ بنایا گیا۔ اس سے معاشرے پر مندرجہ ذیل اثرات مرتب ہوئے:

- فلاحی ریاست کی بنیاد رکھی گئی
- بیت المال میں امانتداری کا عملی مظاہرہ ہوا
- معاشرتی عدل اور مساوات قائم ہوئی
- مالی اداروں کا مستقل نظام بعد کی خلافتوں کے لیے نمونہ بنا

## میڈیکل کی سہولیات

حضرت عمرؓ نے ہر بڑے شہر میں طبّی خدمات کا آغاز کیا۔ مریضوں کے لیے معالج، ادویات، اور قیام و طعام کا بندوبست بیت المال سے کیا جاتا۔ صحابہ جیسے حضرت حذیفہؓ اور حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ کو ان طبّی مراکز کی نگرانی دی گئی۔ 17 ہجری میں شام میں طاعون عمواس پھیلا۔ حضرت عمرؓ

---

1 الزہری، محمد بن سعد بن منیع، کتاب الطبقات الکبیر ((طبقات کبری، ط الخانجی))، ج 3، ص 273، ط ثالث، مکتبہ الخانجی، قاہرہ، 2001۔

2 طبری، محمد بن جریر، تاریخ الطبری تاریخ الرسل والملوک، ج 3، ص 382، ط دوم، 1998، عباس احمد الباز، ایران۔

3 الزہری، محمد بن سعد بن منیع، کتاب الطبقات الکبیر ((طبقات کبری، ط الخانجی))، ج 7، ص 151، ط ثالث، مکتبہ الخانجی، قاہرہ، 2001۔

نے صحابہ کے مشورے سے اس وبا کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے لاک ڈاؤن کی طرز پر علاقوں کو بند کیا۔ حضرت ابوعبیدہ بن الجراحؓ، جو شام کے گورنر تھے، طاعون میں شہید ہو گئے [1]۔ حضرت عمرؓ نے ہسپتال نما "دارالضیافہ" تعمیر کرائے۔ حضرت زید بن ثابتؓ کو ان دارالضیافہ کی مالی نگرانی دی گئی۔ وہاں مسافروں، بیماروں، اور ناداروں کو مفت خوراک و علاج ملتا۔ اس کے مندرجہ ذیل اثرات مرتب ہوئے معاشرے پر:

- صحت کے شعبے میں ریاستی سرپرستی کی بنیاد پڑی
- طاعون جیسے مہلک امراض کے لیے حفاظتی تدابیر اپنائی گئیں
- طبّی خدمات کا دائرہ غیر مسلموں تک پھیلایا گیا
- بعد کی اسلامی سلطنتوں کے ہسپتال انہی بنیادوں پر قائم ہوئے

## اقلیتوں کے حقوق

حضرت عمرؓ کے دور خلافت میں غیر مسلموں کے حقوق کی حفاظت اسلامی قانون کا بنیادی اصول تھا۔ صحابہ کرامؓ نے ان اصولوں پر عملدرآمد کرتے ہوئے مذہبی ہم آہنگی کی عملی مثال قائم کی۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا: میں ان اہلِ ذمہ کے معاملے میں اللہ سے ڈرتا ہوں، جنہوں نے ہماری پناہ میں آکر جزیہ قبول کیا ہے [2]۔ فتح بیت المقدس (15 ہجری) کے وقت حضرت عمرؓ نے عیسائیوں کے گرجاگھروں کو تحفظ دیا۔ صحابہ نے مقامی راہبوں کے ساتھ معاہدے کیے۔ عمر بن خطابؓ نے قیصر کی چرچ میں نماز نہ پڑھی تاکہ لوگ کہیں یہاں مسجد نہ بنا دی جائے [3]۔ یہودیوں کو دوبارہ یروشلم میں آباد ہونے کی اجازت دی گئی جو کئی صدیوں سے وہاں داخل نہیں ہو سکتے تھے۔ حضرت علیؓ، حضرت عثمانؓ اور دیگر صحابہ نے اس پالیسی کی توثیق کی۔

## زراعت، آبی نظام، اور ماحولیاتی اصلاحات

حضرت عمرؓ نے عراق و شام میں مفتوح زمینوں کو قومی ملکیت قرار دیا اور انہیں آباد کرنے کے لیے قبائل کو ٹھہرایا۔ حضرت سلمان فارسیؓ اور حضرت حذیفہؓ جیسے صحابہ کو ان زمینوں کی نگرانی سونپی گئی۔ دریائے نیل سے بحر احمر تک نہر کھدوائی۔ حضرت عمرو بن العاصؓ کی نگرانی میں "نہر امیر المؤمنین" بنی [4]۔ درخت کاٹنے سے منع کیا گیا، اور چراگاہیں محفوظ کی گئیں۔ حضرت عمرؓ کے قول کے مطابق اگر فرات کے کنارے ایک کتا بھی بھوکا مرے تو عمر اس کا جواب دہ ہے [5]۔

## امنِ عامہ

دیوان الجیش کے تحت صحابہؓ کی قیادت میں باقاعدہ عسکری ریکارڈ رکھا گیا۔ حضرت خالد بن ولیدؓ، حضرت سعد بن ابی وقاصؓ، حضرت عمرو بن العاصؓ جیسے سالار مقرر کیے گئے۔ قنسرین، جزیرہ، اور کرک جیسے علاقوں میں فوجی چھاؤنیاں بنائی گئیں۔ حضرت عبیدہ بن الجراحؓ کو شمالی سرحدوں کا نگران

---

[1] بخاری، 5739

[2] ((ابن عساکر، تاریخ دمشق، جلد 44، ص 50، دار الفکر))

[3] طبری، محمد بن جریر، تاریخ الطبری تاریخ الرسل والملوک، ج 3، ص 609، ط دوم، 1998، عباس احمد الباز، ایران۔

[4] البلاذری، احمد بن یحیی بن جابر، فتوح البلدان از بلاذری، ص 255، موسستہ المعارف، دمشق۔

[5] ایضاً

بنایا گیا۔ ہر غریب، مسکین، یتیم، بیوہ کو بیت المال سے وظیفہ دیا گیا۔ حضرت عمرؓ خود راتوں کو گشت کرتے اور محتاجوں کو تلاش کرتے۔ قحط کے دنوں میں حضرت علیؓ اور حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ نے عوامی "دیگیں" بنوائیں جہاں ہزاروں افراد کو کھانا دیا جاتا[1]۔

[1] طبری، محمد بن جریر، تاریخ الطبری تاریخ الرسل والملوک، ج7، ص78-88، ط دوم، 1998، عباس احمد الباز، ایران۔

ا

# باب سوم: پاکستانی ریاستی اداروں میں سرکاری مناصب پہ فائز افراد کے لیے لائحہ عمل

فصل اول: خلافتِ فاروقی کے بنیادی اصول—ایک نظریاتی ریاست کا عملی خاکہ

فصل دوم: خلافتِ فاروقی کے اصول اور پاکستان—ایک نظریاتی ریاست کے لیے رہنما ماڈل

# باب سوم: پاکستانی ریاستی اداروں میں سرکاری مناصب پر فائز افراد کے لیے لائحہ عمل

## تمہید

اسلامی ریاست کا قیام محض سیاسی اقتدار یا جغرافیائی حدود کے انتظام کا نام نہیں، بلکہ یہ ایک ایسی اخلاقی و سماجی ذمہ داری ہے جو دینِ اسلام کی روح کے مطابق عدل، شفافیت، دیانت داری، خدمتِ خلق، اور عوامی فلاح پر مبنی ہو۔ خلافتِ راشدہ، بالخصوص **دورِ فاروقی**، اسلامی نظمِ حکومت کا وہ نمونہ ہے جس نے حکمرانی کے ہر پہلو میں اعلیٰ ترین اخلاقی و عملی معیارات قائم کیے۔ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے حکمران و منتظم کی حیثیت سے نہ صرف عدل و انصاف کی بنیادوں پر ایک مثالی ریاست کی تشکیل کی، بلکہ سرکاری مناصب پر فائز افراد کے لیے ایسی راہنما اقدار اور عملی ضوابط مرتب کیے جو آج بھی رہنمائی کا کامل سرچشمہ ہیں۔

پاکستان ایک نظریاتی ریاست ہونے کے ناطے اسلامی اصولوں کی روشنی میں اپنا ریاستی و انتظامی ڈھانچہ ترتیب دینے کا دعویدار ہے۔ تاہم، ریاستی اداروں میں عدم شفافیت، اقربا پروری، بدعنوانی، اور فرائض سے غفلت جیسے مسائل اس بات کے متقاضی ہیں کہ ان اداروں میں خدمات انجام دینے والوں کے لیے ایسا **اسلامی لائحہ عمل** مرتب کیا جائے جو عملی، موثر اور دینی اقدار سے ہم آہنگ ہو۔

یہ باب دو فصول پر مشتمل ہے، جن میں درج ذیل امور زیر بحث آئیں گے:

فصل اول: عہدِ فاروقی کی طرز پر پاکستانی اداروں میں خدمات کی اہمیت و ضرورت

اس فصل میں اس امر کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں عوامی خدمت اور ریاستی ذمہ داری کو کس انداز سے نبھایا گیا۔ اس میں درج ذیل نکات شامل ہوں گے:

- خلافتِ فاروقی کا ریاستی و ادارہ جاتی نظم
- عمر بن الخطابؓ کی شخصیت اور نظم و نسق کا اسلوب
- ریاستی مناصب پر فائز افراد کی اہلیت، احتساب، شفافیت، اور فلاحِ عامہ کے اصول
- پاکستانی اداروں میں ان اصولوں کے فقدان کے اثرات
- عصرِ حاضر میں ان اصولوں کی ضرورت و افادیت

فصل دوم: پاکستانی ریاستی اداروں میں خدمات کے لیے لائحہ عمل، عہدِ فاروقی کی روشنی میں

یہ فصل ایک عملی رہنما دستاویز کی حیثیت رکھتی ہے جس میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی حکمرانی سے اخذ کردہ اصولوں کی روشنی میں پاکستانی اداروں کے لیے ایک جامع لائحہ عمل پیش کیا گیا ہے۔ اس فصل میں درج ذیل امور کا احاطہ کیا جائے گا:

- سرکاری مناصب پر تقرری کے اصول (میرٹ، اہلیت، دیانت)
- منصب دار کے احتساب کا عملی طریقہ
- خدمتِ خلق کی بنیاد پر کارکردگی کا جائزہ
- حکمرانی میں مشاورت، عدل اور شفافیت
- عملی سفارشات: تربیت، نگرانی، اور اصلاحی اقدامات

تمہیدی طور پر یہ باب قاری کو یہ باور کرواتا ہے کہ اسلامی اصولوں کی روشنی میں ریاستی اداروں کا نظم و نسق نہ صرف ممکن ہے بلکہ موجودہ مسائل کا دیرپا حل بھی پیش کرتا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا طرزِ حکمرانی اس حوالے سے ایک روشن مثال ہے، جسے جدید ریاستی ڈھانچے میں قابلِ عمل انداز میں نافذ کیا جاسکتا ہے۔

# فصل اول: خلافتِ فاروقی کے بنیادی اصول—ایک نظریاتی ریاست کا عملی خاکہ

## تمہید

تاریخِ اسلام میں خلافتِ راشدہ کا دور وہ سنہرا زمانہ ہے جس میں اسلامی تعلیمات کو ریاستی سطح پر مکمل شعور، دیانت اور حکمت کے ساتھ نافذ کیا گیا۔ ان خلفائے راشدین میں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کا دورِ خلافت ایک ایسا ماڈل ہے جو ریاستی نظم و نسق، قانون سازی، عدل و انصاف، انسانی حقوق اور بین الاقوامی تعلقات کے باب میں ہمہ گیر رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ ان کی حکمرانی محض طاقت یا فتوحات کی بنیاد پر نہیں بلکہ اصولی قیادت اور فکری پختگی کی بنیاد پر قائم تھی۔

حضرت عمرؓ نے اپنی ریاست کی بنیاد جن اصولوں پر استوار کی، وہ نہ صرف اسلامی تعلیمات کی روح کے عین مطابق تھے بلکہ انسانی فطرت، معاشرتی فلاح اور عالمی عدل کے تقاضوں سے بھی ہم آہنگ تھے۔ ان اصولوں کی ہمہ گیری کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ وہ صرف مسلمانوں کے لیے نہیں، بلکہ تمام انسانیت کے لیے خیر و عدل کا پیغام رکھتے تھے۔

یہ سات اصول درج ذیل ہیں:

- شوریٰ—قیادت کا فیصلہ باہمی مشورے، عقل و بصیرت اور اجتماعی شعور کی روشنی میں۔
- عدل و انصاف—ہر فرد کو اس کا حق، بغیر لحاظِ مذہب، نسل یا حیثیت، پوری دیانت سے دینا۔
- مساوات—حاکم و محکوم، عرب و عجم، غلام و آقا، سب برابر؛ صرف تقویٰ اور عدل معیار۔
- ربانیت—ریاست کا جڑاؤ وحی اور دین سے ہو، جہاں قانون سازی کا سرچشمہ خدا کا کلام ہو۔
- آزادی—جان، دین، رائے، عزت اور ملکیت کی ایسی آزادی جو فطرتِ انسانی کو بحال رکھے۔
- جہاد—ظلم، استبداد اور فساد کے خلاف مسلسل جدوجہد، صرف ہتھیار سے نہیں بلکہ فکر، تعلیم اور اصلاح سے۔
- امانت—اقتدار، مال، علم، عدلیہ، اور عوامی ذمہ داریاں سب اللہ کی امانت؛ جن کا حساب لازم ہے۔

یہ اصول حضرت عمرؓ کی شخصیت سے پھوٹنے والی اس دینی، اخلاقی اور سیاسی شعور کی علامت تھے جس نے ان کی ریاست کو محض ایک جغرافیائی وجود نہیں، بلکہ ایک نظریاتی و روحانی تحریک میں ڈھال دیا۔ اس فصل میں ہم ان اصولوں کا تفصیلی جائزہ لیں گے، ان کی قرآنی بنیادوں، عملی مظاہر، اور ریاستِ مدینہ کے بعد خلافتِ راشدہ کے دوسرے دور میں ان کے نفاذ کی صورتوں کو واضح کریں گے۔ ساتھ ہی ہم یہ بھی دیکھیں گے کہ آج کے پاکستان جیسے اسلامی ریاستی تصور کے حامل ملک میں ان اصولوں کی معنویت، افادیت اور اطلاق کی صورتیں کیا ہو سکتی ہیں۔

## عہدِ فاروقی میں ریاست کے بنیادی اصول

رسول اللہ ﷺ نے حضرت عمرؓ کی شخصیت، ان کی حکومت اور ان کے کارناموں کو غیر معمولی ذہانت و حکمت کا مظہر قرار دیا، اور فرمایا:

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"میں ایک کنویں سے پانی نکال رہا تھا، اتنے میں ابو بکر اور عمر میرے پاس آئے۔ ابو بکرؓ نے ڈول تھاما اور ایک یا دو ڈول نکالے، مگر ان کے نکالنے میں کچھ کمزوری تھی، اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے۔ پھر عمرؓ نے ابو بکرؓ سے ڈول لے لیا، تو وہ اس کے ذریعے طاقتور بن گئے (یعنی بڑی مہارت اور قوت

سے کام کرنے لگے)، میں نے ان جیسا عبقری (غیر معمولی لیاقت والا) انسان کسی کو نہ دیکھا جو اس جیسا کارنامہ انجام دے۔ پھر عمرؓ پانی نکالتے رہے یہاں تک کہ لوگوں کے لیے خوب سیر ابی ہو گئی (اور سب کو پانی مل گیا)۔"[1]

"میں نے ان جیسا عبقری (غیر معمولی لیاقت والا) انسان کسی کو نہ دیکھا جو اس جیسا کارنامہ انجام دے۔ پھر عمرؓ پانی نکالتے رہے یہاں تک کہ لوگوں کے لیے خوب سیر ابی ہو گئی (اور سب کو پانی مل گیا)"۔ یہ مختصر مگر جامع جملہ حضرت عمرؓ کی خلافت کے دور میں اسلامی ریاست کی عظمت، جلال اور نظام کے استحکام کا بھرپور خلاصہ پیش کرتا ہے۔ یہ خلافت ایسا نمونہ بن گئی جو نہ صرف اپنے زمانے میں مثالی تھی، بلکہ اپنی بنیادوں، اصولوں اور طرزِ حکمرانی میں آج کی جدید ریاستوں کے لیے بھی ایک سبق آموز ماڈل بن گئی۔ یہ ریاست اپنی نوعیت میں منفرد تھی، کیونکہ: اس کی بنیاد اسلامی تعلیمات پر رکھی گئی تھی، اس کے مقاصد، ذرائع، اصول اور عملی اقدامات سب الہامی ہدایت کے تابع تھے۔

حضرت عمرؓ کی شخصیت، ان کی قائدانہ صلاحیتیں، فطری فہم و فراست، اور اصولوں سے وابستگی ریاست کی تشکیل میں نمایاں طور پر جھلکتی ہے۔ وہ واقعی وہ خلیفہ تھے جنہوں نے: اسلامی ریاست کی بنیادیں مضبوط کیں، اس کی سرحدیں وسیع کیں، ادارے قائم کیے اور نظمِ حکومت کے واضح اصول وضع کیے۔ حضرت عمرؓ کو بجا طور پر اسلامی ریاست کا حقیقی معمار کہا جا سکتا ہے، جنہوں نے ایک ہمہ جہت، فعال، منصف اور مثالی ریاست قائم کی جو آنے والی نسلوں کے لیے نمونہ بن گئی۔

حضرت عمرؓ اسلامی ریاست کی تعمیر میں ایسے ماہر منتظم تھے جیسے کوئی ریاضی دان ہو جو صرف اعداد و شمار کی زبان سمجھتا ہو۔ ان کے ہاں نہ کسی دھوکہ دہی کی گنجائش تھی، نہ کوتاہی، نرمی، تاخیر، مصلحت اندیشی یا اندھا دھند اقدام کی۔

ان کی عقل، بصیرت، استقامت اور اعلیٰ اوصاف کی بدولت خلافت کے دوران وہ لوگوں کو اسی راہ پر قائم رکھنے میں کامیاب ہوئے جو راہ دورِ نبوت اور خلافتِ صدیقی میں طے کی گئی تھی۔ وہ وقت کے نشیب و فراز، حالات کی تبدیلیوں اور آزمائشوں کے باوجود ایک مضبوط چٹان کی مانند ڈٹے رہے۔[2]

### خلافتِ فاروقی کے سات بنیادی ستون

حضرت عمرؓ کی ریاست جن بنیادوں پر قائم تھی، انہیں ہم سات بڑے اور کلیدی ستونوں میں خلاصہ کر سکتے ہیں، جن میں سب سے پہلا اور اہم ترین اصول "شوریٰ" تھا۔

### ۱. شوریٰ:

اسلامی ریاست کا ایک اساسی اصول شوریٰ ہے، جس کی جڑیں قرآن میں ہیں اور جس پر نبی کریم ﷺ نے اپنی زندگی میں عمل فرمایا۔ حضرت ابو بکرؓ نے اسے اپنایا اور حضرت عمرؓ نے اس کو مزید مضبوط کیا۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: { وَشَاوِرْهُمْ فِي ٱلْأَمْرِ }[3] [سورۃ آل عمران: ۱۵۹]. "...اور اُن سے معاملات میں مشورہ لیا کرو"

---

[1] بخاری، محمد بن اسماعیل، الجامع الصحیح، حدیث نمبر 3676

[2] عبد الکریم الخطیب، عمر بن الخطاب، ص ۲۹۳

[3] آلِ عمران: 159

{ وَأَمْرُهُمْ شُورَىٰ بَيْنَهُمْ } [سورۃالشوری:۳۸]. "...ان کے تمام معاملات باہمی مشورے سے طے پاتے ہیں"[1]

حضرت عمرؓ کے دور میں شوریٰ کوئی نمائشی ادارہ نہ تھا، نہ ہی وقتی طور پر بنائی گئی کوئی کمیٹی، بلکہ یہ ایک مستقل اور مؤثر ادارہ تھا جس میں قوم کے قابل ترین افراد شامل تھے۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں:

"حضرت عمرؓ کی مجلسِ شوریٰ میں قرآن و سنت کے جاننے والے، عبادت گزار، علم و حکمت رکھنے والے لوگ شامل ہوتے، خواہ وہ بوڑھے ہوں یا نوجوان۔" یہ افراد "قراء" کہلاتے تھے، یعنی وہ جو دین کا گہرا علم رکھتے اور تقویٰ میں ممتاز تھے۔[2]

حضرت عمرؓ صرف تجربہ کار اور بزرگ افراد سے مشورہ نہیں لیتے تھے بلکہ تیز فہم اور سرگرم نوجوانوں سے بھی رائے طلب کرتے، تاکہ تازہ سوچ اور جرأت آمیز خیالات کو بھی شامل رکھا جا سکے۔[3] حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں: "حضرت عمرؓ جب مہاجر صحابہ کے بزرگوں کو بلاتے تو مجھے بھی ان کے ساتھ مجلس میں شریک کرتے۔ اگر کوئی پیچیدہ مسئلہ درپیش ہوتا، تو کہتے: 'ڈوب کر غور کرو!'" حضرت سعد بن ابی وقاصؓ نے فرمایا: "میں نے دیکھا حضرت عمرؓ ابن عباسؓ کو مشکل مسائل کے وقت بلاتے اور فرماتے: 'لو! ایک گتھی تمہارے سامنے ہے، اسے سلجھاؤ۔'"[4] حضرت محمد بن سیرینؒ فرماتے ہیں: "حضرت عمرؓ بعض اوقات عورتوں سے بھی مشورہ کرتے، اور جب ان کی بات میں کوئی بھلا پہلو دیکھتے تو فوراً قبول فرما لیتے۔"[5]

### ۲۔ عدل وانصاف

قرآن کریم اور سنت رسول ﷺ میں عدل کو اسلامی حکومت کا بنیادی اصول قرار دیا گیا ہے، اور یہ کسی بادشاہ یا حاکم کی مرضی یا ذاتی رجحان پر نہیں چھوڑا گیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی شخصیت عدل کی علامت بن چکی تھی۔ عدل کا تصور جہاں بھی آتا ہے، وہاں عمر رضی اللہ عنہ کا نام ضرور یاد آتا ہے۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرمایا کرتے تھے:

"عمر کا ذکر زیادہ کیا کرو، کیونکہ جب تم عمر کو یاد کرو گے تو عدل یاد آئے گا، اور جب عدل یاد آئے گا تو اللہ یاد آئے گا۔"[6]

امام ابو عثمان نہدی فرماتے ہیں: "اگر عمر ایک ترازو ہوتے تو ان میں بال برابر بھی فرق نہ ہوتا۔"[7]

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا عدل ان کی زندگی کا ایسا جزو بن گیا تھا گویا وہ زندہ ہی عدل کے لیے تھے، ان کا سونا، جاگنا، کھانا پینا، سانس لینا، سب عدل کے قیام کے لیے تھا۔

---

[1] الشوری: 38

[2] بخاری، محمد بن اسماعیل، الجامع الصحیح، حدیث نمبر 4642

[3] عبقریۃ عمر، ص ۱۰۲

[4] المعرفۃ والتاریخ: ۱/۵۱۹؛ طبقات ابن سعد: ۲/۳۶۵، ۳۶۹؛ حیاۃ الصحابۃ: ۲/۴۸۔

[5] السنن الکبری، للبیھقي: ۱۰/۱۱۳؛ عصر الخلافۃ الراشدۃ، ص ۱۰۱.

[6] أسد الغابۃ: ٤/٦٥؛ مختصر ابن عساکر: ۱۹/۲۲

[7] ابن سعد، طبقات، ج۳ ص ۲۹۳

حضرت عمر کے عدل کی بنیاد تین چیزیں تھیں: شجاعت، بلند اخلاقی مرتبہ، اقتدار کا صحیح استعمال، وہ فرمایا کرتے تھے:

"زمین کے قاضیوں پر آسمان کا دیان (اللہ) قیامت کے دن سخت بازپرس کرے گا، سوائے اس کے جو عدل کے ساتھ فیصلہ کرے، حق کے ساتھ حکم دے، ذاتی خواہشات، رشتہ داری یا خوف سے متاثر نہ ہو، اور اللہ کی کتاب کو اپنی آنکھوں کے سامنے رکھے۔"[1]

## ا. حضرت عمر کا اپنے آپ پر عدل

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا جلال، رعب، سختی اور قوت کے باوجود رعایا ان سے نہیں ڈرتی تھی، کیونکہ ان کا عدل، تقویٰ اور اللہ کے احکامات پر سختی سے کاربند رہنا انہیں قابلِ اعتماد بناتا تھا۔ حبیب بن صہبان بیان کرتے ہیں: حضرت عمر نے فرمایا: "مسلمانوں کی پیٹھ اللہ کی امانت ہے، کسی کو بھی اجازت نہیں کہ وہ ان پر ہاتھ اٹھائے، سوائے اس کے کہ شریعت اس کی اجازت دے۔" پھر حبیب کہتے ہیں: "میں نے خود حضرت عمر کو دیکھا کہ انہوں نے خود اپنے اوپر قصاص نافذ کیا۔"[2]

الشعبی روایت کرتے ہیں:

حضرت عمر نے ایک شخص سے گھوڑا خریدنے کی بات کی، پھر وہ گھوڑا ایک دوسرے شخص کو دے دیا۔ گھوڑا مر گیا۔ پہلے شخص نے کہا: "میرا حق لوٹا دو!" حضرت عمر نے کہا: "ایک فیصلہ کرنے والا مقرر کرو۔" اس نے کہا: "میں شریح کو مقرر کرتا ہوں۔" شریح نے کہا: "امیر المؤمنین! آپ نے یہ گھوڑا سالم لیا تھا، لہٰذا آپ پر لازم ہے کہ اسے صحیح واپس کریں۔" حضرت عمر کو شریح کا فیصلہ اتنا پسند آیا کہ اسے قاضی مقرر کر دیا۔[3]

حضرت عمر اور حضرت ابی بن کعب کے درمیان کھجور کے باغ کا جھگڑا ہوا۔ حضرت عمر نے کہا: "آؤ کسی صحابی کو ثالث بناتے ہیں۔"

انہوں نے حضرت زید بن ثابت کو ثالث بنایا۔ جب حضرت عمر وہاں پہنچے تو فرمایا: "اگر تم مجھے یہاں بلاؤ گے تو یہ ظلم ہوگا!"

پھر عام طریقے پر بیٹھے، قسم کھائی، اور فیصلہ مانا۔ بعد میں باغ حضرت ابی کو ہبہ کر دیا، اور فرمایا: "میں چاہتا تھا کہ لوگ میرے بعد عدل کے لیے قسم کھانے سے نہ ہچکچائیں۔"[4]

## ۲. حضرت عمر کا اپنے خاندان پر عدل

حضرت عمر کے بیٹے عبد الرحمن بن عمر نے حضرت عمرو بن العاص کے دور میں مصر میں نبیذ پی (جس سے وہ نشے میں آ گئے)، اور خود ہی سزا کے لیے حاضر ہو گئے۔ عمرو بن العاص نے انہیں سزا دی۔ حضرت عمر کو جب خبر ملی تو حکم دیا کہ اسے اونٹ پر بٹھا کر مدینہ لایا جائے، اور پھر اسے تعزیر کے طور پر سزا دی۔[5] حضرت عمر نے عمرو بن العاص کو خط لکھا: "اگر میرے گھر کا کوئی فرد تمہارے پاس آئے تو اس کے ساتھ کوئی ایسی نرمی نہ کرنا جو تم کسی عام مسلمان کے ساتھ نہ کرتے، ورنہ میں تمہارے ساتھ وہی سلوک کروں گا جس کے تم مستحق ہو۔"[6]

---

[1] احمد بن حنبل، الزہد، ۶۶۳

[2] عبد الرزاق ((18036))

[3] أخبار القضاة 189/2

[4] تاریخ المدینة ۷۵۵/۲

[5] عبد الرزاق ((17047))

[6] مختصر ابن عساکر 343/18

ایک اور موقع پر حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے ایک نخلستان (باغ) کا تنازع ہو گیا۔ دونوں حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کے پاس گئے۔ حضرت عمر نے وہاں عام شہری کی طرح پیش ہو کر قسم کھائی اور فیصلہ قبول کیا، بعد میں وہ نخلستان حضرت ابی بن کعب کو ہبہ کر دیا، لیکن فرمایا: "میں چاہتا تھا کہ لوگ میرے بعد بھی عدل کی قسم پر قائم رہیں، اس لیے پہلے عدالتی عمل مکمل کروایا۔"

### ۳. غیر مسلموں اور عام رعایا کے ساتھ عدل

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عدل کی وسعت کو پورے اسلامی معاشرے تک پھیلایا۔ ان کے دربار میں مسلمان اور غیر مسلم، سب کو برابری کا حق حاصل تھا۔ مثالیں:

ایک یہودی شخص اور ایک مسلمان کا مقدمہ حضرت عمر کے پاس آیا، اور انہوں نے یہودی کے حق میں فیصلہ دیا۔

ایک باندی پر اس کے آقا نے ظلم کیا تو حضرت عمر نے نہ صرف آقا کو سزا دی بلکہ باندی کو آزاد کر کے فرمایا:

"تو اللہ اور اس کے رسول کی آزاد کردہ ہے۔"

### ۴. گورنروں اور افسران سے بازپرس

حضرت عمر نے اپنی سلطنت کے تمام گورنروں کو سختی سے عدل کا حکم دیا۔ وہ فرمایا کرتے تھے:

"میں تمہیں عوام پر ظلم کے لیے نہیں بھیجتا بلکہ ان کو دین سکھانے کے لیے بھیجتا ہوں۔ اگر کسی نے ظلم کیا تو وہ حج کے موقع پر مجھ سے آ کر اپنا حق لے لے۔ ایک مشہور واقعہ: مصر سے ایک قبطی نوجوان آیا کہ گورنر عمرو بن العاص کے بیٹے نے اسے مارا ہے۔ حضرت عمر نے اسے درہ دیا اور فرمایا: "مارو اس ابن الاکرمین کو!" جب خوب مار لیا تو فرمایا: "اب اس کے باپ کو مارو، کیونکہ بیٹے کو ظلم کا حوصلہ اسی سے ملا۔"

### ۵. عدل کی ترویج اور اصول

حضرت عمر گورنروں سے کہا کرتے:

"میں سالانہ خراج اس وقت تک قبول نہیں کروں گا جب تک دس افراد گواہی نہ دیں کہ اس مال میں کسی پر ظلم نہیں ہوا۔"

حضرت انس بن مالک فرماتے ہیں:

"ہر سال عراق سے لاکھوں درہم آتے، لیکن اس پر پہلے گواہیاں لی جاتیں کہ کسی پر ظلم نہ ہوا ہو۔"

### ۳۔ مساوات: عدل کی جڑواں قدر

اسلام میں مساوات، عدل کی ہم جنس اور ایک عظیم اصول ہے، جس کی بنیادیں قرآن و سنت میں قائم کی گئیں، اور خلافتِ راشدہ کے ابتدائی دور میں اس کے پھل پھول نمایاں ہو گئے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں مساوات ایک قدرتی تسلسل کے ساتھ جلوہ گر ہوئی، جو دورِ رسالت کے نظام کا صاف و شفاف عکس تھا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مساوات کا آغاز اپنی ذات، اپنے گھرانے اور قبیلے سے کیا، پھر گورنروں، عمائدین اور پھر عام رعایا پر اسے نافذ کیا۔ انہوں نے مصر کے گورنر حضرت عمرو بن العاص کو خط لکھا "خبردار! اگر میرا کوئی عزیز تمہارے پاس آئے اور تم اس کے ساتھ کوئی ایسا سلوک کرو جو کسی عام شخص کے ساتھ نہ کرتے، تو میں تمہارے ساتھ وہ کچھ کروں گا جس کے تم اہل ہو!"[1]

جب حضرت عمر نے خلافت سنبھالی تو اپنی ابتدائی خطبے میں فرمایا:

"اگر میرے اور تم میں سے کسی کے درمیان کوئی قضیہ ہو، تو میں تیار ہوں کہ تم جسے چاہو ثالث بنالو تاکہ وہ ہمارے درمیان فیصلہ کرے۔"[2]

### ا۔ مساواۃ کی روشن مثالیں

جب حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے کسی مقدمے میں حضرت عمر کا اختلاف ہوا، تو وہ دونوں حضرت زید بن ثابت کے پاس فیصلہ کے لیے گئے۔ حضرت زید نے احتراماً کہا: "یہاں آئیے، امیر المؤمنین!" حضرت عمر نے فرمایا: "تم نے انصاف کے خلاف پہلا قدم رکھا، میں ایک فریق ہوں، امیر نہیں!" پھر دونوں عام فریق کی طرح بیٹھے۔[3]

### ۲۔ ذاتی مساوات

عام رمادہ (قحط کے سال) کے دوران حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک اونٹ ذبح کرایا تاکہ مفلسوں کو کھلایا جائے۔ ان کے لیے اس کے گوشت کا بہترین حصہ (سُنّبہ یعنی کوہان) لایا گیا تو انہوں نے فرمایا: "افسوس! میں کیسا حکمران ہوں اگر خود تو گوشت کی نرمی کھاؤں اور عوام کو سختی دوں؟ یہ ہٹا لو اور عام سا کھانا لاؤ۔" پھر انہیں روٹی اور تیل پیش کیا گیا۔[4]

حضرت عمر کو جب عتبہ بن فرقد نے اذربیجان سے "خبیص" (ایک قیمتی میٹھا) بھیجا تو واپس کر دیا اور فرمایا: "یہ تمہاری کمائی سے نہیں، نہ تمہارے باپ یا ماں کی کمائی ہے۔ جو تم کھاتے ہو، وہی مسلمانوں کو کھلاؤ۔"[5]

### ۳۔ خدمت گاروں کے ساتھ مساوی سلوک

صفوان بن امیہ نے حضرت عمر کی خدمت میں کھانا پیش کیا، خدام نے کھانا نہیں کھایا۔ حضرت عمر نے وجہ پوچھی، جواب ملا: "ہم انہیں ترجیح دے رہے ہیں۔" حضرت عمر نے شدید ناراضی کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا: "جو لوگ اپنے خدام سے برتری چاہتے ہیں، اللہ ان سے ویسا ہی سلوک کرے!" پھر خدام کو ساتھ بٹھا کر کھانا کھانے کا حکم دیا اور خود نہ کھایا۔[6]

---

[1] ابن الجوزي، مناقب عمر، ص ۲۴۰

[2] حیاۃ الصحابۃ، ج ۲، ص ۳۹

[3] ابن الجوزي، عبد الرحمن بن علي، محض الصواب في فضائل أمير المؤمنين عمر بن الخطاب، ج 3، ص 894۔

[4] طبقات ابن سعد، ج 3، ص 312

[5] ابن ابی شیبہ، مصنف، ج ۷ ص ۲۶۴-۲۶۵

[6] محض الصواب، ج 2، ص 468–469

## ۴۔ قومی وحدت اور نسلی مساوات

حسن بصری بیان کرتے ہیں:

ایک عامل نے عربوں کو عطیہ دیا لیکن موالی (غیر عرب مسلمان) کو محروم رکھا۔ حضرت عمر نے فرمایا: "یہ انسان کے لیے بڑی برائی ہے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کو حقیر جانے۔ کیا تم نے ان میں برابری نہ کی؟!"[1]

## ۴۔ ربّانیت

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے نظامِ حکومت کی ایک بنیادی اور مرکزی قدر "ربّانیت" تھی۔ اس کا مطلب تھا اسلامی تعلیمات اور شعائر کو معاشرتی، سیاسی اور انفرادی زندگی میں پوری طرح نافذ کرنا؛ اسلام کے عقائد، عبادات، اخلاق اور آداب کو مضبوطی سے قائم رکھنا، اور رعایا کے ساتھ شفقت، عدل، عزت اور رحم کا برتاؤ کرنا۔ انہوں نے نہ صرف اسلامی احکام کے نفاذ کی کوشش کی بلکہ رعایا کے دلوں میں اسلامی اخلاق اور اصولوں کو راسخ کرنے کی بھرپور جدوجہد کی۔ اس ربّانی قیادت کا مظہر ان کے قول، فعل اور پالیسیوں میں نمایاں طور پر نظر آتا ہے۔

### ا۔ ربّانیت کے مظاہر

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے خلافت سنبھالنے کے بعد اپنے پہلے خطبے میں فرمایا: ( وإني بعد شدتي تلك أضع خدي على الأرض لأهل العفاف وأهل الكفاف) "اور اب میں اپنی سختی کے بعد، اہلِ قناعت اور عفت والوں کے لیے اپنا رخسار زمین پر رکھنے کو تیار ہوں۔"[2]

اس اعلان سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی ربانی مزاج اور عجز و انکسار کا اندازہ ہوتا ہے۔ ان کی ربّانیت عدل کی ہم پلہ اور اس کی تکمیل تھی۔

### ۲۔ عملی مظاہر

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا دورِ خلافت ہر لحاظ سے دینی تعلیمات کے فروغ کا زمانہ تھا جن میں سے چند نمایاں یہ ہیں:

| | | |
|---|---|---|
| ا۔ نمازوں کا اہتمام | ۲۔ مساجد کی تعمیر | ۳۔ ائمہ اور قاریوں کی تقرری |
| ۴۔ معلمین کی تنخواہیں | ۵۔ حج کی سہولیات | ۶۔ حدود اللہ کا نفاذ |
| ۷۔ رضاکارانہ اسلام کی دعوت | | |

## ۳۔ جاسوسی سے اجتناب

حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ کہتے ہیں:

(حرست مع عمر ذات ليلة، فشب لنا سراج، فأتيناه فإذا باب مجاف وأصوات ولغط، فقال: هذا بيت ربيعة بن أمية وهم الآن شَرْب، فما ترى؟ قلت: أرى أن قد أتينا الذي نهينا عنه، التجسس. قال: فانصرف، وانصرفت معه)[3]

---

[1] أبو عبيد، الأموال، ح574–575

[2] محض الصواب، 2/468–469

[3] المعرفة والتاريخ، ۱/۳٦۸

"میں ایک رات حضرت عمر کے ساتھ پہرہ دے رہا تھا، ہم نے ایک گھر سے روشنی دیکھی اور آوازیں سنیں۔ حضرت عمر نے کہا: یہ ربیعہ بن امیہ کا گھر ہے، لگتا ہے شراب پی رہے ہیں۔ میں نے کہا: ہم جس سے منع کیے گئے ہیں وہی کرنے جا رہے ہیں یعنی تجسس۔ حضرت عمر واپس چلے گئے۔"

### ۴۔ پردہ پوشی اور رحمت

حضرت عمر کے پاس ایک شخص آیا اور کہا کہ اس کی بیٹی جاہلیت میں زندہ دفن ہونے سے بچ گئی، اسلام لائی، بعد میں گناہ کر بیٹھی اور خودکشی کی کوشش کی، لیکن توبہ کے بعد اب ایک نیک زندگی گزار رہی ہے، اور لوگ رشتہ مانگ رہے ہیں۔ کیا میں ان کو یہ سب بتادوں؟

(قَالَ عُمَرُ: أَتَعْمِدُ إِلَى مَا سَتَرَهُ اللَّهُ فَتُبْدِيَهُ؟! وَاللَّهِ، لَئِنْ أَخْبَرْتَ بِشَأْنِهَا أَحَدًا، لَأَجْعَلَنَّكَ نَكَالًا لِأَهْلِ الْأَمْصَارِ! أَنْكِحْهَا نِكَاحَ الْعَفِيفَةِ الْمُسْلِمَةِ)[1]

"کیا تم چاہتے ہو کہ جو اللہ نے چھپایا اسے تم ظاہر کرو؟ اگر تم نے کسی کو یہ بات بتائی تو میں تمہیں لوگوں کے لیے عبرت بنادوں گا۔ اس کو ایک پاکدامن مسلمان عورت کی حیثیت سے بیاہ دو۔"

### ۵۔ حدود کا نفاذ: نرمی اور احتیاط

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے حدود کے نفاذ میں بھی عدل کے ساتھ رحم اور اعتدال کا پہلو غالب تھا۔ حضرت ابو عثمان نہدی بیان کرتے ہیں:

(أُتِيَ عُمَرُ بِرَجُلٍ فِي حَدٍّ، فَأُتِيَ بِسَوْطٍ، فَقَالَ: أُرِيدُ أَلْيَنَ مِنْ هَذَا، فَأُتِيَ بِسَوْطٍ فِيهِ لِينٌ، فَقَالَ: أُرِيدُ أَشَدَّ مِنْ هَذَا، فَأُتِيَ بِسَوْطٍ بَيْنَ السَّوْطَيْنِ، فَقَالَ: اضْرِبْ، وَلَا يُرَى إِبْطُكَ، وَأَعْطِ كُلَّ عُضْوٍ حَقَّهُ۔)

"حضرت عمر کے پاس ایک حد کے مقدمے میں ایک شخص لایا گیا۔ فرمایا: ایسا کوڑا لاؤ جو نرم ہو۔ پھر فرمایا: نہیں، اس سے سخت لاؤ۔ پھر درمیانی درجے کا کوڑا منگوایا اور فرمایا: مارو، لیکن بغل نہ دکھاؤ، اور ہر عضو کو اس کا حق دو۔"[2]

### ٦۔ جھوٹے گواہوں کی سزا

حضرت عمر نے جھوٹے گواہوں کے لیے سخت سزا تجویز کی:

(كَتَبَ عُمَرُ فِي شَاهِدِ الزُّورِ: يُضْرَبُ أَرْبَعِينَ سَوْطًا، وَيُسَخَّمُ وَجْهُهُ، وَيُحْلَقُ رَأْسُهُ، وَيُطَافُ بِهِ، وَيُطَالُ حَبْسُهُ)[۳]

"جھوٹا گواہ چالیس کوڑوں کا مستحق ہے، اس کا چہرہ کالا کیا جائے، سر منڈوایا جائے، شہر میں گشت کرایا جائے، اور قید بھی کی جائے۔"

### ۷۔ غیر مسلموں کے ساتھ رحم

حضرت عمر نے ایک بڑھاپے میں ناتواں اہلِ ذمہ کو دیکھا جو مانگ رہا تھا۔ فرمایا:

"تم نے اس سے جزیہ لیتے لیتے اسے بوڑھا کر دیا، اب جب وہ کام کے قابل نہیں رہا تو مانگنے پر مجبور ہے؟ اس کا جزیہ ختم کرو اور بیت المال سے اسے وظیفہ دو۔"[4]

---

[1] الزھد لھناد، 647/2؛ مصنف عبد الرزاق، رقم 10690؛ محض الصواب، 709/2؛ حیاۃ الصحابۃ، 422/2

[2] مصنف ابن أبي شيبة، 538/6

[3] مصنف ابن أبي شيبة، ۵۳۴/٦

[4] الأموال لأبي عبيد، رقم 119؛ حیاۃ الصحابۃ، 104/2

### ۸۔ وصیتِ ربّانی

اپنی وفات سے قبل حضرت عمر نے جو وصیت کی اس میں فرمایا: "میں اپنے بعد آنے والے خلیفہ کو مہاجرین، انصار، اہلِ امصار، اعراب، اور اہلِ ذمہ کے ساتھ حسنِ سلوک کی نصیحت کرتا ہوں۔"[1]

[1] فتوح البلدان، البلاذري، ص 133–134؛ مجموعة الوثائق السياسية، ص 470

## ۵۔آزادی

آزادی انسانی زندگی کے لیے وہ ہوا ہے جس میں اخلاق، افکار، ضمیر اور اقدار سانس لیتی ہیں۔ یہی وہ فضا ہے جس میں صلاحیتیں نشوونما پاتی ہیں، عزائم ابھرتے ہیں، اور انسانیت کی تخلیقی قوتیں بیدار ہوتی ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دل و دماغ میں یہ اصول نہایت راسخ تھا، اور ان کی خلافت اس کی عملی تصویر تھی۔ ان کا مشہور قول "تم نے کب سے لوگوں کو غلام بنالیا، حالانکہ ان کی ماؤں نے انہیں آزاد جنا تھا؟" اسی فکر کی علامت تھا۔

اسلام نے انسانوں کو نہایت وسیع مفہوم میں آزادی عطا کی۔ اسی آزادی نے اسلامی دعوت کو وسعت بخشی اور فتوحات کے ساتھ ساتھ ریاستِ اسلامیہ کو دنیا کے مظلوموں کے لیے جائے پناہ بنادیا۔ جہاں فارس اور روم کے ظلم سے تنگ اقوام نے اسلام میں عزت، عدل اور کرامت پائی۔

ا۔ جان و دین کی آزادی

اسلام کی تعلیم ہے:

{لَاإِكرَاهَ فِي ٱلدِّينِ }[1] دین میں کوئی زبردستی نہیں۔" اور فرمایا: فَإِن أَعرَضُواْ فَمَاأَرسَلنَٰكَ عَلَيهِم حَفِيظًاإِن عَلَيكَ إِلَّا ٱلبَلَٰغُ }۔" اگر وہ منہ موڑیں تو آپ ان پر داروغہ نہیں؛ آپ کا کام صرف پہنچادینا ہے۔"[2]

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور میں غیر مسلموں کو ان کے دین پر قائم رہنے دیا گیا۔ ان کی عبادت گاہیں محفوظ رہیں، اور انہیں ان کے مذہب کے مطابق زندگی گزارنے کی آزادی دی گئی۔

مثال کے طور پر "عہد عمریہ" میں لکھا ہے:

"یہ وہ امان نامہ ہے جو عبداللہ عمر، امیر المومنین نے اہلِ ایلیا (بیت المقدس) کو دیا۔ ان کی جان، مال، گرجے، صلیب، بیمار، تندرست اور ان کی پوری ملت کو امان دی۔ ان کے گرجوں کو نہ مسکن بنایا جائے گا، نہ گرایا جائے گا، نہ نقصان پہنچایا جائے گا، اور نہ ہی ان کو ان کے دین سے روکا جائے گا۔"[3]

اسی طرح خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے دمشق کے عوام سے عہد کیا:

"میں نے ان کے خون، مال، گرجوں اور شہر کے قلعے کی ضمانت دی، جب تک وہ جزیہ ادا کرتے رہیں۔ ان پر کسی قسم کی زیادتی نہیں ہوگی۔"[4]

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ایک غلام نصرانی تھا جسے وہ بار بار اسلام کی دعوت دیتے، لیکن جب اس نے انکار کیا تو فرمایا: ((لَاإِكرَاهَ فِي الدِّين))— "دین میں زبردستی نہیں۔" —اور پھر اسے آزاد کر دیا۔[5]

---

[1] سورۃ البقرۃ: 256

[2] سورۃ الشوریٰ: 48

[3] مجموعہ الوثائق السیاسیۃ، صفحہ 488۔

[4] مجموعہ الوثائق السیاسیۃ، صفحہ ۴۵۷۔

[5] محض الصواب، جلد 1، صفحہ 39۔

## ۲۔رائے کی آزادی اور حکمران پر تنقید کا حق

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: "مجھے نیکی کا حکم دو، برائی سے روکو، اور مجھے میری ذمہ داری میں نصیحت کرو۔" یہاں تک کہ جب ایک صحابی نے کہا: "اگر ہم آپ میں کجی دیکھیں گے تو تلوار سے سیدھا کریں گے"، تو حضرت عمر نے خوش ہو کر فرمایا: "اللہ کا شکر ہے کہ میری قوم میں ایسے لوگ ہیں۔"[1] ایک عورت نے ان پر مہر کے بارے میں اختلاف کیا تو آپ نے عوام کے سامنے اپنا مؤقف بدل دیا۔

اخلاقی حدود اور آزادی کے دائرے

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے صبیغ بن عسل کو، جو متشابہات میں الجھتا تھا، سزا دی تاکہ عوام گمراہی سے بچیں۔[2]

## ۳۔جان، عزت اور مال کا تحفظ

حضرت عمر رات کو خود گشت کرتے، مظلوموں کو تلاش کرتے، ان کی حفاظت کرتے۔ آپ نے گورنروں کو لکھا: "میں تمہیں لوگوں کی کھالیں چھیلنے یا ان کی عزتیں روندنے کے لیے نہیں بھیجتا۔" قضاۃ کو لکھا: "جب دو فریق آئیں تو کمزور کو پہلے بولنے دو تاکہ اس کا دل مضبوط ہو اور زبان کھلے۔ صلح کو ترجیح دو، جب تک فیصلہ واضح نہ ہو۔"[3]

## ۴۔گھروں کی حرمت اور عدمِ تجسس

حضرت عمر نے ایک رات گشت کے دوران ایک گھر میں گانا سنا اور دیوار پھلانگ لی۔ جب وہ اندر گئے تو شخص نے کہا:

"اے امیر المومنین! میں نے ایک گناہ کیا، آپ نے تین:

۱۔ وَ لَا تَجَسَّسُوْا [4]"اور تجسس نہ کرو"،

۲۔ وَأْتُوا الْبُيُوتَ مِنْ أَبْوَابِهَا وَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ١٨٩ [5]"اور گھروں میں ان کے دروازوں سے داخل ہو"،

۳۔يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَدْخُلُوا بُيُوتًا غَيْرَ بُيُوتِكُمْ حَتَّى تَسْتَأْنِسُوا وَتُسَلِّمُوا عَلَى أَهْلِهَا[6]"کسی گھر میں داخل نہ ہو جب تک اجازت نہ لو۔" حضرت عمر نے معافی دی اور کہا: "اگر تم نیکی کا وعدہ کرتے ہو تو میں چھوڑ دیتا ہوں۔"[7]

---

[1] مصنف عبدالرزاق، حدیث نمبر ۱۸۰۱۰۔

[2] محض الصواب، جلد 1، صفحہ 334۔

[3] اخبار القضاۃ، جلد 1، صفحہ 74تا75۔

[4] الحجرات: ۱۲

[5] سورۃ البقرۃ: 189

[6] النور: ۲۷

[7] حیات الصحابہ، جلد ۲، صفحہ ۴۲۰تا۴۲۱۔

### ۵۔ جائیداد کی آزادی اور تحفظ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جب مسجدِ نبوی کی توسیع چاہی تو حضرت عباس سے گھر مانگا۔ انہوں نے انکار کیا۔ حضرت ابی بن کعب نے ان کے حق میں فیصلہ دیا اور حضرت عمر نے فیصلہ مان لیا۔ بعد میں حضرت عباس نے رضاکارانہ طور پر زمین وقف کر دی۔

جب نجران کے عیسائیوں کو مدینہ سے ہجرت پر مجبور کیا گیا، تو حضرت عمر نے شام اور عراق کے گورنروں کو لکھا: "ان کو زمین دو، جو وہ کاشت کریں وہ انہی کی ملکیت ہو گا۔ ان پر نہ کوئی ٹیکس ہو گا نہ زبردستی۔ مسلمان ان کے ساتھ انصاف کریں۔"[1]

## حضرت عمرؓ کے ماڈلِ آزادی کی پاکستان میں معنویت

اسلامی ریاست میں آزادی محض ایک سیاسی نعرہ نہیں، بلکہ انسانی عزت، وقار اور حقوق کی مکمل ضمانت ہے۔ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے طرزِ حکمرانی نے اس تصور کو نہ صرف واضح کیا بلکہ ایک عملی نظام کی شکل دی۔ پاکستان، جو ایک اسلامی نظریاتی ریاست کے طور پر معرضِ وجود میں آیا، اس آزادی ماڈل کو آج بھی اپنا کر معاشی عدل، سماجی ہم آہنگی، مذہبی رواداری اور انسانی وقار کو محفوظ کر سکتا ہے۔

### ا۔ جان و دین کی آزادی: بین المذاہب ہم آہنگی اور اقلیتوں کے حقوق

حضرت عمرؓ نے اہلِ کتاب کو ان کے دین، عبادت گاہوں اور تہذیب پر قائم رہنے کی مکمل آزادی دی۔

پاکستان میں معنویت:

- آئینِ پاکستان اقلیتوں کو مذہبی آزادی کی ضمانت دیتا ہے، مگر عملی طور پر اقلیتوں کو درپیش مسائل (جبری تبدیلیٔ مذہب، عبادت گاہوں پر حملے) حضرت عمرؓ کے عہد کی روشنی میں قابلِ اصلاح ہیں۔
- عہدِ عمریہ کی پیروی کرتے ہوئے مذہبی اقلیتوں کی عبادت گاہوں کی حفاظت، ان کے دینی شعائر کے احترام اور سماجی مساوات کو یقینی بنایا جانا چاہیے

### ۲۔ رائے کی آزادی اور حکمران پر تنقید کا حق: جمہوری شفافیت

حضرت عمرؓ نہ صرف تنقید کو برداشت کرتے بلکہ اسے خیر خواہی سمجھتے۔

پاکستان میں معنویت:

- حکمرانوں پر تنقید کو ملکی سالمیت کے خلاف بغاوت قرار دینا یا میڈیا و صحافت کو دبانا عہدِ فاروقی کے اصولِ شفافیت کے منافی ہے۔
- ریاست کو چاہیے کہ صحافت، عوامی مباحث اور عدلیہ کو مکمل آزادی دے تاکہ احتساب کا عمل مضبوط ہو۔

### ۳۔ جان، عزت اور مال کا تحفظ: بنیادی انسانی حقوق کا نفاذ

حضرت عمرؓ نے گورنروں کو ظلم و زیادتی سے منع کیا اور قضاۃ کو انصاف میں نرمی و ہمدردی کا درس دیا۔

---

[1] فتوح البلدان، صفحہ 133–134۔

پاکستان میں معنویت:

- پولیس گردی، ماورائے عدالت قتل، اور طاقتور طبقے کا قانون سے بالا ہونا اس اسلامی اصول سے براہ راست متصادم ہے۔
- حضرت عمر کے اصولوں کی روشنی میں، غریب کو فوری، سستا اور باعزت انصاف فراہم کرنے کے لیے نظامِ عدل میں اصلاحات ناگزیر ہیں۔

## ۴۔ گھروں کی حرمت اور عدم تجسس: پرائیویسی کا تحفظ

حضرت عمرؓ نے قرآن کی تعلیمات کی روشنی میں گھریلو زندگی کے تقدس کو تسلیم کیا۔

پاکستان میں معنویت:

- سوشل میڈیا پر ذاتی زندگی کی تذلیل، کردار کشی اور غیر قانونی نگرانی کے بڑھتے ہوئے رجحانات کے خلاف سخت قانونی و اخلاقی ضابطے حضرت عمرؓ کی پالیسی سے ہم آہنگ ہو سکتے ہیں۔
- حکومتی و انٹیلی جنس ادارے بھی ذاتی آزادی اور آئینی حقوق کی حدود میں رہ کر کام کریں۔

## ۵۔ جائیداد کی آزادی اور تحفظ: زمین اور ملکیت کا احترام

حضرت عمرؓ نے زبردستی کسی کی جائیداد نہیں لی، حتیٰ کہ مسجد کی توسیع جیسے نیک مقصد کے لیے بھی۔

پاکستان میں معنویت:

- جبری زمین ہتھیانا، زبردستی زمین خالی کرانا، ناجائز تجاوزات کے نام پر غریبوں کے گھر گرانا — یہ سب فاروقی اصولوں کی صریح خلاف ورزی ہیں۔
- شہریوں کو ملکیت کے تحفظ کی ضمانت دی جائے، خاص کر وہ طبقات جو ریاستی عملداری کی زد میں آتے ہیں۔

## ۶۔ جہاد اور فوجی طاقت

اسلامی ریاست کی بنیاد میں جہاد اور قوت کا ستون نہایت واضح اور مستحکم حیثیت رکھتا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس شعبے کو خاص توجہ دی، مسلسل نگرانی فرمائی، ترقی دی اور مالی و اخلاقی لحاظ سے مسلسل تعاون جاری رکھا۔ کیونکہ ان کے ذمے دو بڑے فرائض تھے: اول، دین کی حفاظت، امت کی سلامتی، اور جان، مال، عزت کا تحفظ؛ دوم، اسلام کی نشر و اشاعت، اور انسانیت کو ظالموں اور جابروں کے تسلط سے نجات دینا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ اسلامی لشکر کے سپریم کمانڈر کے طور پر عمل کرتے تھے۔ وہ لشکری کمانڈر اور ان کے معاونین مقرر کرتے، انہیں ہدایات دیتے، جنگی منصوبہ بندی کرتے، افواج بھیجتے، خطوط و اطلاعات کا تبادلہ کرتے، فتوحات کی نگرانی فرماتے، غنائم تقسیم کرتے اور مجاہدین کے گھرانوں کی خبر گیری فرماتے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عسکری ادارے کو منفرد نظم پر استوار کیا۔ آپ نے اپنے گورنروں کو تحریر کیا: "اپنے بچوں کو تیر اندازی سکھاؤ، اور انہیں حکم دو کہ گھوڑوں پر کودنا سیکھیں"۔ اسی طرح گھوڑوں کی افزائش، تربیت اور ان کا انتظام کیا۔ بصرہ، کوفہ اور مصر جیسے مراکز میں زمینیں مخصوص کی گئیں تاکہ گھوڑے پل سکیں اور مجاہدین کو مہیا کیے جا سکیں۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

(إِنَّ نَاسًا يَأْخُذُونَ مِنْ هَذَا الْمَالِ، يُجَاهِدُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ، ثُمَّ يُخَالِفُونَ وَلَا يُجَاهِدُونَ، فَمَنْ فَعَلَ ذَلِكَ مِنْهُمْ، فَنَحْنُ أَحَقُّ بِمَالِهِ، حَتَّى نَأْخُذَ مِنْهُ مَا أَخَذَ.)[1]— کچھ لوگ بیت المال سے مجاہدین کا مال لیتے ہیں لیکن جہاد سے منہ موڑ لیتے ہیں، جو ایسا کرے ہم اس سے وہ مال واپس لیں گے۔

ابن سعد کی روایت کے مطابق حضرت عمر رضی اللہ عنہ ایک ہی سال میں چالیس ہزار اونٹ مجاہدین کو سوار کرانے کے لیے فراہم کرتے تھے۔[2]
حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے افواج کا باقاعدہ دیوان قائم کیا، حکم دیا کہ فوج کو چار ماہ سے زائد محاذ پر نہ روکا جائے، اور جس کے ماں باپ زندہ ہوں وہ جہاد پر نہ جائے مگر اجازت سے۔ سرحدی چوکیوں اور قلعوں کا قیام، بازاروں اور مساجد کی تعمیر، اور فوجی جانوروں کے لیے چراگاہوں کا انتظام سب اسی نظم کا حصہ تھا۔اسی طرح انہوں نے ہر شہر میں ہنگامی جنگی تیاری کے لیے گھوڑے مخصوص کیے۔ مثال کے طور پر کوفہ میں چار ہزار گھڑ سوار ہمیشہ تیار رہتے۔ موسموں کے لحاظ سے فوجی مہمات کی ترتیب دی، جیسے گرمیوں میں "صوائف" اور سردیوں میں "شواتی" کے نام سے۔ اور تعاقب کا نظام قائم کیا، جس میں ایک فوج دوسری کی جگہ لے کر آتی تاکہ سرحدوں کی نگرانی میں تسلسل رہے۔

**۷۔امانت**

یہ رکن، قوت کا ہم پلہ اور اس کا لازمی تکملہ ہے۔ قرآن کریم نے اس کی اہمیت اس وقت نمایاں کی جب صالح شخص کی بیٹی نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بارے میں رائے دی: {قَالَتۡ إِحۡدَىٰهُمَا يَٰٓأَبَتِ ٱسۡتَـٔۡجِرۡهُۖ إِنَّ خَيۡرَ مَنِ ٱسۡتَـٔۡجَرۡتَ ٱلۡقَوِيُّ ٱلۡأَمِينُ ٢٦}[3]
یعنی: اس نے کہا: "ابا جان! انہیں مزدوری پر رکھ لیجیے، یقیناً بہتر شخص جسے آپ مزدور رکھیں، وہی ہے جو طاقتور بھی ہو اور امانت دار بھی۔"
یہاں امانت سے مراد اس کا وسیع، جامع اور گہرا مفہوم ہے، یعنی حکومت اور ذمہ داری کو مکمل طور پر ادا کرنا۔
یہ بنیاد حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی ریاست میں اپنی پوری آب و تاب سے ظاہر ہوئی، اور یہ امیر المؤمنین، گورنروں، قاضیوں، کمانڈروں، علماء، مجاہدین، عوام اور ریاستی اداروں سب پر یکساں طور پر لاگو ہوئی۔
حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس بھاری بوجھ کو مکمل دیانتداری سے اٹھایا اور اس درجہ پر پہنچے جہاں انسانیت کا تصور بھی مشکل ہے، چہ جائیکہ اس سے آگے بڑھے۔ امانت داری کا یہ عالم تھا کہ وہ اپنے نفس، اپنے اہل خانہ اور اپنے گورنروں پر سختی کرتے، یہاں تک کہ وہ سب ہر عیب سے پاک ہو کر نکلتے۔ان کے نقش قدم پر صوبوں کے گورنر چلے، اپنے نظم و نسق، عوامی سیاست، جان و مال اور عزت کی حفاظت، دین کے دفاع، اس کی اشاعت اور اس کے اصولوں و شعائر کی نگہبانی میں۔
اسی طرح قاضی، بیت المال کے امین، عطیات اور دیوان کے اہلکار، جہاد کے امیر اور عام سپاہی سب نے امانت کو مکمل طور پر ادا کیا۔
جب مدینہ منورہ میں فتوحات سے حاصل شدہ مال اور خزانے آئے، جو کہ دیکھنے والوں کو حیران کر دیتے، تو امیر المؤمنین نے فرمایا: "بے شک یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے امانت ادا کی!" اس پر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: "آپ نے پاک دامنی اختیار کی، تو انہوں نے بھی پاک دامنی اختیار کی۔ اگر آپ عیش و عشرت اختیار کرتے، تو وہ بھی کرتے!" (لقد عففت فعفوا، ولو رتعت لرتعوا)[4]

---

[1] البخاری، قبل حدیث 2970؛ ابن أبي شيبة، جلد 7، ص 608۔ دیکھیں: حافظ ابن حجر، فتح الباری، جلد 7، ص 542۔
[2] ابن سعد، الطبقات الکبری، جلد 3، ص 302
[3] القصص: 26
[4] ((سنن أبي داود، حدیث 2960))

ترجمہ: آپ نے خود پاک دامنی اختیار کی تو وہ بھی پاک رہے، اگر آپ لذتوں میں پڑتے تو وہ بھی پڑ جاتے

یہ وہ بنیادی اصول ہیں جن پر خلافتِ راشدہ کی ریاست قائم ہوئی۔ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور میں یہ نہایت نمایاں اور واضح تھے۔ انہی بنیادوں پر عظیم ادارے قائم کیے گئے، جو آج کے زمانے کی وزارتوں کے مانند ہیں۔

# فصل دوم: خلافتِ فاروقی کے اصول اور پاکستان—ایک نظریاتی ریاست کے لیے رہنما ماڈل

## تمہید

پاکستان محض ایک خطۂ زمین کا نام نہیں بلکہ ایک نظریہ ہے—ایسا نظریہ جو اسلامی تعلیمات پر مبنی عادلانہ معاشرہ قائم کرنے کی بنیاد پر وجود میں آیا۔ برصغیر کے مسلمانوں نے جس نصب العین کی بنیاد پر اپنی الگ ریاست کے لیے جدوجہد کی، وہ محض جغرافیائی آزادی نہ تھی بلکہ ایک ایسی ریاست کا قیام تھا جو اسلامی اصولوں، روحانی اقدار، اور معاشرتی انصاف پر قائم ہو۔ مگر آزادی کے بعد سے اب تک، یہ خواب مختلف وجوہات کی بنا پر تشنۂ تعبیر ہے۔

ایسے میں خلافتِ راشدہ، بالخصوص حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کا دورِ خلافت، پاکستان کے لیے ایک قابلِ تقلید عملی نمونہ پیش کرتا ہے۔ حضرت عمرؓ کے ریاستی ماڈل میں جو سات بنیادی اصول کارفرما تھے—شوریٰ، عدل، مساوات، ربانیت، آزادی، جہاد اور امانت—وہ نہ صرف اسلامی تعلیمات کا جوہر ہیں بلکہ ایک مستحکم، باوقار اور عادلانہ ریاست کے قیام کے لیے آج بھی مکمل طور پر قابلِ اطلاق ہیں۔

پاکستان اس وقت جن مسائل کا شکار ہے—بدعنوانی، ناانصافی، استحصال، ادارہ جاتی کمزوری، مذہبی انتہاپسندی اور سیاسی انتشار—ان سب کا حل ہمیں انہی اصولوں کی روشنی میں تلاش کرنا ہوگا۔ حضرت عمرؓ کی خلافت کا ماڈل ہمیں بتاتا ہے کہ جب قیادت امانت دار ہو، مشاورت مؤثر ہو، عدل بلاامتیاز ہو، آزادی محفوظ ہو، اور جہاد محض عسکری نہیں بلکہ علمی و اخلاقی سطح پر بھی جاری ہو، تو قومیں عروج پاتی ہیں اور دنیا ان کی طرف عدل و انصاف کی تلاش میں رجوع کرتی ہے۔

اس فصل میں ہم یہ جائزہ لیں گے کہ حضرت عمرؓ کے ان سات اصولوں کی روشنی میں پاکستانی ریاست و معاشرہ کن شعبوں میں اصلاح کا محتاج ہے، اور ان اصولوں کو پالیسی سازی، قانون، تعلیم، معیشت اور سماجی عدل کے میدان میں کس طور قابلِ اطلاق بنایا جا سکتا ہے۔ یہ محض ایک تاریخی مطالعہ نہیں، بلکہ ایک فکری دعوت ہے کہ پاکستان کو اس کی اصل روح سے ہم آہنگ کیا جائے—اور وہ روح ہے: خلافتِ فاروقی کا عدل و انصاف پر مبنی اصولی نظام۔

## پاکستان میں شوریٰ کی طرز پر مشاورتی نظام کی معنویت

اسلامی نظریاتی ریاست ہونے کے دعوے کے باوجود، پاکستان میں مشاورت کے نظام کو اکثر صرف نمائشی حیثیت دی گئی ہے۔ فیصلہ سازی کا عمل زیادہ تر مروجہ سیاسی مفادات، خاندانی وابستگیوں، اور پارٹی کی اندرونی طاقت کے تابع ہوتا ہے، نہ کہ علم، دیانت اور عوامی فلاح کے اصولوں کے تحت۔ ایسے ماحول میں حضرت عمرؓ کی شوریٰ ایک مثالی ماڈل فراہم کرتی ہے، جو درج ذیل وجوہات کی بنا پر پاکستان کے لیے انتہائی اہم اور قابلِ تقلید ہے:

### ۱. علم اور دیانت پر مبنی شوریٰ:

حضرت عمرؓ کی شوریٰ میں صرف عمر رسیدہ افراد یا تجربہ کار سیاست دان شامل نہ تھے، بلکہ قراء یعنی قرآن و سنت کے ماہر، دیانت دار، اور بیدار فکر نوجوان بھی شامل ہوتے تھے۔ پاکستان میں اگر پالیسی سازی کے عمل میں صرف طاقتور طبقات یا مخصوص سیاسی خانوادوں کو شامل رکھا جائے گا، تو شفاف اور مخلص فیصلوں کی توقع عبث ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ پاکستان میں مشاورتی ادارے ایسے افراد پر مشتمل ہوں:

- جو علم و تقویٰ میں ممتاز ہوں۔
- جنہیں قانون، معیشت، تعلیم، اور سوشل سائنسز میں مہارت ہو۔
- اور جو سیاسی مصلحتوں سے آزاد ہو کر مشورہ دے سکیں۔

### ۲. متنوع آراء کا احترام اور نوجوانوں کی شمولیت:

حضرت عمرؓ نے ابن عباسؓ جیسے نوجوانوں کو بھی اہم مشوروں میں شریک کیا۔ پاکستان میں نوجوان آبادی کا تناسب ۶۰ فیصد سے زائد ہے، لیکن وہ فیصلہ سازی کے عمل سے دور ہیں۔ فاروقی ماڈل بتاتا ہے کہ نوجوانوں کی علمی، فکری اور تخلیقی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر قومی ترقی کی راہیں ہموار کی جا سکتی ہیں۔

### ۳. خواتین سے مشاورت کا عملی نمونہ:

حضرت عمرؓ بعض اوقات خواتین سے بھی مشورہ لیتے تھے، اور ان کی بات کو وزن دیتے تھے۔ یہ اقدام نہ صرف مشاورت کے دائرہ کار کو وسیع کرتا ہے بلکہ معاشرے کے ہر طبقے کو شامل کرنے کی اہمیت بھی اجاگر کرتا ہے۔ پاکستان جیسے ملک میں جہاں خواتین اکثر پالیسی سطح پر نظرانداز کی جاتی ہیں، یہ رویہ قابلِ تقلید ہے۔

### ۴. شوریٰ کو رسمی ادارے کی بجائے فعال پلیٹ فارم بنانا:

حضرت عمرؓ کی شوریٰ نہ کوئی نمائشی ادارہ تھی، نہ رسمی رائے شماری کا ذریعہ، بلکہ فعال اور آزاد فکری تبادلے کا مرکز تھی۔ پاکستان میں مجالس شوریٰ، پارلیمانی کمیٹیاں، یا ایگزیکٹو کونسلز کو صرف رسمی تقاریر کا فورم بنانے کے بجائے انہیں عملی فیصلہ سازی، پالیسی کی نگرانی، اور احتساب کے موثر ادارے بنایا جائے تو یہ فاروقی حکمتِ عملی کا تسلسل ہو گا۔

### ۵. دینی و اخلاقی بنیاد پر مبنی مشاورت:

حضرت عمرؓ کا ہر مشورہ اللہ اور رسول ﷺ کی تعلیمات کے دائرے میں ہوتا تھا۔ پاکستان میں قانون سازی اور پالیسی سازی میں دینی بنیادوں کو شامل کرنا، محض نعرہ نہ ہو بلکہ ایک اصولی ہدایت ہو، تو یہ قوم کی اخلاقی بنیاد کو بھی مضبوط کرے گا۔

## پاکستان میں عدل وانصاف کی ضرورت: عہدِ فاروقی کے عدل کی روشنی میں

عدل وانصاف اسلامی ریاست کا وہ ستون ہے جس پر پوری عمارت استوار ہوتی ہے۔ حضرت عمر بن خطابؓ کا دور خلافت اس اصول کا زندہ و روشن مظہر تھا۔ انہوں نے نہ صرف انصاف کو ہر سطح پر نافذ کیا، بلکہ خود اپنے آپ، اہلِ خاندان، گورنروں، رعایا، حتیٰ کہ غیر مسلموں اور غلاموں تک پر اسے برابر لاگو کیا۔ اگر پاکستان میں بھی عدل کو اسی فاروقی ماڈل کے مطابق نافذ کر دیا جائے، تو بہت سی معاشرتی، سیاسی اور معاشی برائیوں کا خاتمہ ممکن ہو سکتا ہے۔

### ۱. عدل: پاکستانی ریاست کی بنیاد بنے، نعرہ نہیں

پاکستان کے آئین میں عدل وانصاف کا وعدہ ضرور موجود ہے، مگر عملی طور پر عدالتی نظام اکثر طاقتور کے حق میں، اور کمزور کے خلاف جھکتا نظر آتا ہے۔ حضرت عمرؓ نے عدل کو نعرہ نہیں، زندگی کا ضابطہ بنایا۔ اگر عدل پاکستان میں قانون سازی، احتساب، انتظامیہ، عدلیہ اور معیشت کے ہر دائرے میں داخل ہو جائے تو:

- اداروں پر عوام کا اعتماد بحال ہو گا۔
- سیاسی انتقام کے بجائے اصولی احتساب ہو گا۔
- اقلیتوں اور کمزور طبقات کو تحفظ ملے گا۔
- کرپشن اور اقربا پروری کی جگہ میرٹ کو فوقیت دی جائے گی۔

### ۲. حکمران کا خود احتساب: جواب دہی کی اصل روح

حضرت عمرؓ نے ذاتی طور پر اپنے آپ کو قانون کے تابع رکھا، اور خود پر حد یا قصاص بھی نافذ کیا۔ پاکستان میں حکمران طبقہ اکثر قانون سے بالاتر محسوس ہوتا ہے۔ اگر عدل کا حقیقی نفاذ مطلوب ہے، تو حکمرانوں کو فاروقی اسوہ اپنانا ہو گا:

- اثاثوں، مراعات، اور حکومتی اختیارات کا احتساب ضروری ہے۔
- اقربا پروری اور سفارشی تقرریوں کا خاتمہ۔
- عدالتی احکامات کا یکساں اطلاق، خواہ وہ کسی وزیر یا شہری پر ہوں۔

### ۳. اقلیتوں کے ساتھ برابری کا سلوک

حضرت عمرؓ نے یہودی، عیسائی، اور دیگر غیر مسلم رعایا کے مقدمات میں انصاف کی روشن مثالیں قائم کیں۔ پاکستان میں بھی اقلیتوں کو مساوی شہری حقوق دینے، ان کی عبادات، املاک اور جان و مال کی حفاظت کرنا اسلامی عدل کا تقاضا ہے، جو آئینی شقوں سے زیادہ فاروقی عدل کے ذریعے راسخ ہو سکتا ہے۔

### ۴. عدالتی نظام کی خود مختاری اور سادگی

حضرت عمرؓ نے قاضیوں کو خالصتاً اللہ کے حضور جواب دہ سمجھا اور انہیں حکومتی دباؤ سے آزاد رکھا۔ پاکستان میں عدلیہ کو انتظامیہ سے مکمل علیحدگی، سیاسی اثرات سے آزادی، اور فیصلوں میں جرأت و غیر جانبداری کی ضرورت ہے۔ عدالتی نظام کو:

- مہنگے وکیلوں، طویل تاریخوں، اور پیچیدہ کارروائیوں سے نکال کر آسان بنایا جائے۔
- غریب، ان پڑھ، دیہی اور محروم طبقے کے لیے قابل رسائی بنایا جائے۔

- ضلعی سطح پر فوری انصاف کے مراکز قائم کیے جائیں، جیسے حضرت عمرؓ ہر بڑے شہر میں قاضی مقرر کرتے تھے۔

## ۵. گورنروں، بیوروکریسی اور انتظامیہ پر سخت نگرانی

حضرت عمرؓ حکام اور گورنروں کو ظلم سے روکتے، ان کی بازپرس کرتے، اور رعایا کو ان سے نجات دلاتے تھے۔ پاکستان میں اگر اس روایت کو زندہ کیا جائے، تو:

- پولیس اور بیوروکریسی کے ظلم و اختیارات کے ناجائز استعمال کا خاتمہ ہو۔
- سول سروسز کو عوامی خدمت کا ادارہ بنایا جائے، نہ کہ مراعات یافتہ طبقہ۔
- ہر افسر کے مالی و انتظامی معاملات کی نگرانی ہو، اور حج یا دیگر مواقع پر عوام کی شکایات براہِ راست سنی جائیں، جیسا کہ حضرت عمرؓ نے کیا۔

## ٦. عدل پر مبنی معاشی و مالی پالیسیاں

حضرت عمرؓ نے خراج، زکوٰۃ اور مالِ غنیمت کی تقسیم میں عدل کو بنیاد بنایا، اور گواہی کے بغیر کوئی محصول قبول نہ کرتے۔ پاکستان میں ٹیکس نظام، سبسڈی، بجٹ، اور ترقیاتی اسکیمیں اگر عدل کی بنیاد پر بنائی جائیں تو:

- دولت کا ارتکاز کم ہوگا۔
- طبقاتی تفریق میں کمی آئے گی۔
- ریاستی وسائل سب شہریوں کو مساوی دستیاب ہوں گے۔

## پاکستان میں مساوات کی معنویت: فاروقی ماڈل کی روشنی میں

### ۱. مساوات: آئینی اصول نہیں، عملی رویہ ہونا چاہیے

پاکستان کے آئین میں تمام شہریوں کو برابر حقوق حاصل ہیں، مگر حقیقت میں ذات پات، خاندانی نسبت، سیاسی وابستگی، مالی حیثیت اور نسلی شناخت کی بنیاد پر شدید تفریق موجود ہے۔ حضرت عمرؓ کا نمونہ ہمیں سکھاتا ہے کہ:

- امیر و غریب، عرب و عجم، آزاد و غلام سب کو یکساں عزت و حق ملنا چاہیے۔
- کسی حکومتی یا مذہبی شخصیت کو قانون و اخلاق سے بالاتر نہ سمجھا جائے۔
- حکمران اور عوام ایک ہی صف میں ہوں—سادگی، انصاف اور احتساب میں۔
- پاکستان میں مساوات کو صرف کاغذوں سے نکال کر معاشرتی رویوں اور ریاستی پالیسیوں کا حصہ بنانا ہوگا۔

### ۲. حکمرانوں کے لیے ذاتی سادگی اور مساوات کا نمونہ

حضرت عمرؓ کا طرزِ حکومت دکھاتا ہے کہ مساوات کا آغاز حکمرانِ وقت سے ہوتا ہے۔ آج پاکستان میں اگر:

- حکومتی مراعات، پروٹوکول، اور اخراجات میں کمی ہو۔
- وزراء و بیوروکریٹس عوامی زندگی جیسی زندگی گزاریں۔
- حکومتی اہلکار اپنے بچوں کے لیے وہی معیارِ تعلیم و صحت پسند کریں جو ایک عام پاکستانی کو میسر ہے۔

تو یہ حقیقی مساوات کی طرف ایک انقلابی قدم ہوگا۔

### ۳. طبقاتی تقسیم کا خاتمہ: ایک قوم، ایک معیار

پاکستان میں تعلیمی ادارے، ہسپتال، رہائش، انصاف اور روزگار کے مواقع طبقاتی نظام کے تابع ہیں۔ حضرت عمرؓ نے ہر فرد کو ایک معیار پر پرکھا۔ ان کے طرزِ عمل کی روشنی میں ہمیں چاہیے کہ:

- سرکاری و نجی تعلیم کا معیار یکساں بنایا جائے۔
- علاج اور عدالتی سہولیات کو دولت سے مشروط نہ کیا جائے۔
- اقلیتوں، غریبوں، مزدوروں اور پسے ہوئے طبقات کو سماجی طور پر اونچا مقام دیا جائے۔
- "مساوات" صرف قانونی برابری نہیں، بلکہ معاشرتی انصاف اور عزتِ نفس کا تحفظ ہے۔

### ۴. غیر عرب، غلام اور کمزور افراد کے ساتھ برابری

حضرت عمرؓ نے عرب اور عجم، سرداروں اور خدام، آقا و غلام، اور مرد و عورت کے درمیان فرق کو مٹا دیا۔ ان کے فیصلوں سے یہ سبق ملتا ہے کہ پاکستان میں:

- نسلی یا لسانی تفریق (پنجابی، سندھی، بلوچ، پٹھان، مہاجر) کا خاتمہ ہو۔
- تمام اقوام کو ترقیاتی فنڈز، تعلیم، ملازمت، اور نمائندگی میں برابر حصہ ملے۔
- اقلیتوں کو بھی وہی شہری حقوق ملیں جو اکثریتی آبادی کو حاصل ہیں۔
- قومی یکجہتی کی کنجی فاروقی مساوات میں مضمر ہے۔

## ۵. مزدور، ملازم اور خدمت گاروں کے ساتھ حسنِ سلوک

حضرت عمرؓ نے خدام کے ساتھ برابری کا عملی مظاہرہ کیا، ان کے ساتھ مل کر کھایا، اور ان کی عزت نفس کا تحفظ کیا۔ پاکستان میں:

- گھریلو ملازمین، مزدور، سیکیورٹی گارڈز، ڈرائیورز، اور دیگر کم اجرت طبقات کے لیے لیبر قوانین کو نافذ کیا جائے۔
- ان کی تنخواہ، کام کے اوقات، سوشل سیکیورٹی، اور تحفظات کی مؤثر نگرانی ہو۔
- نجی شعبے اور حکومت مل کر مزدور طبقے کی فلاح کے لیے اقدامات کریں۔

## ۶. اقربا پروری، سفارش، اور سیاسی تعلقات کا خاتمہ

حضرت عمرؓ نے اپنے قریبی رشتہ داروں کو بھی عوام جیسا سلوک دیا، بلکہ ان پر زیادہ سختی کی۔ پاکستان میں اگر:

- تقرریاں، ترقی، داخلے، اور فنڈز صرف میرٹ کی بنیاد پر دیے جائیں۔
- سیاسی یا خاندانی سفارش کی بنیاد پر کوئی رعایت نہ دی جائے۔
- حکمران اپنے قریبی لوگوں کو قانون سے بالاتر نہ سمجھیں۔
- تو عوام میں ریاست پر اعتماد بحال ہو سکتا ہے۔

## پاکستان میں ربّانیت کی معنویت: فاروقی ماڈل کے تناظر میں

### ۱. ربّانیت: دین کو نظامِ حیات بنانے کا نام

حضرت عمرؓ کے طرزِ حکومت میں ربّانیت کا مطلب تھا:

- ذاتی عجز و انکساری اور اللہ سے خوف۔
- قانون سازی اور فیصلہ سازی میں وحی الٰہی کی اطاعت۔
- اخلاق، عبادات، اور معاملات میں دیانت اور رحمت۔

پاکستان کے تناظر میں ربّانیت اس وقت حاصل ہو سکتی ہے جب:

- اسلامی تعلیمات کو آئینی اصول سے عملی پالیسی بنایا جائے۔
- حکمران خود شریعت پر عمل کریں اور دوسروں کے لیے نمونہ بنیں۔
- عوام میں دین سے محبت اور اس پر عمل کا ماحول پیدا ہو۔

### ۲. قیادت میں عجز، عدل اور اخلاق: فاروقی ربّانیت کا جوہر

حضرت عمرؓ نے کہا تھا کہ "میں اپنا رخسار زمین پر رکھنے کو تیار ہوں"، جو ربّانیت کے ساتھ عاجزی، خدمت اور اصلاح کا پیغام ہے۔

پاکستانی قیادت کو چاہیے کہ:

- عوام کے سامنے غرور کے بجائے انکساری اور خدمت پیش کریں۔
- اخلاقی ساکھ کو سیاسی ترجیح پر مقدم رکھیں۔
- صرف اقتدار کی نہیں، احتساب، اخلاق، اور قربانی کی سیاست کریں۔

### ۳. دینی شعائر کا فروغ: اسلام کو زندہ نظام بنانا

حضرت عمرؓ نے نماز، حج، حدود، ائمہ، معلمین، اور قرآن کے نظام کو ادارہ جاتی شکل دی۔ آج کے پاکستان میں:

- مساجد، مدارس، اور دینی تعلیم کو ریاستی سرپرستی دی جائے۔
- امام و خطیب کو سماجی اصلاح اور قومی وحدت کا ستون بنایا جائے۔
- اسکول و کالج میں اسلامی اخلاقیات کو بنیادی نصاب میں شامل کیا جائے۔
- ربّانیت کا مطلب صرف نعرہ نہیں، نظام کی تشکیل ہے۔

### ۴. ریاستی نگرانی میں رحمت، نہ کہ تجسس

حضرت عمرؓ نے تجسس سے گریز کیا، اور فرمایا: "ہم وہی کر رہے ہیں جس سے منع کیا گیا ہے!"

پاکستانی نظامِ قانون و پولیس میں:

- شخصی آزادی، پرائیویسی، اور عزتِ نفس کا تحفظ کیا جائے۔
- مذہب اور اخلاق کے نام پر ریاستی جاسوسی یا انتقام سے پرہیز کیا جائے۔
- عدالتی و انتظامی اداروں کو رحم، درگزر، اور اخلاق کی تربیت دی جائے۔

## ۵. پردہ پوشی اور اصلاح: ربّانیت کا باطنی پہلو

حضرت عمرؓ نے گناہ چھپانے، توبہ کی قدر کرنے، اور معاشرتی قبولیت کا پیغام دیا۔ پاکستان میں:

- توبہ کرنے والوں کو عزت دی جائے، نہ کہ ماضی کا طعنہ۔
- سوشل میڈیا پر شرمندہ کرنے یا پردہ فاش کرنے کی روش کی حوصلہ شکنی ہو۔
- جرم اور گناہ کے درمیان فرق سکھایا جائے—توبہ کی راہ کھلی رہے۔

## ۶. حدود کا نفاذ: حکمت، عدل اور اعتدال کے ساتھ

حضرت عمرؓ نے کوڑے کے انتخاب میں بھی عدل اور توازن دکھایا۔ پاکستان میں:

- اسلامی سزاؤں کو صرف جذباتی نعرہ نہ بنایا جائے، بلکہ علمی، عدالتی اور سماجی اصولوں سے ہم آہنگ کیا جائے۔
- انصاف میں ظلم، زیادتی، اور ذاتی عناد کی آمیزش کو روکا جائے۔
- قانونی عمل میں شفافیت، شہادت کا معیار، اور عدالتی وقار برقرار رکھا جائے۔

## ۷. اقلیتوں، ضعیفوں اور غیر مسلموں کے ساتھ حسنِ سلوک

حضرت عمرؓ نے غیر مسلم ضعیف شخص کا جزیہ معاف کر کے بیت المال سے وظیفہ مقرر کیا۔ پاکستان میں:

- اہلِ ذمہ (اقلیتوں) کو برابر شہری تسلیم کیا جائے۔
- ان کے حقوق، عبادت گاہوں اور جان و مال کا تحفظ اسلامی ذمہ داری سمجھا جائے۔
- بزرگ شہریوں، معذوروں، اور کمزور طبقات کے لیے سماجی تحفظ کو اسلامی فریضہ بنایا جائے۔

## ۸. جھوٹ، کرپشن اور گواہی میں ربانی غیرت

حضرت عمرؓ نے جھوٹے گواہوں کو عبرت ناک سزا دی۔ پاکستان میں:

- جھوٹ، جعلسازی، جھوٹی گواہی، اور کرپشن کے خلاف عملی اقدامات کیے جائیں۔
- عدالتی نظام میں سچ، دیانت، اور تقویٰ کی بنیاد رکھی جائے۔
- میڈیا، عدالت، اور سیاست میں جھوٹ کو گناہ اور جرم دونوں مانا جائے۔

## حضرت عمرؓ کے ماڈلِ جہاد کی پاکستان میں معنویت

### ا۔ قومی سلامتی کا ہمہ جہتی تصور

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ہاں جہاد صرف عسکری سرگرمی نہ تھا، بلکہ دین، امت، جان و مال، اور معاشرے کی حفاظت کا جامع نظام تھا۔

آج کے پاکستان کے لیے سبق:

- قومی سلامتی صرف فوجی طاقت سے نہیں، بلکہ نظریاتی، تعلیمی، اخلاقی اور سماجی میدان میں بھی تحفظ کا تقاضا کرتی ہے۔
- قومی نظریہ (اسلامی و آئینی شناخت) کی حفاظت ریاست کی اولین ترجیح ہونی چاہیے۔

### ۲۔ ریاست کی عسکری تیاری اور نظم و ضبط

حضرت عمرؓ نے جنگی منصوبہ بندی، افواج کی تعیناتی، گھوڑوں کی افزائش، اور باقاعدہ دیوان (رجسٹری) کا اہتمام کیا۔

پاکستان میں:

- دفاعی اداروں کا پیشہ ورانہ نظم، شفاف دیوانی نظام، اور جدید تربیت پر توجہ ہونی چاہیے۔
- عسکری وسائل کی تیاری میں خود انحصاری اور ڈیفنس انڈسٹری کی ترقی ضروری ہے۔

### ۳۔ قوت کا مقصد: ظلم کا خاتمہ اور عدل کا قیام

حضرت عمرؓ کے ہاں جہاد کا مقصد ظالم طاقتوں سے انسانیت کو نجات دینا تھا، نہ کہ جبر یا توسیع پسندی۔

پاکستان کے لیے سبق یہ ہے کہ اپنی عسکری طاقت کو مدافعانہ اور اخلاقی اصولوں پر مبنی رکھنا، دنیا کو پیغام دینا کہ ہماری طاقت امن، انصاف اور آزادی کے لیے ہے۔

### ۴۔ تعلیم و تربیت کے ساتھ عسکری تربیت

حضرت عمرؓ نے بچوں کو تیر اندازی، گھڑ سواری سکھانے کا حکم دیا — یعنی قومی دفاعی شعور بچوں سے شروع کیا۔

آج کا پاکستان:

- اسکول، کالج، یونیورسٹی میں نظریاتی تربیت، جسمانی تربیت اور حب الوطنی کا نصاب ہونا چاہیے۔
- نیشنل کیڈٹ پروگرامز جیسے ادارے فعال ہونے چاہییں۔

### ۵۔ مستقل فوجی تیاری اور رضاکارانہ نظام

حضرت عمرؓ نے ہر شہر میں گھڑ سوار تیار رکھے، تعاقب (روٹیشن) کا نظام بنایا، اور وقت کی تقسیم رکھی (صوائف و شواتی)۔

پاکستان کے لیے رہنمائی:

- ریزرو فورسز، نیشنل گارڈز، اور سٹریٹیجک روٹیشن سسٹم ہونا چاہیے تاکہ ہر وقت تیاری رہے۔
- موسم، جغرافیہ، اور علاقائی حالات کے لحاظ سے دفاعی منصوبہ بندی ہو۔

## حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اصولِ امانت اور پاکستان کے لیے ان کی معنویت

حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے امانت کو اسلامی ریاست کی بنیادوں میں سے ایک بنیادی ستون قرار دیا۔ ان کے نظامِ خلافت میں امانت کا مطلب محض مالی دیانت داری نہیں تھا، بلکہ یہ قیادت، حکومت، عدل، علم، دین اور ہر شعبۂ زندگی میں دیانت داری، ذمہ داری اور وفاداری کو شامل کرتا تھا۔

### ۱: قیادت کی اصل اہلیت: قوت اور امانت

قرآن کریم کی آیت "إِنَّ خَيْرَ مَنِ ٱسْتَـْٔجَرْتَ ٱلْقَوِيُّ ٱلْأَمِينُ" کے مطابق حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے قیادت کے لیے دو بنیادی صفات کو لازم قرار دیا: صلاحیت اور دیانت۔ پاکستان کے تمام اداروں اور قیادت کے انتخاب میں انہی صفات کو معیار بنایا جائے تو کرپشن، نااہلی اور اقرباپروری کا خاتمہ ممکن ہے۔

### ۲: امانت کا وسیع تصور

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے امانت کو صرف بیت المال یا فوج تک محدود نہیں رکھا بلکہ اسے عوامی حقوق، عدلیہ، تعلیم، انصاف، فلاح اور دین کی اشاعت تک وسیع کر دیا۔ پاکستان کے لیے یہ رہنمائی ہے کہ ہر عہدہ دار، ملازم اور شہری اپنی ذمہ داری کو امانت سمجھے۔

### ۳: احتساب کا بے لاگ نظام

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے گورنروں اور خود اپنے آپ کو احتساب کے لیے پیش کیا۔ اگر پاکستان میں احتسابی ادارے مکمل غیر جانبداری اور انصاف سے کام کریں، تو کرپشن اور بداعتمادی کا خاتمہ ہو سکتا ہے۔

### ۴: قیادت کی مثال قوم کے کردار کو بدلتی ہے

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: "آپ نے پاک دامنی اختیار کی تو وہ بھی پاک رہے، اگر آپ لذتوں میں پڑتے تو وہ بھی پڑ جاتے"۔ اس سے یہ رہنمائی ملتی ہے کہ حکمرانوں کے کردار سے قوم کا کردار بنتا ہے۔ پاکستان میں حکمران اگر دیانت، سادگی اور عدل کا نمونہ پیش کریں تو عوام میں بھی یہی صفات پیدا ہوں گی۔

### ۵: اداروں کی دیانت داری

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایسے منظم ادارے قائم کیے جو امانت پر مبنی تھے۔ آج پاکستان میں وزارتیں اور ادارے اسی اصول پر چلائے جائیں تو بدانتظامی اور ناانصافی کا سدباب ممکن ہے۔

### ۶: سماجی عدل اور عوامی خدمت بھی امانت ہے

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عوام کی بھوک، غربت اور مظلومی کو اپنی ذمہ داری سمجھا۔ پاکستان میں فلاحی ریاست کا قیام اسی وقت ممکن ہے جب حکمران عوام کی بنیادی ضروریات کو اپنی ذمہ داری اور امانت سمجھیں۔

### ۷: دین، اقدار اور شعائر کا تحفظ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دین کی تعلیم، اسلامی اقدار اور عدل کے نظام کو محفوظ رکھا۔ پاکستان، جو اسلام کے نام پر قائم ہوا، اس کے لیے لازم ہے کہ اسلامی نظریہ، شعائر اور تعلیمات کی حفاظت کو ریاستی امانت سمجھے۔

# نتائج

1. بحث سے یہ نتیجہ اخذ ہوا کہ حضرت عمرؓ کے نظامِ حکومت میں مشاورت کو بنیادی حیثیت حاصل تھی، جو نمائشی نہیں بلکہ فعال اور بامقصد ہوا کرتی تھی۔

2. حضرت عمرؓ کی طرزِ حکمرانی سے یہ حقیقت سامنے آئی کہ عدل وانصاف کو صرف دعویٰ نہیں بلکہ نظامِ ریاست کی عملی بنیاد بنایا جانا ضروری ہے۔

3. تحقیق سے یہ بات ظاہر ہوئی کہ حضرت عمرؓ خود احتساب، سادگی، اور عوامی خدمت کا عملی نمونہ تھے، جو قیادت کے لیے مثالی صفات ہیں۔

4. حضرت عمرؓ نے عدلیہ کو خودمختار اور عوامی دسترس میں رکھا، جس سے یہ نتیجہ سامنے آتا ہے کہ انصاف تک آسان رسائی نظامِ عدل کا لازمی جزو ہے۔

5. حضرت عمرؓ کی حکمرانی سے یہ نتیجہ اخذ کیا گیا کہ حقیقی مساوات محض نعرہ نہیں بلکہ عملی اقدام سے ممکن ہوتی ہے۔

6. حضرت عمرؓ کی نگرانی اور احتساب کی پالیسیوں سے واضح ہوتا ہے کہ بیوروکریسی کو جواب دہ اور عوامی خدمت گزار بنایا جاسکتا ہے۔

7. تحقیق سے یہ پہلو سامنے آیا کہ حضرت عمرؓ نے دینی شعائر اور اسلامی اقدار کو حکومتی پالیسی کا حصہ بنایا، مگر نرمی اور حکمت کے ساتھ۔

8. حضرت عمرؓ کی سیرت سے یہ بات سامنے آئی کہ قیادت کے لیے دیانت کے ساتھ اہلیت بھی ضروری ہے، اور احتساب کا دائرہ سب پر یکساں ہونا چاہیے۔

9. حضرت عمرؓ کے مالیاتی نظم سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ معیشت میں عدل سے ہی وسائل کی منصفانہ تقسیم ممکن ہوسکتی ہے۔

10. حضرت عمرؓ کے ہمہ جہتی نظمِ حکومت سے یہ بات سامنے آئی کہ قومی سلامتی صرف عسکری نہیں بلکہ نظریاتی، اخلاقی اور سماجی بنیادوں پر بھی قائم ہوتی ہے۔

11. حضرت عمرؓ کی حکمرانی سے یہ نتیجہ اخذ ہوتا ہے کہ ریاست کو کمزور اور محروم طبقات کے تحفظ میں پیش قدم ہونا چاہیے۔

12. حضرت عمرؓ کے عدالتی و معاشرتی اقدامات سے یہ نتیجہ سامنے آیا کہ جھوٹ، جعلسازی اور کرپشن کے خاتمے کے لیے اخلاقی و قانونی اقدام لازم ہیں۔

# سفارشات

1. حضرت عمرؓ ہر فیصلے میں صحابہ سے مشورہ لیتے تھے، اسی طرز پر پاکستان میں ماہرین، علما، نوجوانوں اور خواتین پر مشتمل شوریٰ قائم کی جائے۔
2. حضرت عمرؓ نے عدل کو حکمرانی کی بنیاد بنایا، پاکستان میں بھی تمام قانون و پالیسیوں کی تشکیل عدل، مساوات اور دیانت کی بنیاد پر کی جائے۔
3. حضرت عمرؓ خود کو عوام کے سامنے جواب دہ سمجھتے تھے، اس لیے حکمرانوں کو سادگی، کفایت شعاری اور احتساب پر مبنی ضابطہ اخلاق اپنانا چاہیے۔
4. حضرت عمرؓ نے قاضیوں کو خود مختاری دی اور عام لوگوں کو عدالتوں تک آسان رسائی دی، پاکستان میں بھی فوری انصاف کی عدالتیں اور مفت قانونی سہولتیں فراہم کی جائیں۔
5. حضرت عمرؓ نے ہر شہری کو برابر حقوق دیے، پاکستان میں بھی تعلیم، صحت اور روزگار میں مساوات کے لیے یکساں نظام نافذ کیا جائے۔
6. حضرت عمرؓ ہر گورنر کا احتساب کرتے اور عوامی شکایات سنتے تھے، اسی طرز پر بیوروکریسی پر سخت نگرانی اور شفاف احتسابی نظام قائم کیا جائے۔
7. حضرت عمرؓ نے دین کو زندگی کے ہر شعبے میں نافذ کیا، اس لیے قومی نصاب، میڈیا اور حکومتی پالیسیوں میں اسلامی اقدار کو عملاً شامل کیا جائے۔
8. حضرت عمرؓ دیانت اور صلاحیت دونوں کو منصب کے لیے ضروری سمجھتے تھے، پاکستان میں بھی تمام اداروں میں یہی معیار نافذ کیا جائے۔ حضرت عمرؓ نے اقلیتوں، معذوروں اور کمزور طبقات کے لیے وظائف مقرر کیے، پاکستان میں بھی ان کے تحفظ اور اقربا پروری کے خاتمے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ حضرت عمرؓ نے بیت المال کو عوام کی فلاح کے لیے استعمال کیا، پاکستان میں بھی بجٹ، ٹیکس اور سبسڈی کی تقسیم عدل کے اصول پر ہو۔
9. حضرت عمرؓ نے فوجی طاقت کے ساتھ نظریاتی، تعلیمی اور اخلاقی سلامتی کو بھی اہم سمجھا، پاکستان میں بھی قومی سلامتی کا ہمہ جہتی تصور اپنایا جائے۔ حضرت عمرؓ جھوٹ اور جعلسازی کے سخت خلاف تھے، پاکستان میں بھی جھوٹ، بدعنوانی اور جھوٹی گواہی کے خلاف فوری اور عبرتناک کارروائی کی جائے۔
10. حضرت عمرؓ کی مندرجہ بالا اصلاحات اس بات کی متقاضی ہیں کہ ان میں سے ہر ہر اقدام پر محققین قلم کشائی کریں اور عصرِ حاضر میں عملی تجاویز پیش کریں تاکہ ان سے حقیقی معنوں میں رہنمائی لی جاسکے۔

# فہرست آیات


| نمبر شمار | آیت مبارکہ | آیت نمبر | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| | ٩-سورة التوبة | | |
| ١ | إِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاكِينِ وَالْعَامِلِينَ عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوبُهُمْ وَفِي الرِّقَابِ وَالْغَارِمِينَ وَفِي سَبِيلِ اللَّهِ وَابْنِ السَّبِيلِ فَرِيضَةً مِنَ اللَّهِ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ | ٦٠ | ٢٧ |
| | ٢٤-سورة النور | | |
| ٢ | يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَدْخُلُوا بُيُوتًا غَيْرَ بُيُوتِكُمْ حَتَّى تَسْتَأْنِسُوا وَتُسَلِّمُوا عَلَى أَهْلِهَا | ٢٧ | ١٢٨ |
| | ٤٢-سورة الشورى | | |
| ٣ | { وَأَمۡرُهُمۡ شُورَىٰ بَيۡنَهُمۡ } | ٣٨ | ١٢٣ |
| ٤ | {فَإِنۡ أَعۡرَضُواْ فَمَآ أَرۡسَلۡنَٰكَ عَلَيۡهِمۡ حَفِيظًاۖ إِنۡ عَلَيۡكَ إِلَّا ٱلۡبَلَٰغُۗ } | ٤٨ | ١٣٠ |
| | ٤٩-سورة الحجرات | | |
| ٥ | { وَلَا تَجَسَّسُواْ } | ١٢ | ١٣١ |


# فہرست احادیث


| نمبر شمار | حدیث مبارکہ | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1. | (أن رسول الله ﷺ كتب كتاب الصدقة، فلم يُخْرِجْه إلى عماله حتى قبض، فقرنه بسيفه، فلما قبض عمل به أبو بكر حتى قبض، وعمر حتى قبض) | 19 |
| 2. | (فلم أرَ عبقرياً من الناس يفري فريّه) | 5 |
| 3. | (نَهَى عَنْ صِيَامِ يَوْمِ الْفِطْرِ وَيَوْمِ النَّحْرِ) | 12 |


# فہرست آثار


| نمبر شمار | اثر | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | (أُتي عمر برجل في حد، فأُتي بسوط، فقال: أريد ألين من هذا، فأُتي بسوط فيه لين، فقال: أريد أشد من هذا، فأُتي بسوط بين السوطين، فقال: اضرب ولا يُرى إبطك، وأعط كل عضو حقه) | 128 |

| نمبر شمار | اثر | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 2 | (ارْفَعُوا إِلَيَّ كُلَّ مَنْ حَمَلَ الْقُرْآنَ، حَتَّى أُلْحِقَهُمْ فِي الشَّرَفِ مِنَ الْعَطَاءِ، وَأُرْسِلَهُمْ فِي الْآفَاقِ يُعَلِّمُونَ النَّاسَ) | 28 |
| 3 | (أما بعد ، فإن القضاء فريضةٌ مُحْكَمة ، وسنّةٌ مُتَّبَعَةٌ ، فافْهَمْ إذا أدلي إليك بحجة ، وأَنْفذ الحقَّ إذا وَضَح؛ فإنه لا يَنفَعُ تَكلُّم بحق لا نفاذ له | 30 |
| 4 | (أما والذي نفسي بيده، لولا أن أترك آخر الناس بيانا ليس لهم شيء، ما فتحت علي قرية إلا قسمتها كما قسم النبي ﷺ خيبر، ولكني أتركها خزانة لهم يقتسمونها) | 19 |
| 5 | (أمر عمر ببناء المسجد ، وقال : أَكِنَّ الناس من المَطَر ، وإِيَّاكَ أن تُحمّر أو تُصَفِّر ، فَتَفْتِنَ الناس) | 36 |
| 6 | (إن أهل الشام قد كثروا وربلوا وملؤوا المدائن، واحتاجوا إلى من يعلمهم القرآن ويفقههم؛ فأعنّي يا أمير المؤمنين برجال يعلمونهم) | 17 |
| 7 | (إن كاتبك الذي كتب إليَّ لحن، فاضربه سَوْطاً) | 15 |
| 8 | (إن ناساً يأخذون من هذا المال، يجاهدون في سبيل الله، ثم يُخالفون ولا يجاهدون، فمن فعل ذلك منهم فنحن أحق بماله، حتى نأخذ منه ما أخذ) | 134 |
| 9 | (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ، مِنْ عَبْدِاللّٰه عُمَرَ أَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ إِلَى الْعَاصِيْ بْنِ الْعَاصِيْ، سَلَامٌ عَلَيْكَ، أَمَّا بَعْدُ: أَفَتَرَانِيْ هَالِكاً وَمَنْ قِبَلِيْ وَتَعِيشُ أَنْتَ وَمَنْ قِبَلَكَ؟! فَيَا غَوْثَاهُ، ثُمَّ يَا غَوْثَاهُ، ثُمَّ يَا غَوْثَاهُ) | 41 |
| 10 | (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ، مِنْ عَبْدِاللّٰه عُمَرَ أَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ، مِنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، سَلَامٌ عَلَيْكَ، فَإِنِّيْ أَحْمَدُ إِلَيْكَ اللّٰهَ الَّذِيْ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ، أَمَّا بَعْدُ: أَتَاكَ الْغَوْثُ، فَلَبَّتْ لَبَّتْ، لَأَبْعَثَنَّ إِلَيْكَ بِعِيْرٍ أَوَّلُهَا عِنْدَكَ وَآخِرُهَا عِنْدِيْ) | 42 |
| 11 | (بعثني إليكم عمر بن الخطاب أعلمكم كتاب ربكم وسنتكم) | 16 |
| 12 | (حرست مع عمر ذات ليلة، فشب لنا سراج، فأتيناه فإذا باب مجاف وأصوات ولغط، فقال: هذا بيت ربيعة بن أمية وهم الآن شَرْب، فما ترى؟ قلت: أرى أن قد أتينا الذي نهينا عنه، التجسس. قال: فانصرف، وانصرفت معه) | 127 |
| 13 | (عَقَلْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَحْمِلُ عَلَى ثَلَاثِينَ أَلْفَ بَعِيرٍ كُلَّ حَوْلٍ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَعَلَى ثَلَاثِ مِائَةِ فَرَسٍ، وَكَانَتِ الْخَيْلُ تَرْعَى فِي النَّقِيعِ) | 39 |
| 14 | (عليكم بديوانكم لا تضلوا. قيل: وما ديواننا؟ قال: شعر الجاهلية، فإن فيه تفسير كتابكم ومعاني كلامكم) | 15 |
| 15 | (فلم أرَ عبقرياً من الناس يفري فريّه) | 5 |
| 16 | (قال عمر: أتعمد إلى ما ستره الله فتبديه؟ والله لئن أخبرت بشأنها أحداً لأجعلنك نكالاً لأهل الأمصار! أنكحها نكاح العفيفة المسلمة) | 128 |
| 17 | (قال لي أبو الدرداء: اعدد من في مجلسنا، قال: فجاؤوا ألفاً وست مئة ونيفاً...) | 18 |
| 18 | (كان أبي يعلمنا مغازي رسول الله ﷺ ويعدّها علينا، ويقول: يا بني، هذه مآثر آبائكم، فلا تضيعوا ذكرها) | 15 |
| 19 | (كان بالمدينة ثلاثة معلمين يعلمون الصبيان، وقد عين لهم عمر خمسة عشر درهماً كل شهر) | 15 |

| نمبر شمار | اثر | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 20 | (كتب إلى أبي موسى الأشعري: "مُرْ مَن قِبَلك بتعلم العربية فإنها تدل على صواب الكلام، ومُرْهُم برواية الشعر فإنه يدل على معالي الأخلاق") | 15 |
| 21 | (كتب عمر في شاهد الزور: يُضرب أربعين سوطاً، ويُسَخَّم وجهه، ويُحلق رأسه، ويُطاف به، ويُطال حبسه) | 128 |
| 22 | (لا تأخذ الأكولة، ولا الربَّى، ولا المُرْبي، ولكن خذ الوسط) | 23 |
| 23 | (لقد عففت فعفوا، ولو رتعت لرتعوا) | 134 |
| 24 | (لم يكن على عهد ، كانوا يصلون حول البيت ، حتى كان عمر النبي ﷺ حول البيت حائط فبنى حَوْله حائطاً) | 36 |
| 25 | (اللهم إن كنت تعلم أني أبالي إذا قعد الخصمان بين يدي على من كان الحق، من قريب أو بعيد، فلا تُمهلني طرفة عين) | 32 |
| 26 | ((اللَّهُمَّ لاَ تَجْعَلْ هَلاَكَ أُمَّة مُحَمَّد عَلَى يَدَيَّ) | 43 |
| 27 | (لَئِنْ كَثُرَ الْمَالُ، لَأُفْرِضَنَّ لِكُلِّ رَجُلٍ أَرْبَعَةَ آلَاف: أَلْفٌ لِسَفَرِه، وَأَلْفٌ لِسلَاحِه، وَأَلْفٌ لِأَهْلِه، وَأَلْفٌ لِفَرَسِه وَبَغْلِه) | 28 |
| 28 | (ما أعطى هذه أهلها وهم طائعون، لا تفتنوا الناس) | 23 |
| 29 | (مَن سَرَّه أن يأخذ بالوثيقة من القضاء، فليأخُذ بقضاء عمر فإنه كان يستشير) | 32 |
| 30 | (نِعْمَ الْبِدْعَةُ هَذِه، وَالَّتِي يَنَامُونَ عَنْهَا أَفْضَلُ مِنَ الَّتِي يَقُومُونَ) | 12 |
| 31 | (نَوَّرَ اللَّهُ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَبْرَهُ، كَمَا نَوَّرَ لَنَا مَسَاجِدَنَا بِالْقُرْآنِ) | 13 |
| 32 | (هم رمح الله، وكنز الإيمان، وجمجمة العرب، يُحزون ثغورهم ويمدون الأمصار) | 17 |
| 33 | (والذي بعث محمداً بالنبوة، لو أن عناقاً أُخذت بشاطئ الفرات لأخذ بها عمر يوم القيامة) | 20 |
| 34 | (وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِه، مَا مِنَ النَّاسِ أَحَدٌ إِلَّا لَهُ فِي هَذَا الْمَالِ حَقٌّ أُعْطِيَهُ أَوْ مُنِعَهُ) | 28 |
| 35 | (والله ما أحد أحق بهذا المال من أحد، وما أنا بأحق به من أحد، والله ما من المسلمين أحد إلا وله في هذا المال نصيب إلا عبداً مملوكاً، وكلنا على منازلنا من كتاب الله تعالى وقسمنا من رسول الله ﷺ، فالرجل وبلاؤه في الإسلام، والرجل وقدمه في الإسلام، والرجل وغناؤه في الإسلام، والرجل وحاجته، ووالله لئن بقيت لهم ليأتين الراعي بجبل صنعاء حظه من هذا المال وهو يرعى مكانه) | 22 |
| 36 | (والله ما كنتُ أرى هذا المال يحلُّ لي من قبل أن أليه إلا بحقه، وما كان قط أحرم علي منه إذ وليتُه فعاد أمانتي) | 20 |
| 37 | (وإني بعد شدتي تلك أضع خدي على الأرض لأهل العفاف وأهل الكفاف) | 127 |
| 38 | (وقد آثرتكم بعبد الله بن مسعود على نفسي) | 17 |
| 39 | (ولكم عليَّ أيها الناس خصال أذكرها لكم فخذوني بها: لكم عليَّ أن لا أجتبي شيئاً من خراجكم ولا مما أفاء الله عليكم إلا من وجهه، ولكم عليَّ إذا وقع في يدي أن لا يخرج مني إلا من حقه) | 22 |

# فہرست اعلام



| صفحہ نمبر | العلم | نمبر شمار |
|---|---|---|
| ۱۵ | "ابو موسیٰ اشعری | ۱ |
| ۹۴،۵۵ | ابن حجر | ۲ |
| ۹۸،۱۶ | ابن عباس | ۳ |
| ۱۰۶ | ابن عبدالبر | ۴ |
| ۹۸،۱۸ | ابن عمر | ۵ |
| ۹۸،۶۷،۶۶،۲۱،۱۸،۱۷ | ابن مسعود | ۶ |
| ۱۴۹،۱۹ | أبُوبَكرٍ | ۷ |
| ۵۵ | أبوطالِبِ | ۸ |
| ۸۷ | أبو موسی | ۹ |
| ۱۵۰،۱۵ | أبو موسَیٰ | ۱۰ |
| ۱۷،۱۴ | ابو موسیٰ اشعری | ۱۱ |
| ۶ | ابو ھریرہ | ۱۲ |
| ۶ | ابی بن کعب | ۱۳ |
| ۵۵ | اطمہ بنت رسول اللہ | ۱۴ |
| ۱۶ | انس بن مالک | ۱۵ |
| ۱۷ | بلال بن رباح | ۱۶ |
| ۱۵ | جبیر بن مطعم | ۱۷ |
| ۱۸ | حذیفہ بن یمان | ۱۸ |
| ۱۵۱،۲۳ | الرّاعِی | ۱۹ |
| ۳۴ | ربیعہ بن عثمان | ۲۰ |
| ۵ | رت ابو بکر | ۲۱ |
| ۵ | رت عمر | ۲۲ |
| ۱۶ | ریدہ بن الحصیب | ۲۳ |
| ۶ | زبیر | ۲۴ |
| ۶ | زید بن ثابت | ۲۵ |
| ۱۷ | سعد بن ابی وقاص | ۲۶ |
| ۱۷ | سلمان فارسی | ۲۷ |
| ۱۳ | شام | ۲۸ |
| ۲۱ | شرحبیل بن حسنہ | ۲۹ |
| ۱۲۴،۳۲ | الشعبي | ۳۰ |

| نمبر شمار | العلم | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۳۱ | طلحہ | ۶ |
| ۳۲ | عاص بن وائل | ۷۹ |
| ۳۳ | عامر الشعبي | ۳۲ |
| ۳۴ | عامر الشعبي | ۳۲ |
| ۳۵ | عائشہ صدیقہ | ۱۶ |
| ۳۶ | عباس بن عبد المطلب | ۶ |
| ۳۷ | عبد الرحمن بن عوف | ۳۴،۲۷،۳۴،۷۵،۱۲۷ |
| ۳۸ | عبد اللہ بن عمرو | ۱۴ |
| ۳۹ | عبد اللہ بن مسعود | ۱۵۱،۱۷ |
| ۴۰ | عبد اللہ بن مسعود | ۱۴،۱۷ |
| ۴۱ | عبد اللہ بن مصعب | ۳۴ |
| ۴۲ | عَبْدُ الْمُطَّلِبِ بْنِ هَاشِمٍ | ۵۵ |
| ۴۳ | عبد الرحمن بن عبد القاری | ۲۱ |
| ۴۴ | عبد الرحمن بن عوف | ۶ |
| ۴۵ | عبد اللہ بن ارقم | ۲۱ |
| ۴۶ | عتبۃ بن غزوان | ۳۷ |
| ۴۷ | عثمان | ۶ |
| ۴۸ | عثمان بن حنیف | ۲۱ |
| ۴۹ | عثمان بن عفان | ۱۲،۴۷،۴۸،۱،۱۲،۴۷،۴۸،۵۴،<br>۵۸،۱۰۷ |
| ۵۰ | عثمان بن عمر | ۷۴ |
| ۵۱ | عقیل بن ابی طالب | ۱۵ |
| ۵۲ | علی | ۶ |
| ۵۳ | عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ | ۵۵ |
| ۵۴ | عمر بن الخطاب | ۸،۱۱،۸،۱۱،۱۲،۱۳،۱۶،۳۵،۳۹،<br>۱۱۲،۱۱۴،۱۱۵،۱۱۹،۱۴۵،۱۵۰،۱۵۱،<br>۱۵۲ |
| ۵۵ | عمران بن حصین | ۱۶ |
| ۵۶ | عمرو بن العاص | ۱۳،۲۱،۳۶،۳۷،۳۸،۳۹،۴۰،۴۲،<br>۷۸،۷۹،۱،۲،۱۳،۲۱،۳۶،۳۷،<br>۳۸،۳۹،۴۰،۴۱،۴۲،۴۳،۷۳، |

| نمبر شمار | العلم | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| | | ۷۸،۷۹،۸۰،۸۵،۹۹،۱۰۳،۱۱۲،<br>۱۱۵،۱۱۶،۱۲۴،۱۲۵،۱۲۶،۱۵۰ |
| ۵۷ | عمرو بن العاص | ۲۱،۳۷ |
| ۵۸ | ف | |
| ۵۹ | القُرَشِيُّ | ۵۵ |
| ۶۰ | قُصَيّ بْن كِلَابٍ | ۵۵ |
| ۶۱ | قُصَيّ بْن كِلَابِ بْن مُرَّةَ | ۵۵ |
| ۶۲ | قُصَيّ بْن كِلَابِ بْن مُرَّةَ بْن كَعْبِ بْن لؤَيّ | ۵۵ |
| ۶۳ | مخرمہ بن نوفل | ۱۵ |
| ۶۴ | معاذ بن جبل | ۶۷،۸۷،۹۳،۱۱۰،۱۷۱،۲۱،۴۷،۶۶،<br>۶۷،۸۷،۹۳،۱۱۰،۱،۱۷۱،۲۱،۴۷،<br>۶۶ |
| ۶۵ | معاذ بن جبل | ۶ |
| ۶۶ | معیقیب بن ابی فاطمہ | ۲۱ |
| ۶۷ | هَاشِم بْن عَبْدِ مَنَافِ بْن قُصَيّ | ۵۵ |

# فہرس الاماکن والبلدان


| نمبر شمار | المکان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱ | آذربائیجان | ۵ |
| ۲ | آرمینا | ۵ |
| ۳ | ایران | ۵ |
| ۴ | البصرۃ | ۳۷ |
| ۵ | حران | ۶،۴۰ |
| ۶ | حضرموت | ۲،۷۹،۹۴ |
| ۷ | خَیبر | ۱۹،۱۴۹ |
| ۸ | دمشق | ۱۷،۲،۱۸،۷۹،۸۲،۸۳،۸۴،۹۲، ۹۳،۹۶،۹۹،۱۰۲،۱۳۰ |
| ۹ | روم | ۵ |
| ۱۰ | شام | ۵ |
| ۱۱ | صَنْعَاءَ | ۲۳،۱۵۱ |
| ۱۲ | عمان | ۸۰ |
| ۱۳ | عمواس | ۸۴،۱۰۰،۱۰۱،۱۰۴،۱۱۵ |
| ۱۴ | غطفان | ۱۰۹ |
| ۱۵ | فرما | VII،۴۱،۴۲،۶۰،۷۲،۷۶،۸۴، ۸۵،۱۲۳ |
| ۱۶ | القدس | ۸۳ |
| ۱۷ | المدائن | ۳۷ |
| ۱۸ | مصر | ۵ |
| ۱۹ | نجران | ۱۳۲ |

# مصادر و مراجع


1. ابو نعیم اصفہانی، حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء، مترجم محمد یوسف، کراچی، دارالاشاعت
2. علی بن محمد الجزری، اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ، مترجم عبد الشکور لکھنوی فاروقی، کراچی، المیزان
3. ذہبی، شمس الدین احمد بن عثمان، سیر اعلام النبلاء، بیروت، موسسۃ الرسالۃ
4. نعمانی، شبلی، الفاروق، کراچی، دارالاشاعت
5. الصلابی، علی بن محمد، فصل الخطاب فی سیرۃ عمر بن الخطاب، مترجم شمیم احمد وعبد المعین، ریاض، دار الفرقان
6. الشیخ، عبد الستار، عمر بن الخطاب، دمشق، دار القلم، ۲۰۱۲ء
7. سیف اللہ خالد، سیرت عمر فاروق، لاہور، دار الاندلس،
8. آل عیسی، عبد السلام بن محسن، شہید المحراب الفاروق عمر بن الخطاب، کویت، مرکز البحوث والدراسات
9. ابن جوزی، عبد الرحمن، مناقب امیر المومنین عمر بن الخطاب، بیروت، دار الکتب العلمیہ
10. محمد حسین ہیکل، حضرت عمر فاروق، لاہور، المیزان
11. شاہ ولی اللہ، ازالۃ الخفاء عن خلافۃ الخلفاء، دار القلم
12. خورشید فاروق، حضرت عمر کے سرکاری خطوط، لاہور، پرنٹ لائن پبلشر، ۲۰۱۸ء
13. محمد بن سعد البصری، طبقات ابن سعد، مترجم، عبد اللہ العمادی، کراچی، دارالاشاعت
14. ممتاز احمد سالک، حضرت عمر کی اجتہادی بصیرت اور عصر حاضر، جامعہ پنجاب، لاہور، ۲۰۰۲ء
15. عبد الوہاب، حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا عدل وانصاف اور معاشرے پر اس کے اثرات، کراچی، جامعہ کراچی
16. سعید الرحمن، حضرت عمر فاروق کے عہد میں نظام بیت المال اور اس کا اطلاقی جائزہ، ملتان، بہاء الدین زکریا یونیورسٹی
17. ناظم محمود، حضرت عمر خطاب پر لکھی گئی کتب، لاہور، جامعہ پنجاب